تازہ ترین خبروں کیلئے وزٹ کریں www.dailyhimmat.com.pk

اللہ ھی ھے جو عقل شعور اور ھمت عطا کرتا ھے (حدیث)

ABC CERTIFIED
کوئٹہ مستونگ گوادر راولپنڈی اسلام آباد اور چکوال سے شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت روزنامہ
فون نمبر: 2834643
فیکس نمبر: 2827323

DAILY HIMMAT QUETTA

روزنامہ ہمت کوئٹہ
بانی زمرد حسین (مرحوم)
چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد

جلد نمبر 25 | جمعہ 04 ستمبر 2026ء | 21 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 7 روپے | شمارہ نمبر 324

ذہین طلباء و طالبات کو بین الاقوامی معیار کی تعلیم یقینی بنائی جائیگی، وزیراعظم

دانش یونیورسٹی کی کارکردگی کو روایتی یونیورسٹیوں سے ہٹ کر اور بہترین رکھا جائے، یونیورسٹی کی تعمیر کی معینہ مدت کے ساتھ منصوبے کی تفصیلات آئندہ دو ہفتوں میں مرتب کرکے پیش کی جائیں

یونیورسٹی کے آوٹ ریچ پروگرام میں اس عنصر کو کلیدی اہمیت دی جائے کہ معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کے بچوں کی اس کی آگہی اور رسائی یقینی بنائی جائے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دانش یونیورسٹی میں معاشی طور پر کمزور طبقے کے ذہین طلباء و طالبات کو بین الاقوامی معیار کی تعلیم یقینی بنائی جائے گی، دانش یونیورسٹی کے قیام میں اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ اسکا نظام روایتی یونیورسٹیوں سے ہٹ کر اور بہترین رکھا جائے، یونیورسٹی کی تعمیر کی معینہ مدت کے ساتھ منصوبے کی تفصیلات آئندہ دو ہفتوں میں مرتب کرکے پیش کی جائیں۔ جمعرات کو وزیراعظم محمد

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم محمد شہباز شریف نیپالی سفارت خانے کے دورہ کے موقع پر سیلابی تباہ کاریوں پر تعزیت کر رہے ہیں

صدر، وزیراعظم کا دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر فورسز کو خراج تحسین

بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کو پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی کے خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کا غیر متزلزل عزم لائق تحسین ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے شمالی وزیرستان میں 15

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کچی کنال منصوبے میں تعمیراتی معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، احسن اقبال

احسن اقبال سی ڈی اے کی جانب سے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس کی اراضی کی فراہمی میں تاخیر پر برہم

اگر ایک سرکاری ادارے کے ساتھ اس نوعیت کا طرز عمل اختیار کیا جائے گا تو عام شہریوں کے ساتھ کیا صورتحال ہوگی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے واضح کیا ہے کہ کچی کنال منصوبے میں تعمیراتی معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف ترقیاتی منصوبوں اور اہم عوامی امور پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کچی کنال فیز ٹو کے منصوبے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس کے علاوہ

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

قوم کو اپنے بہادر جوانوں کی صلاحیتوں اور بے مثال جرات پر فخر ہے، محسن نقوی

وزیر داخلہ کا پاک افغان سرحد پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی دراندازی ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشت گرد عناصر ملکی امن کو سبوتاژ کرنے کے درپے ہیں، پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شمالی وزیرستان کے قریب پاک افغان سرحد پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی دراندازی کی مذموم کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کی بندرگاہوں کی استعداد کار میں بہتری کے لئے ورکنگ گروپس بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ٹرانسشپمنٹ بورڈ کے قیام کی منظوری

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

آزاد کشمیر کی ترقی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا، شہباز شریف

آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی خوشحالی ترجیحات میں شامل ہے، امیر مقام سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کے وژن اور رہنمائی کے تحت آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شمالی وزیرستان میں دہشتگردوں کی دراندازی ناکام بنانا سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت کا ثبوت ہے، میر سرفراز بگٹی

پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش ناکام

فتنہ الخوارج کے 15 دہشتگرد ہلاک

فورسز نے پیشہ ورانہ انداز میں دہشتگردوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا، خوارج سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد سکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کیلئے پرعزم ہیں

افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیم کو افغان سرزمین استعمال کرنے سے روکنے میں ناکام رہی ملک میں امن و استحکام کو دہشت گرد سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے تھے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاک افغان سرحد کے قریب فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش ناکام بنادی گئی، فورسز کی کارروائی کے نتیجے میں پندرہ دہشتگرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے اور 15 خوارج کو

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل اور سردار محمد حنیف ملاقات کر رہے ہیں

بلوچ خواتین کی ترقی کے بغیر معاشرے کی حقیقی ترقی ممکن نہیں، ضیا لانگو

حکومت خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں معاشرے میں مزید فعال کردار ادا کرنے کے لیے مواقع فراہم کرنے کے لیے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاءاللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچ خواتین ہماری ثقافت، تعلیم اور

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سکیورٹی خدشات کے باعث ضلع ٹانک میں کرفیو نافذ

تمام داخلی خارجی راستے سیل کر دیے، دیگر اضلاع اور صوبوں سے ضلع کا رابطہ منقطع

ٹانک (این این آئی) سکیورٹی خدشات کے باعث

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

علیم خان سے گورنر بلوچستان کی ملاقات، صوبے کی صورتحال پر گفتگو

این 25 کراچی، کوئٹہ، چمن شاہراہ 415 ارب روپے کا اہم منصوبہ ہے، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مواصلات

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد موجودہ صورتحال کیساتھ پاکستان کے مستقبل پر بھی ہے، سینیٹر اورنگزیب

پاکستان کی عالمی مالیاتی منڈیوں میں واپسی، یورو بانڈ کے ذریعے 3 ارب ڈالر حاصل کرلیے جو پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا بانڈ ٹرانزیکشن ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے سات سے 5 سال اور 10 سالہ یورو بانڈ کے ذریعے مجموعی طور پر

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جنگ ستمبر 1965 کا تیسرا دن

پاک فوج نے عوام کے ساتھ مل کر بھارت کو منہ توڑ جواب دیا

اسلام آباد (این این آئی) ستمبر 1965 کی جنگ کے تیسرے روز پاکستان کی مسلح افواج نے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس طلب

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان، چین میں تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور چین کے درمیان

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فرح عظیم شاہ کے خلاف نازیبا الفاظ پر ضیا لانگو برہم، اسپیکر سے کارروائی کا مطالبہ

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ کی تصویر والے سکے جاری

واشنگٹن (آن لائن) امریکی وزارت خزانہ نے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صوبوں کو فوری طور پر گندم فراہم کی جائے، اسحاق ڈار کی پاسکو کو ہدایت

ملک بھر میں گندم کی وافر دستیابی، قیمتوں میں استحکام اور صارفین کو ریلیف یقینی بنایا جاسکے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے ہدایت کی ہے کہ ای سی سی سے منظور کردہ کوٹے کے مطابق صوبوں کو فوری طور پر گندم فراہم

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ٹیکنالوجی میں آگے بڑھنے کے لئے شعبہ جاتی رکاوٹیں ختم کرنا ہوں گی، شزہ فاطمہ

ریاض (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پمز، غفلت کے مرتکب اہلکاروں کو رعایت نہیں دی جائیگی، وزیراعظم

وزیراعظم کی پمز میں علاج معالجے کی سہولیات اور حفاظتی اقدامات فوری بہتر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف کی

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایک ہی معاملے پر سول اور کریمنل کارروائی ایک ساتھ نہیں چل سکتی، وفاقی آئینی عدالت

سول اور فوجداری کارروائی میں متضاد فیصلوں سے انصاف متاثر ہونے کا خدشہ ہے، دستاویزات کی اصلیت کا فیصلہ سول عدالت کرے گی

عدالت کے مطابق سول عدالت کے فیصلے کے بعد ہی درخواست گزاروں کے خلاف فوجداری یا انتظامی کارروائی شروع کی جا سکے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

مکہ معاہدہ امت کو مضبوط کرنےکی جانب اہم قدم ہے، طاہر محمود اشرفی

سعودی کی سلامتی ہم سب کو عزیز ہے، مکہ معاہدے سے کسی کو خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی ہم سب کو بہت عزیز ہے، مکہ

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بجلی کا شارٹ فال 6 ہزار میگاواٹ سے تجاوز، شہری علاقوں میں 9 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں بجلی کی طلب میں مسلسل اضافے کے باعث بجلی کا شارٹ فال 6

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

گڈانی شپ ری سائیکلنگ 12 ارب کا منصوبہ شروع

گڈانی شپ ری سائیکلنگ کو ہانگ کانگ کنونشن سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے، وزیر بحری امور

منصوبے کے تحت گڈانی کو جدید اور ماحول دوست شپ ری سائیکلنگ مرکز بنایا جائے گا

کراچی (این این آئی) گڈانی شپ ری سائیکلنگ منصوبہ شروع کر دیا گیا۔ وزیر بحری امور جنید انوار کی جدت کاری کے لیے 12 ارب روپے کا

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



اسلام آباد، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان ملاقات کر رہے ہیں

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

5 ستمبر کے دوران بارشوں کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں فلڈنگ کا اندیشہ ہے، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے انتباہ جاری کیا ہے کہ جمعرات کی رات اور 05 ستمبر کے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چاول، چینی، پیاز، آلو کی برآمدات کم ہوگئیں، سینیٹ قائمہ کمیٹی

مسودہ قانون رائے کیلئے وزارت تجارت اور وزارت قانون کو بھجوا دیتے ہیں، چیئرمین قائمہ کمیٹی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ قائمہ کمیٹی میں بتایا

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد ایئرپورٹ پر مشکوک گاڑی کے نہ رکنے پر اہلکاروں کی فائرنگ، 2 کار سوار زخمی

اسلام آباد (این این آئی) نیو اسلام آباد ایئرپورٹ کے مرکزی انٹری پوائنٹ پر مشکوک گاڑی کے نہ رکنے پر سکیورٹی پر متعین عملے نے گاڑی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں کار میں سوار 2 افراد زخمی ہوگئے۔ نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے مرکزی انٹری گیٹ پر اچانک تیز رفتار کار انٹری

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خان کا جیل ٹرائل شروع ہونیوالا ہے، انسداد دہشتگردی عدالت کا عندیہ

کیا پتا اس کیس میں جیل ٹرائل شروع ہوجائے جو میرے پاس زیر سماعت ہے، جج کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان، ایک ٹن 13 کلو گرام آئس برآمد

ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نے 74 ارب مالیت کی منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی

حب (این این آئی) ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس نے 74 ارب سے زائد مالیت کی منشیات بیرون ملک سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ ایکسائز

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردوں کیخلاف کارروائی فورسز کی مہارت کا ثبوت ہے، حنیف عباسی

عوام دشمن کے ہر وار کو ناکام بنانے کے لیے سکیورٹی اداروں کی پشت پر کھڑی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سے بابر خان موسیٰ خیل اور محمد حنیف خان موسیٰ خیل کی ملاقات

ملاقات میں موسیٰ خیل سمیت مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل اور قبائلی رہنما سردار محمد حنیف خان موسیٰ

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

توانائی بحران، دن میں اضافی بجلی سٹور کرنے کیلئے بیٹری انرجی سسٹم کا سہارا لینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) مشرق وسطیٰ تنازع میں شدت کے بعد پاکستان میں ایل این جی بحران کے خدشہ کے پیش نظر حکومت نے توانائی بحران اور لوڈشیڈنگ سے بچنے کیلئے وزارت توانائی نے متبادل پلان پر کام شروع کردیا، دن میں اضافی بجلی سٹور کرنے کیلئے بیٹری انرجی سسٹم کا سہارا لینے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ شمس حمزہ زئی کی صادق عمرانی سے اہم ملاقات

ملاقات کے دوران چیئرمین شمس حمزہ زئی کا مزہ تنگی ڈیم کے تعمیراتی کام کی سست روی پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما اور حلقہ PB-05 لورالائی کے ٹکٹ ہولڈر، چیئرمین شمس حمزہ زئی نے صوبائی وزیر آبپاشی میر

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردوں کو امن اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے نہیں دینگے، بلاول بھٹو

بلاول بھٹو زرداری کا دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین، ہمسایہ ملک کی سرزمین کا استعمال افسوسناک ہے

بلاول بھٹو زرداری نے کارروائی میں بھارتی اسپانسرڈ 15 دہشتگردوں کی ہلاکت پر جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بہادری کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاک افغان سرحد پر دہشتگردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کو امن اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کارروائی میں بھارتی اسپانسرڈ 15 دہشتگردوں کی ہلاکت پر جوانوں کی

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بچوں کی بہتر غذائیت کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا، عطا تارڑ

غذائیت کے فروغ کے لیے سالانہ ایکشن پلان مرتب کیا جائے، وزیر اطلاعات

والدین کو نقصان دہ گھریلو علاج اور گمراہ کن تجارتی دعوؤں سے بچانا ضروری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ بچوں کی بہتر غذائیت کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا، غذائیت

بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو شوکت علی اور جنرل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور وفاقی محکموں کے بلوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حتمی مالکان کی تفصیلات ظاہر نہ کرنے پر 28 ہزار 761 کمپنیوں کو نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں کے حقیقی یا حتمی

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پشاور میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 4 دہشت گرد ہلاک، دھماکہ خیز مواد برآمد

پشاور (این این آئی) پشاور بڈھ بیر میں سی ٹی ڈی نے کارروائی کر کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ماں نے دو ماہ کے بچے کو مبینہ طور پر نالے میں پھینک کر قتل کر دیا

مری (این این آئی) سفاک ماں نے دو ماہ کے بچے کو مبینہ طور پر نالے میں پھینک کر قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق مری کے نواحی گاؤں گوہڑہ میں ایک دلخراش واقعے کے دوران ماں

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سانحہ پمز میں بچ جانیوالی واحد بچی ہسپتال میں زیر علاج، حالت تشویشناک

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پمز ہسپتال میں 14 بچوں کے جاں بحق ہونے کے واقعے میں بچ جانے والی واحد بچی ایزل تشویشناک حالت میں ہسپتال میں زیر علاج ہے، والدین نے

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایف آئی اے، انسانی اسمگلنگ میں ملوث 24 ملزمان گرفتار

ملک بھر میں انسانی اسمگلروں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، ایف آئی اے

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن اسمگلنگ ونگ نے ملک گیر کارروائیاں کرتے ہوئے انسانی اسمگلروں کا گھیرا تنگ کر دیا۔ مختلف

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں نئے یونٹس کے قیام کی حمایت میں آوازیں بلند

مکران اور لسبیلہ پر مشتمل الگ صوبہ قائم ہونے سے علاقے میں روزگار کے مواقع بڑھیں گے

کوئٹہ/گوادر (آن لائن) ملک میں انتظامی ڈھانچے

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ٹیکس کے نظام میں اصلاحات کے ذریعے محصولات میں اضافہ کیا جاسکتا ہے، بلال اظہر کیانی

ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالہ سے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جتنی توجہ دی ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی، وزیر مملکت کا خطاب

کوئی بھی فیصلہ، پالیسی یا مداخلت سے قبل متعلقہ شراکت داروں کو اعتماد میں لیا جائے تاکہ ایسے کسی اقدام، پالیسی پر عمل سہل اپنایا جاسکے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ پاکستان کیلئے اندرونی سطح پر وسائل کو متحرک کرنا وقت کی ضرورت ہے، ٹیکس کے نظام میں اصلاحات کے ذریعہ محصولات میں اضافہ کیا جاسکتا ہے، نجی شعبہ کے

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

شیری رحمان کا دہشتگردوں کی بدامنی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے دہشتگردوں کی بدامنی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمن

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سکیورٹی کی آڑ میں مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت پر ڈاکہ ڈالنے کی سازش

سرینگر (این این آئی) سکیورٹی کی آڑ میں مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت پر ڈاکہ ڈالنے کی سازش

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

یوم دفاع پر شوبز ستاروں کا وطن سے محبت کا اظہار

فنکاروں نے یوم دفاع و شہدا کو قومی یکجہتی کے عزم کی تجدید قرار دیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) یوم دفاع و شہدا کے موقع پر پاکستانی شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی معروف شخصیات نے وطن سے محبت کا اظہار کرتے

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

بھارتی حمایت یافتہ دہشتگردوں کو خوشحالی کے سفر میں رکاوٹ ڈالنے کی اجازت نہیں دینگے، گیلانی

یوسف رضا گیلانی کا پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

قائم مقام صدر نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاوشیں جاری رہیں گی

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد پر بھارت کی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کے جواں سال بیٹے کے انتقال پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاءاللہ لانگو اور سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ایران پر امریکی حملوں میں 18 افراد جاں بحق، 142 زخمی

جاری کیے گئے ان اعداد و شمار کی آزاد ذرائع سے فوری طور پر تصدیق نہیں ہو سکی

تہران (آن لائن) ایران کی وزارت صحت نے کہا ہے کہ 30 اگست سے 2 ستمبر کے دوران امریکی حملوں میں کم از کم 18 افراد جاں بحق اور 142 زخمی ہوئے ہیں۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کی رپورٹ کے مطابق زخمی ہونے والوں میں 44 بچے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومبنگ سرچ آپریشنز

101 افراد اور 67 گھرانوں کی چیکنگ، مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع پولیس کو دینے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی دارالحکومت میں جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پولیس کی جانب سے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ ژوب ڈیرہ اسماعیل خان شاہراہ کو مکمل کرنے کا عزم کا اعادہ

شاہراہ کی تکمیل سے بلوچستان کے عوام کو ملک کے دیگر صوبوں کی بڑی تجارتی منڈیوں تک تیز، محفوظ اور آسان رسائی حاصل ہوگی

مضبوط مواصلاتی رابطے ہی بلوچستان کو قومی معیشت، خطے کی تجارت اور سینٹرل وجنوبی ایشیا کی بڑی منڈیوں سے موثر طور پر جوڑنے کی بنیاد بن سکتے ہیں

اسلام آباد+کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں استحکام پاکستان پارٹی کے صدر اور وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان کے درمیان "گورنر بلوچستان اور وفاقی وزیر مواصلات کی اہم نشست اور بلوچستان کے شاہراہ منصوبوں کی تکمیل ہنگامی بنیادوں پر کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس دوران چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور وفاقی سیکرٹری

بقیہ 43 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس

علماء کرام اور وفاق المدارس کے نمائندے پولیو مہم کی کامیابی کیلئے ضلعی انتظامیہ اور ٹیموں کیساتھ بھرپور تعاون کریں

کوئٹہ(خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے حوالے سے وفاق المدارس کے نمائندوں اور دیگر علماء کرام کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی کوآرڈینیٹر انعام الحق، وفاق المدارس کے نمائندوں، پولیو پروگرام کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری پولیو مہم کے دوران مدارس

بقیہ 7 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

عوام کی بلاتفریق خدمت اور مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے، سید ظفر علی آغا

سیاست کا مقصد ذاتی مفادات نہیں بلکہ عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل ہونا چاہیے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پروفیسر تاتره اچکزئی کے خلاف مبینہ طور پر وارنٹ گرفتاری جاری

بقیہ 11 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 12 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہارڈ بلوچستان کے زیر اہتمام این ای ڈی کے تعاون سے خواتین کی غیر رسمی ضلعی اسمبلی ڈبلیو آئی ڈی اے کے اجلاس کے موقع پر خواتین کا گروپ فوٹو

خواتین کو محفوظ ماحول کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

ڈاکٹر ربابہ بلیدی سے اے آئی جی پولیس کی ملاقات، بلوچستان میں خواتین کے تحفظ، حقوق کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا

پولیس سمیت تمام متعلقہ اداروں میں جینڈر حساسیت کے حوالے سے استعداد کار بڑھانے سے خواتین کے اعتماد میں اضافہ ہوگا

کوئٹہ(خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے جمعرات کو یہاں اے آئی جی پولیس (جینڈر) اسرار احمد عمرانی نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں خواتین کے تحفظ، حقوق کے فروغ، صنفی بنیادوں پر تشدد کی روک تھام اور خواتین کے لیے مؤثر قانونی و ادارہ جاتی معاونت کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران خواتین کو درپیش مسائل، پولیس کے نظام میں جینڈر حساسیت کے فروغ اور خواتین سے متعلق شکایات کے مؤثر اور فوری ازالے کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بات چیت ہوئی۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین کو محفوظ، باوقار اور سازگار ماحول کی فراہمی حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل

بقیہ 45 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سریاب روڈ پر ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے دکاندار زخمی، ملزمان فرار

کوئٹہ(یو این اے) تھانہ شہید محمود الرحمن سریاب کے علاقے کلی ہنگوئی سریاب روڈ پر موٹر سائیکل سوار دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر دکاندار سے پچیس ہزار روپے چھین لیے اور مزاحمت کرنے پر فائرنگ کرکے اسے زخمی کر دیا۔ زخمی ہونے والے دکاندار کی شناخت 25 یا 26 سالہ کلیم اللہ ولد محمد بخش قوم کرد سکنہ کلی ہنگوئی کے نام

بقیہ 25 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نصیر آباد میں گیس کمپریسر پھٹنے سے ایک ہی خاندان کے ماں اور 2 بچے جاں بحق

تین روز تک زندگی اور موت کی کشمکش کے بعد ماں، بیٹا اور بیٹی بھی دم توڑ گئے

نصیر آباد(یو این اے) نصیر آباد کے علاقے ابو کالونی میں گیس کمپریسر پھٹنے کے افسوسناک واقعے میں ایک ہی خاندان کے تین معصوم بچوں اور ان کی والدہ سمیت چار افراد جاں بحق ہوگئے، جبکہ بچوں کے والد شاہد علی شدید زخمی حالت میں زیر علاج ہیں۔ ذرائع کے مطابق شاہد علی ابو کے گھر میں اچانک گیس کمپریسر پھٹ گیا، جس کے نتیجے میں

بقیہ 26 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ایم ڈی (TEVTA-B) کا ایشیائی ترقیاتی بینک کے ساتھ اہم اسٹریٹجک اجلاس

کوئٹہ(خ ن) ایم ڈی (TEVTA-B) کا ایشیائی ترقیاتی بینک کے ساتھ اہم اسٹریٹجک اجلاس منیجنگ ڈائریکٹر لی-ٹیوٹا، عبدالکبیر زرکون نے بلوچستان میں ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (TVET) کے شعبے کی ترقی اور اسے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

غیر رجسٹرڈ ملک پاؤڈر و ناقص انفینٹ فارمولا دودھ کیخلاف کریک ڈاؤن

کریک ڈاؤن کے دوران، 22 مراکز کو جرمانہ، 29 کو اصلاحی نوٹس، 2 یونٹس سیل

کوئٹہ(آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے ہمراہ غیر رجسٹرڈ، غیر لیبل شدہ اور ناقابل سراغ ملک پاؤڈر و انفینٹ فارمولا کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن جاری ہے۔ کوئٹہ، خضدار، حب، صحبت پور اور لورالائی سمیت مختلف اضلاع میں کارروائیوں کے دوران 22 فوڈ مراکز کو جرمانے، 29 کو اصلاحی نوٹسز جاری جبکہ 2 یونٹس سیل کیے گئے۔ کوئٹہ میں جاری خصوصی مہم کے دوران 54 فوڈ یونٹس کی

بقیہ 27 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

لورالائی کے قبائلی معتبرین ملک عبدالرحیم اتمانخیل حاجی عبدالرشید ملک عبدالرحیم حاجی شکور اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

بیف دفتر کوئٹہ میں روڈ سیفٹی آگاہی سیشن کا انعقاد

کوئٹہ(آن لائن) بلوچستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ (بیف) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد ماندائی نے کہا ہے کہ انسانی جانوں کا تحفظ اور محفوظ سفری اصولوں سے آگاہی ہر ذمہ دار ادارے کی ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے۔ انہوں نے روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ٹریفک قوانین کی پابندی اور ذمہ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حالیہ امریکی حملوں میں 18 افراد شہید، 142 زخمی ہوئے، ایرانی وزارت صحت

امریکی حملوں میں جاں بحق ہونے والوں میں 2 خواتین اور ایک بچہ بھی شامل ہے، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت صحت کے ترجمان حسین کرمانپور نے بتایا ہے کہ ایران پر حالیہ امریکی حملوں کے نتیجے میں 18 افراد شہید اور 142 زخمی ہوئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حسین کرمانپور نے بتایا کہ امریکی حملوں میں جاں بحق ہونے والوں میں 2 خواتین اور ایک بچہ بھی شامل ہے۔ ترجمان کے مطابق زخمی ہونے والوں میں 61 خواتین اور 44 کم عمر افراد شامل ہیں، جن کی عمریں 18 سال سے کم ہیں۔ دوسری

بقیہ 32 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ سے معروف بلوچی شاعر سلیم بزگ کی ملاقات

اورماڑہ(خ ن) اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت سے معروف بلوچی شاعر سلیم بزگ نے ملاقات کی اور اپنا شعری مجموعہ "پول چنیں جاڑ" تحفے کے طور پر پیش کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر اور ایڈیشنل ہیلتھ آفیسر

بقیہ 33 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں فورسز کیساتھ ہے، سید صادق آغا

دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کیلئے قومی اتحاد اور موثر حکمت عملی ناگزیر ہے، رہنما پی ٹی آئی

کوئٹہ(یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے پشین اور چاغی میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کے دوران سکیورٹی فورسز کے دو اعلیٰ افسران سمیت 8 جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ، افسوس اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت

بقیہ 36 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ہمت کوئٹہ / مستونگ
پرنٹر و پبلشر نادر حسین زمرد نے روزنامہ ہمت کوئٹہ / مستونگ قلات پرنٹنگ پریس کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ ہمت بلیلی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
چیف ایڈیٹر: نادر حسین زمرد
081 - 2005129
081 - 2011314
نیوز سیکشن: 081-2834643
فیکس آفس: 081-2827323

ضلعی انتظامیہ کا نوشکی کے کسی بھی علاقے کو خالی کرنے سے متعلق فیصلے سے لاعلمی کا اظہار

محکمہ داخلہ کی جانب سے تاحال اس بارے کوئی ہدایات یا نوٹیفکیشن نہیں ملی

کوئٹہ(آن لائن) ضلعی انتظامیہ کا نوشکی کے کسی بھی علاقے کو خالی کرنے سے متعلق فیصلے سے لاعلمی کا اظہار محکمہ داخلہ کی جانب سے تاحال اس بارے کوئی ہدایات یا نوٹیفکیشن نہیں ملی نوشکی کے متعدد علاقوں کی آبادی دو ماہ کے لیے منتقل کا امکان سوشل میڈیا پر علاقہ خالی کرنے کے خبروں کے چلنے کے بعد علاقہ مکینوں میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے سیکورٹی ذرائع کے نام سے منسوب سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر کے مطابق ماہ ستمبر کے دوران نوشکی کے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ نے حلف اٹھالیا

سلطان محمد خان نے نومنتخب کابینہ سے حلف لیا، ملازمین کے مسائل حل کرائیں گے، نصیب اللہ بازئی

کوئٹہ(آن لائن) سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ کی تقریب حلف برداری منعقد کی گئی، جس میں آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر سلطان محمد خان، مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالستار، ایجوکیشن سیکرٹری عبدالعلیم خان، عبدالستار جونیئر، شاہنواز زہری، منظور احمد بلوچ سمیت مختلف ٹریڈ یونین نمائندوں نے شرکت

بقیہ 2 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پورے کیچ کو بلاجواز پورے تربت شہر کو یرغمال بنایا گیا، ڈاکٹر مالک بلوچ

تمام شاہراہیں لوگوں کی آمدورفت کے لیے بند کردیے گئے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ(آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے سکیورٹی فورسز کی جانب سے ٹیچنگ ہسپتال تربت کے ڈاکٹروں کی تذلیل کرنے اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چار دنوں سے پورے کیچ کو بلاجواز پورے تربت شہر

بقیہ 3 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

تھانہ عبدالخالق شہید کے عملے نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ(آن لائن) تھانہ عبدالخالق شہید کے عملے نے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز تھانہ عبدالخالق شہید کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے انور اور اسماعیل کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے ان کے خلاف کارروائی شروع کردی۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار حفیظ کا بلاک شناختی بحال کروادیا

کوئٹہ(این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار حفیظ کا بلاک شناختی بحال کروادیا گیا۔ درخواست گزار حفیظ نے بتایا کہ انکا شناختی کارڈ بغیر کسی وجہ کے بلاک کردیا گیا تھا۔ جس کی بحالی کے لیے وہ متعدد بار نادرا کے دفتر گئی ثبوت پیش کیے، کمیٹی میں پیش ہوئی لیکن ان کا مسئلہ حل

بقیہ 8 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صلاح الدین نورزئی کا قتل بڑا سوالیہ نشان ہے، سینیٹر کامران

قاتلوں کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے لاپتہ بیٹے کی بازیابی کے لیے بھی موثر اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ/اسلام آباد(یو این اے) جمعیت وکلا فورم پاکستان کے مرکزی صدر سینیٹر کامران مرتضیٰ ... ہوئے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں

بقیہ 5 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بھی نامعلوم مسلح ڈاکو مسافروں سے لاکھوں روپے اور موبائل فون لوٹ کر فرار

بقیہ 9 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

لہڑی ہاؤس میں ممتاز ٹرانسپورٹر قبائلی رہنما میر فیروز لہڑی کی برسی کے موقع پر قرآن خوانی کے بعد لنگر تقسیم کیا جارہا ہے

خواتین کی غیر رسمی ضلعی اسمبلی کا اجلاس، خواتین کونسلرز نے عوامی مسائل اجاگر کردیے

کوئٹہ(آن لائن) خواتین کی غیر رسمی ضلعی اسمبلی (ڈبلیو آئی ڈی اے) کا اجلاس محکمہ صحت و دیہی ترقی کی جانب سے نیشنل اینڈومنٹ فار ڈیموکریسی (این ای ڈی) کے تعاون سے منعقد ہوا، جس میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کونسلرز نے شرکت کرتے ہوئے اپنے حلقوں میں خواتین

بقیہ 4 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سندھ کی تقسیم کی بات بھی نہ کی جائے، صوبہ متحد تھا اور متحد رہے گا، مراد علی شاہ

نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کے خلاف قرارداد منظور، ایم کیو ایم کا واک آؤٹ

کراچی(آن لائن) سندھ اسمبلی نے صوبے میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کے مطالبات کو مسترد کرتے ہوئے ان کے خلاف قرارداد کثرت رائے سے منظور کرلی، جبکہ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے دوٹوک الفاظ میں خبردار کیا ہے کہ قومی اسمبلی میں سندھ کو تقسیم کرنے کی بات بھی نہ کی جائے۔ سید مراد علی شاہ نے سندھ اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ ایک متحد صوبے کی حیثیت سے پاکستان میں شامل ہوا تھا اور اس کی تقسیم کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ نے پاکستان کے قیام میں تاریخی

بقیہ 41 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی سے اغواء دو مقامی گورنمنٹ کنٹریکٹرز سمیت تین افراد بازیاب ہوکر گھر پہنچ گئے

ڈیرہ مراد جمالی(این این آئی) جھل مگسی سے اغواء ہونے والے دو مقامی گورنمنٹ کنٹریکٹرز سمیت تین افراد بازیاب ہوکر گھر پہنچ گئے پولیس حکام کے مطابق سول روز قبل پولیس تھانہ نئی جھل مگسی کے حدود نشور کے ایریا میر ظفر مگسی کریش پلانٹ سے نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر دو مقامی گورنمنٹ کنٹریکٹرز کو انکی گاڑی اور ڈرائیورز

بقیہ 6 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

سندھ انتظامی طور پر کولیپس کرچکا، علی خورشیدی

ہم بٹوارہ نہیں، انتظامی یونٹس اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی چاہتے ہیں، اپوزیشن لیڈر

کراچی(آن لائن) سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے رہنما علی خورشیدی نے کہا ہے کہ سندھ کی تقسیم کے معاملے پر پیپلز پارٹی نے قومیتوں کو ایک دوسرے کے خلاف کھڑا کرنے اور لسانی تفریق پیدا کرنے کی کوشش کی، تاہم ان کی جماعت سندھ کا بٹوارہ نہیں چاہتی بلکہ انتظامی یونٹس کے قیام اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کی بات کررہی ہے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی خورشیدی نے سندھ اسمبلی میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس سے متعلق بحث کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی کے رہنما

بقیہ 42 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

زیارت میں سیاحتی اور مقامی آبادی کی بہترین سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے

بقیہ 44 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے عوام کو امن سے، نوجوانوں سے روزگار چھین لیا گیا ہے، مولانا ہدایت الرحمن

بقیہ 13 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

کوئی ملک ایران کی مدد نہ کرے، امریکی وزیر خارجہ کی پابندیوں کی دھمکی

واشنگٹن(این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے خبردار کیا ہے کہ کوئی ملک ایران کو امریکی پابندیوں سے بچنے یا آمدنی حاصل کرنے میں مدد نہ کرے، بصورت دیگر امریکا ایسے ممالک پر بھی پابندیاں عائد کرسکتا ہے۔ مارکو روبیو نے امریکی ٹی وی کے ساتھ حالیہ انٹرویو کے دوران کہا کہ اگر کسی ملک نے بھی ایران کو امریکی پابندیوں سے بچانے اور آمدنی حاصل کرنے کے لیے سہولت فراہم کی تو امریکا ان ممالک پر بھی پابندیاں عائد کرے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ٹیچنگ ہسپتال تربت میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کا احتجاج، او پی ڈی کا بائیکاٹ جاری

ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف نے سیکیورٹی انتظامات، راستوں کی مبینہ بندش اور طبی عملے کے ساتھ ناروا رویے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ناروے نے روسی بحری جہاز قبضے میں لے لیا

یوکرینی توانائی کمپنی کے 22.4 ارب ڈالرز معاوضے کے دعوے پر روسی بحری جہاز قبضے میں لیا گیا ہے۔ گزشتہ ماہ ناروے کی عدالت نے روسی جہاز ضبط کرنے کی اجازت دی تھی۔ روس نے ... عدالت نے روس کو یوکرینی کمپنی کو معاوضہ ادا کرنے کا حکم دیا تھا تاہم عدالتی حکم کے باوجود روس نے رقم ادا نہیں کی تھی۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق اب روس

بقیہ 14 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حاجی صلاح الدین نورزئی کا بہیمانہ قتل حکومت کی ناکامی ہے، غفار خان

حکومت اور متعلقہ ادارے عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام نظر آرہے ہیں

کوئٹہ(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات غفار خان کاکڑ نے کوئٹہ کے علاقے مسلم آباد میں ممتاز تاجر حاجی صلاح الدین نورزئی کو نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید کیے جانے کے واقعے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک بے گناہ اور معزز شہری کا دن دیہاڑے قتل انتہائی افسوسناک، قابل مذمت اور صوبے میں امن وامان کی بدترین صورتحال کی عکاسی کرتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں آئے روز قتل، اغوا، ٹارگٹ کلنگ اور

بقیہ 15 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

تاجر صلاح الدین نورزئی کی شہادت قابل مذمت ہے، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

صوبے کے مختلف علاقوں میں بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا اور دیگر جرائم کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے

کوئٹہ(این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کوئٹہ کے علاقے مسلم آباد میں ممتاز تاجر حاجی صلاح الدین نورزئی کو نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید کیے جانے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک اور تشویشناک قرار دیا ہے۔ پارٹی کے مذمتی بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا اور دیگر جرائم کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

جھل مگسی سے چند روز قبل اغوا کیے جانے والے دو ٹھیکیداروں سمیت ڈرائیور بازیاب

جھل مگسی(یو این اے) چند روز قبل مسلح افراد کی جانب سے اغوا کیے گئے دو ٹھیکیداروں سمیت ڈرائیور کو اغوا کاروں نے رہا کردیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق جھل مگسی سے چند روز قبل مسلح افراد نے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور، جماعت اسلامی کی کال پر دوسرے روز بھی مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال، کاروباری مراکز بند رہے

صحبت پور(یو این اے) صحبت پور میں جماعت اسلامی کی مرکزی کال پر شٹر ڈاون ہڑتال کے باعث شہر کے تمام چھوٹے بڑے کاروباری مراکز دوسرے روز بھی مکمل بند رہے۔ سابق ضلعی امیر اور

بقیہ 18 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نوشکی میں مبینہ زیادتی کے بعد قتل بچی کا پوسٹ مارٹم مکمل

بچی کے جسم پر تشدد اور چوٹ کے نشانات بھی پائے گئے ہیں موت دم گھٹنے سے ہوئی تین ملزمان گرفتار

نوشکی(یو این اے) بلوچستان کے ضلع نوشکی کے علاقے احمد وال میں مبینہ جنسی زیادتی اور تشدد کے بعد قتل کی گئی کمسن بچی کا پوسٹ مارٹم سول سنڈیمن اسپتال کوئٹہ میں مکمل کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق بچی کی عمر 6 سے 7 سال کے درمیان ہے، جبکہ پوسٹ مارٹم کے ابتدائی نتائج میں موت کی وجہ دم گھٹنا بتائی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بچی کے جسم پر تشدد اور چوٹ کے نشانات بھی پائے گئے ہیں۔ سول اسپتال کے ذرائع کے مطابق بچی کے جسم سے حاصل کیے گئے نمونے مزید تجزیے کے لیے پنجاب کی فرانزک لیبارٹری، لاہور بھجوائے جائیں گے،

بقیہ 19 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بدامنی پھیلانے والے انسانیت کے دشمن ہیں مولانا محمد طاہر توحیدی

عوام کے جان و مال کے تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے حمید بلوچ محمد ابراہیم ترین

کوئٹہ(آن لائن) آل پارٹیز کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کا اہم اجلاس الجمعیت ہاس میں زیر صدارت جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات وامیر نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی مولانا محمد طاہر توحیدی منعقد ہوا اجلاس میں کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی مغربی بائی پاس ہزار گنجی منڈی شریف آباد چوک سے ہزار گنجی چورنگی تک بدامنی کے واقعات پر سخت تشویش کا اظہار کیا اور پولیس انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ عوام کے جان و

بقیہ 22 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

حب، ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس کی بڑی کارروائی، 74 ارب روپے مالیت کی منشیات سمگلنگ ناکام

حب(یو این اے) ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس بلوچستان ساؤتھ زون نے حب کے علاقے گڈانی میں تاریخی کارروائی کرتے ہوئے عالمی مارکیٹ میں 74 ارب 19 کروڑ روپے مالیت کی 1,013 کلوگرام خالص آئس برآمد کرکے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

نصیر آباد زیر تعمیر میڈیکل کالج کے منصوبے کے حوالے سے اہم جائزہ اجلاس

نصیر آباد میڈیکل کالج تین فیزز پر مشتمل منصوبہ ہے، جس میں اہم فیز عمارت کی تعمیر ہے، عامر عزیز

نصیر آباد(خ ن) نصیر آباد ڈویژن میں زیر تعمیر میڈیکل کالج کے منصوبے کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل اور انجینئر میر محمد مینگل سمیت متعلقہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں پروجیکٹ ڈائریکٹر انجینئر عامر عزیز مگسی نے منصوبے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ نصیر آباد میڈیکل کالج تین فیزز پر مشتمل منصوبہ ہے، جس میں اہم فیز عمارت کی تعمیر ہے، جبکہ دیگر مختلف کمپونٹس بھی تعمیر کیے جائیں گے۔ انہوں نے

بقیہ 29 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد رینج کی زیر صدارت آرڈرلی روم کا انعقاد

ملازمین نے ذاتی اور محکمانہ مسائل کے حوالے سے پیش ہوئے، آرڈرلی روم پولیس ملازمین کے درخواستوں پر موقع پر ہی اہم فیصلے

کوئٹہ(آن لائن) ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد رینج کامران نواز پنجوتھا نے کہا ہے کہ پولیس اپنے فرائض کی بجا آوری کو یقینی بناتے ہوئے خود احتسابی پر سختی سے عملدرآمد کرکے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنا رہی ہے اس لئے ایک اہلکار کی ایک سال کی انکریمنٹ کٹوتی جبکہ ایک اہلکار کا شوکاز نوٹس خارج کرنے کے علاوہ 4 اہلکاروں کے تبادلے کی درخواستوں پر عمل کرتے ہوئے احکامات جاری کردیے یہ بات انہوں نے اردلی روم کے موقع پر

بقیہ 23 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

شیرانی سے ژوب جاتے ہوئے پولیس کے دو اہلکار لاپتہ، موبائل فون نمبر بھی بند

شیرانی(یو این اے) شیرانی پولیس کے دو اہلکار اے ایس آئی عبدالمالک ناصر اور حوالدار امجد تین روز قبل شیرانی سے ژوب جاتے ہوئے لاپتہ ہوگئے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق یہ واقعہ مسافر بس سے سواریوں کو اتارنے کے دن پیش آیا

بقیہ 39 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر ژوب کی کرنل شاہد بلال کے ہمراہ پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کا دورہ

تمام ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، افضل الرحمن کبدانی

ژوب(خ ن) ڈپٹی کمشنر ژوب افضل الرحمن کبدانی نے کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال کے ہمراہ پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں مختلف سرکاری دفاتر کی تعمیراتی سرگرمیوں اور جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے تعمیراتی کام کے معیار، رفتار اور منصوبے کی مجموعی پیش رفت کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام اور تعمیراتی اداروں کو ہدایت کی کہ کام میں مزید تیزی لائی جائے اور تمام تعمیراتی مراحل کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کرنے کے لیے موثر

بقیہ 31 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پی پی پی کے رہنما صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ پارلیمانی لیڈر صادق عمرانی کیخلاف مذمتی قرارداد پیش ہونے کے بعد اسمبلی میں اظہار خیال کررہے ہیں

پنجھی پور، اسسٹنٹ کمشنر ظہیر احمد بلوچ کا پٹرول پمپس کا دورہ

پنجھی پور(یو این اے) اسسٹنٹ کمشنر پنجھی پور ظہیر احمد بلوچ نے شہر کے مختلف پیٹرول پمپس کا اچانک دورہ کرکے پٹرول اور ڈیزل کے نرخ چیک کیے۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف پیمانوں اور نرخ کا تفصیلی جائزہ لیا، تمام پیٹرول پمپس پر نرخ مقررہ

بقیہ 38 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، سعید الرحمن کاکڑ

پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں موذی مرض سے محفوظ بنایا جاسکے

بارکھان(خ ن) ڈسٹرکٹ پولیو اریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں 21 سے 24 ستمبر 2026 تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کی تیاریوں اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO)، ڈسٹرکٹ سپورٹ آفیسر (DSO)، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DDHO)، تمام یونین کونسل میڈیکل آفیسرز (UCMOs) سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پولیو ٹیموں کی تشکیل، مائیکرو پلان، فیلڈ مانیٹرنگ، سیکیورٹی انتظامات اور پانچ

بقیہ 34 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ملک وقوم پر مسلط حکمران حکمت اور بصیرت سے محروم ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

ناقص پالیسیوں کے باعث ملک وقوم مسلسل مصائب و مشکلات سے دوچار ہیں

کوئٹہ(این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق کی زیر صدارت ضلعی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام تحصیلوں اور یونٹوں کی جانب سے اپنی تنظیمی کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں اجلاس میں جماعت کو مزید فعال، منظم اور متحرک بنانے، تنظیمی دوروں کو نتیجہ خیز بنانے، کمزور و غیر فعال یونٹوں کی تنظیمی فعالیت بحال کرنے اور جماعتی نظم و ضبط کو

بقیہ 40 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

زیارت کراس کے قریب ڈی سی ہرنائی کے سکواڈ پر فائرنگ، پولیس سپاہی زخمی

پشین(یو این اے) زیارت کراس کے قریب نامعلوم افراد کی جانب سے ڈی سی ہرنائی کے سکواڈ کی گاڑی پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب ڈی سی ہرنائی کو کوئٹہ پہنچانے کے بعد سکواڈ کی گاڑی واپس

بقیہ 37 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

ڈائریکٹر جنرل گوادر کا ینگ جان والی بال اینڈ فٹسال گراؤنڈ کا دورہ

دورے کے دوران میر گلکتی انٹر ایجوکیشنل انسٹیٹیوٹ اسپورٹس فیسٹیول 2026 کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

گوادر(خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے ینگ جان والی بال اینڈ فٹسال گراؤنڈ کا دورہ کیا اور جی ڈی اے کی جانب سے حال ہی میں مکمل کیے گئے گراؤنڈ کی تعمیر و توسیع اور تزئین و آرائش کے کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ میر دودا خان مری، سیاسی و سماجی شخصیت اور ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن کے صدر میر ارشد گلکتی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران ینگ جان والی بال اینڈ فٹسال گراؤنڈ میں آئندہ دو روز کے دوران منعقد ہونے والے میر گلکتی انٹر

بقیہ 35 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

یوم دفاع عہد وفا اور شجاعت کا دن ہے، فیصل جمالی

افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں دشمن کی کسی بھی جارحیت اور ناپاک سازش کا مقابلہ قومی اتحاد، عزم اور حوصلے کے ساتھ کیا جائے گا

دشمن کی کسی بھی جارحیت اور ناپاک سازش کا مقابلہ قومی اتحاد، عزم اور حوصلے کے ساتھ کیا جائے گا، سرحدوں کا دفاع پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے

گنداخہ(یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ایک ایسا ناقابل فراموش دن ہے جب افواج پاکستان کے بہادر جوانوں نے بے مثال شجاعت، جرات اور حب الوطنی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مادر وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کے

بقیہ 46 صفحہ نمبر 6 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ میں اہم اصلاحات، جدید نظام متعارف

رپورٹ
سمیرا راجپوت

سیکریٹری لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان ***محمد صلاح بلوچ*** نے ڈائریکٹوریٹ جنرل اینیمل ہیلتھ اینڈ ایکسٹینشن سروسز کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں ڈائریکٹر جنرل ***ڈاکٹر محمد فاروق ترین*** نے انہیں محکمے کی کارکردگی، جانوروں کی بیماریوں سے بچاؤ، جدید ویٹرنری فراہمی بہتر بنانے کے لیے صوبے کے مختلف اضلاع میں ***موبائل ویٹرنری یونٹ ویٹز*** فراہم کی گئی ہیں۔ محکمہ کے مطابق مجموعی طور پر 77 موبائل یونٹس میں سے 44 یونٹس 2024 سے 2026 کے دوران تقسیم کیے جا چکے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں FAO کے تعاون سے مؤثر

Health **Animal** (AHIS) System Information**

DHIS ... One Health Laboratory

ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے سپریم کورٹ بار کے امیدواروں اور سپریم کورٹ کے نئے وکلاء کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ سے صدر میر عطاء اللہ لانگو، نامزد صدر سید امجد شاہ، ایم عارف اعوان اور عصمت اچکزئی خطاب کر رہے ہیں

نال بازار میں بھیک مانگنے والوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ

کوئٹہ (آن لائن) نال بازار میں بھیک مانگنے والے خواتین، بچوں اور دیگر افراد کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے، جس کے باعث دکانداروں اور عام شہریوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ بازار میں خریداری کے لیے آنے والے شہریوں اور دکانداروں سے بار بار بھیک طلب کرنے کے باعث لوگوں کو مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ بھیک مانگنے والوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باعث بازار کا ماحول بھی متاثر ہو رہا ہے، جبکہ بعض افراد دکانداروں اور شہریوں کو بار بار تنگ کرتے ہیں۔ اس صورتحال کے باوجود نال انتظامیہ کی جانب سے تاحال کوئی مؤثر اقدام نظر نہیں آ رہا۔ شہریوں اور تاجروں نے نال انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بازار میں بھیک مانگنے والوں کی آمد کے حوالے سے صورتحال کا جائزہ لیا جائے اور ایسے اقدامات کیے جائیں جن سے دکانداروں اور شہریوں کو بلاوجہ کی پریشانی سے نجات مل سکے۔

پارلیمانی سیکرٹری سردارزادہ صمد خان گورگیج سے رکن صوبائی اسمبلی ملک محمد نعیم خان بازئی ملاقات کر رہے ہیں

نیوکلی کے مکین پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، فوری فراہمی کا مطالبہ

کوہلو (آن لائن) ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو میں نیوکلی کے مکینوں نے ایک پرہجوم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوہلو شہر کے قریب واقع گنجان آباد علاقے نیوکلی کے رہائشی گزشتہ کئی سال سے پینے کے صاف پانی کی شدید قلت کا سامنا کر رہے ہیں اور پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علاقہ مکینوں کا کہنا تھا کہ گزشتہ سال تنگ آبشار سے پانی کو بڑی رقم خرچ کر کے کوہلو شہر تک لانے کا منصوبہ شروع کیا گیا تھا، تاہم بدقسمتی سے نیوکلی کے مکین اس منصوبے کے باوجود پانی کی سہولت سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیوکلی شہر کے قریبی اور گنجان آباد علاقوں میں شمار ہوتا ہے، مگر یہاں کے مکین بنیادی سہولت، خصوصاً پینے کے پانی، سے محروم ہیں۔ پانی کی عدم دستیابی کے باعث خواتین، بچوں اور بزرگوں سمیت تمام مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں نے ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دمڑ، کمانڈنٹ میوند بریگیڈ نصیر احمد اور محکمہ پبلک ہیلتھ کے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ نیوکلی میں فوری طور پر پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے

چھتر، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول احسان علی کھوسہ بنیادی سہولیات سے محروم

اسکول میں پینے کے پانی، بجلی اور واش روم کی عدم دستیابی، والدین اور علاقہ مکینوں کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

چھتر (یو این اے) گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ بنیادی سہولیات سے محروم، بچیاں مشکلات کا شکار تفصیلات کے مطابق ضلع نصیرآباد کی تحصیل میر حسن خان کھوسہ میں قائم گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث مسائل کا شکار ہے، سکول میں پینے کے پانی، بجلی اور واش روم کی سہولت میسر نہیں، جبکہ فرش بھی جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، جس کے باعث طالبات کو تعلیم کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے سکول میں زیر تعلیم بچیوں کے لیے بنیادی ضروریات پوری نہ ہونے کے باعث تعلیمی ماحول متاثر ہو رہا ہے۔ شدید گرمی کے موسم میں بجلی اور پانی کی سہولت نہ ہونا طالبات کے لیے مزید مشکلات پیدا کر رہا ہے، جبکہ واش روم کی عدم دستیابی بھی ایک اہم مسئلہ ہے سکول کے مختلف حصوں کا فرش ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے باعث بچیوں کو بیٹھنے اور آمد و رفت میں دشواری پیش آتی ہے۔ والدین اور علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ بچیوں کو بہتر اور محفوظ تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے سکول میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے اہل علاقہ نے محکمہ تعلیم اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ کا فوری طور پر معائنہ کرایا جائے اور سکول میں پینے کے صاف پانی، بجلی، واش روم اور نئے فرش سمیت دیگر ضروری سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ طالبات بلا رکاوٹ اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں علاقہ مکینوں نے امید ظاہر کی ہے کہ حکام مسئلے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے عملی اقدامات کریں گے اور سرکاری سکول میں زیر تعلیم بچیوں کو بنیادی تعلیمی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں گے۔

محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے فلاحی منصوبوں پر عملدرآمد جاری

فریدآباد (آن لائن) عوامی خدمت کے سلسلے میں محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے فلاحی منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کے تحت مختلف پروگرامز کے ذریعے مستحق افراد، مریضوں اور خصوصی افراد کو سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ محکمہ سوشل ویلفیئر صحبت پور کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے لیے مختلف منصوبوں پر عملی کام جاری ہے

اوتھل: جامعہ فیضان حبیبیہ لاکھڑا میں عظیم الشان پروگرام کا انعقاد

اوتھل — لاکھڑا (نمائندہ) ہر سال کی طرح اس سال بھی جامعہ فیضان حبیبیہ صدیقیہ صدوری تحصیل لاکھڑا میں ایک عظیم الشان پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت حضرت علامہ و مولانا قاضی محمد صدیق مسور حبیبی، زیرِ سرپرستی سردار عبدالحکیم مسور، زیرِ نگرانی محمد صالح مسور اس پُرنور پروگرام میں خصوصی خطاب دلنواز حضرت علامہ و مولانا قاضی محمد اسماعیل قریشی صاحب نے شانِ مصطفیٰ کے موضوع پر فرمایا جس میں سادات کرام و مہمان ... حافظ رسول بخش نعیمی، حافظ غلام حیدر نعیمی، حضرت علامہ و مولانا محمد رفیق نعیمی، حضرت علامہ و مولانا محمد اکرم سلیمانی، علامہ و مولانا تاج محمد طاہری مسور، مولوی احمد رضا صدیقی، مولوی محمد شریف طاہری، علامہ و مولانا محمد امین طاہری، علامہ و مولانا محمد عمر طاہری، مولوی محمد افضل حبیبی، مولوی عبدالعلیم سلیمانی، مولوی عبداللہ عرف سائیں بابو طاہری، حضرت علامہ و مولانا مفتی حنیر احمد رضوی،

حافظ عبدالرشید نعیمی، حضرت علامہ و مولانا شیر دل نعیمی، مولوی خلیل احمد نعیمی، مولوی محمد رحیم سلیمانی، قاری عبدالواحد عطاری، قاری بشیر احمد عطاری، حافظ محمد جان نعیمی، فیض محمد سلیمانی، مولانا غلام قادر طاہری مسور اور دیگر کثیر تعداد میں عاشقانِ رسول نے شرکت کی آخر میں درود و سلام کی فضاء گونج اٹھی آخر میں لوگوں میں لنگر عام تقسیم کیا گیا۔

لسبیلہ میں امن وامان بہتر بنانے کیلئے مؤثر اقدامات جاری ہیں، نجیب اللہ پندرانی

جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، منشیات اور گٹکا ماوا کا خاتمہ پولیس کی اولین ترجیح ہے

اوتھل (رپورٹ/حنیف چنہ) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نے کہا ہے کہ لسبیلہ میں امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، لسبیلہ ایک پرامن ضلع ہے اور اس کے روایتی امن کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا۔ جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، جبکہ منشیات سمیت تمام معاشرتی برائیوں کا خاتمہ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چیئرمین تپی پریس کلب اوتھل شفیق ... راست ان سے ملاقات کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منشیات جیسی معاشرتی برائی اور دیگر جرائم کے خاتمے کے لیے بھرپور کارروائی کی جائے گی۔ پولیس اور میڈیا کا چولی دامن کا ساتھ ہے، صحافی معاشرتی برائیوں اور جرائم کی نشاندہی کریں۔ لسبیلہ پولیس قانون کے مطابق بھرپور کارروائی کرے گی۔ ایس ایس پی نے کہا کہ پولیس اہلکار عوام کے ساتھ اچھے برتاؤ سے پیش آئیں۔ عوام سے کسی قسم کی زیادتی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تھانے داری ایسے ...

صحبت پور کے سرکاری اسکولوں میں مفت کتب اور وردیاں من پسند طلبا میں تقسیم کیے جانے کا انکشاف

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور کے سرکاری اسکولوں میں حکومت کی جانب سے فراہم کردہ اسکول کی وردیاں اور مفت درسی کتب مستحق طلبا کے بجائے مبینہ طور پر من پسند افراد میں تقسیم کر دی گئی ہیں، جس کے باعث غریب طلبا ان سہولیات سے محروم رہ گئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق تحصیل پنہور سہوری کے علاقے گورنا ڑی اور اس سے ملحقہ روڈ پر قائم اسکولوں کے دورے اور صورتحال سے ظاہر ہوتا ہے کہ محکمہ تعلیم کی مبینہ غفلت کے باعث ... سرکاری تعلیمی انتظام تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے اور نجی اسکولوں کا زور بڑھتا جا رہا ہے۔ مفت کتب اور یونیفارم کی غیر منصفانہ تقسیم کی وجہ سے غریب اور نادار طلبا حصول تعلیم سے مایوس ہو کر اسکول چھوڑنے کا سوچ رہے ہیں۔ سماجی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اس ناانصافی کا نوٹس لے کر غریب طلبا کے حقوق کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ بنیادی سہولیات سے محروم

چھتر (این این آئی) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ بنیادی سہولیات سے محروم، طلبہ مشکلات کا شکار تفصیلات کے مطابق ضلع نصیرآباد کے علاقے میں قائم گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ عرصہ دراز سے بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا کر رہا ہے، سکول میں تدریسی سرگرمیوں کے لیے ایک اضافی کمرے، واش روم، پینے کے پانی اور عمارت کی مرمت کی ضرورت ہے، جس کے باعث طلبہ اور اساتذہ کو مشکلات کا سامنا ہے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول احسان علی کھوسہ میں ... علاقوں کے تعلیمی ادارے بنیادی سہولیات سے محروم ہیں ان کا کہنا ہے کہ بچوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے صرف اساتذہ اور کتابوں کی فراہمی کافی نہیں بلکہ سکولوں میں مناسب عمارت، کلاس رومز، واش روم، صاف پانی اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی بھی ناگزیر ہے۔

اوتھل: گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں جشنِ عید میلاد النبی کی پروقار تقریب، طلبہ کی نعت خوانی اور سیرت طیبہ، اخلاق مصطفیٰ کے موضوعات پر تقاریر اور مقررین بھی خطاب کر رہے ہیں

اوتھل: گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول میں جشنِ عید میلاد النبی کی پروقار تقریب

طلبہ نے سیرتِ طیبہ، اخلاقِ مصطفیٰ اور عشقِ رسول کے موضوعات پر تقاریر بھی کیں

اوتھل (نمائندہ) گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں جشنِ عید میلاد النبی کی پروقار تقریب تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل کے پرنسپل محمد سلیم سرپرہ کی نگرانی میں جشنِ عید میلاد النبی کے سلسلے میں ایک پروقار اور روح پرور تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ، اساتذہ اور دیگر عاشقانِ رسول نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد طلبہ نے بارگاہِ رسالت میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے خوبصورت انداز میں نعتوں کے نذرانے پیش کیے۔ طلبہ نے سیرتِ طیبہ، اخلاقِ مصطفیٰ اور عشقِ رسول کے موضوعات پر تقاریر بھی کیں۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جشنِ عید میلاد النبی منانے کا مقصد نئی نسل کے دلوں میں عشقِ رسول کو مزید اجاگر کرنا اور انہیں سیرتِ مصطفیٰ کے مطابق زندگی گزارنے کی ترغیب دینا ہے۔ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ کی مبارک زندگی پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ ہے، ہمیں آپ کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا چاہیے۔ تقریب کے دوران درود و سلام کی صداؤں سے ماحول معطر رہا۔ آخر میں مختلف سرگرمیوں میں فرسٹ، سیکنڈ اور تھرڈ پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے گئے، جبکہ ملک و ملت کی سلامتی، خوشحالی اور دینِ اسلام کی سربلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی

روزگار کی فراہمی کیلئے بلوچستان حکومت کے عملی اقدامات

تحریر: اختر مینگل آرٹیکل رائٹر انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ نصیرآباد ڈویژن

بے روزگاری ایک سنگین معاشرتی اور معاشی مسئلہ ہے جس کے کئی نقصانات ہیں۔ روزگار نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ان کے گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ بے روزگاری غربت، مہنگائی، ذہنی دباؤ اور احساسِ محرومی میں اضافہ کرتی ہے۔ نوجوان اپنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں استعمال نہ کر سکنے کے ...

حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی قیادت میں عملی طور پر اقدامات کر رہی ہے موجودہ حکومت بلوچستان وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی قیادت میں نوجوانوں کو قابلیت، میرٹ اور اہلیت کی بنیاد پر روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، جو ایک خوش آئند اور مثبت پیش رفت ہے۔ آج میں اپنی اس تحریر میں حکومت بلوچستان کے احکامات پر ڈویژنل سطح پر بیروزگاری کے خاتمے اور روزگار کی فراہمی کے حوالے سے جو اقدامات کیے گئے ہیں ان پر روشنی ڈالوں گا تعلیم، صحت، ریونیو سمیت دیگر اہم محکموں میں بھرتیوں کے عمل کو نچلی سطح تک منتقل کرنے اور اختیارات کی فراہمی سے نوجوانوں کے لیے سرکاری ملازمتوں کے دروازے کھل رہے ہیں۔ میرٹ پر بھرتیوں سے نہ صرف باصلاحیت نوجوانوں کی حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ ان میں اعتماد اور مستقبل کے حوالے سے امید بھی پیدا ہوگی۔ طویل عرصے سے بلوچستان کے نوجوان روزگار کے محدود مواقع اور احساسِ محرومی جیسے مسائل کا سامنا کرتے آئے ہیں، تاہم موجودہ حکومت کی جانب سے عملی اقدامات اس احساسِ محرومی کے خاتمے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ مقامی سطح پر بھرتیوں کے ...

کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی وژن کو عملی جامہ پہناتے ہوئے حالیہ عرصے کے دوران کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے حکام کی ہدایات پر مؤثر انداز میں عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ ریونیو میں بھرتیوں کے عمل کو شفاف بنانے پر خصوصی توجہ دی ہے۔ تقریباً ایک دہائی کے طویل عرصے کے بعد محکمہ ریونیو میں مختلف آسامیوں پر بھرتیوں کا عمل شروع ہوا تو جوانوں کے لیے ایک بڑی خوشخبری اور امید کی کرن قرار دیا۔ اکاؤنٹنٹ، اسسٹنٹ، کمپیوٹر آپریٹر، ڈیٹا انٹری آپریٹر، جونیئر کلرک اور دیگر ...

امیدواروں، جن میں عبدالجبار اور محمد صدیق شامل ہیں، کو پٹواری کے آرڈرز جاری کیے گئے۔ یہ تمام اقدامات اعلیٰ حکام کی ہدایت پر شفافیت اور میرٹ کو ... انتظامی اقدامات پر لگی ہوئی تھیں۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے اس معاملے کو بھی نظر انداز نہیں کیا بلکہ دستیاب قانونی اور انتظامی طریقہ کار کے مطابق ... ڈویژن میں ریکروٹمنٹ کمیٹی کے چیئرمین کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں میرٹ اور شفافیت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے چار ...



اسپورٹس

پی سی بی سلیکشن کمیٹی کے رکن مصباح الحق کا مستعفی ہونے کا فیصلہ

مصباح الحق سے کچھ کھلاڑیوں کی سلیکشن کے حوالے سے پوچھا گیا تھا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) سلیکشن کمیٹی کے رکن مصباح الحق نے مستعفی ہونے کا فیصلہ کرلیا۔ مصباح الحق کے قریبی ذرائع کے مطابق سلیکشن کمیٹی کے رکن نے مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مصباح الحق کا نوٹس ورکنگ پیریڈ شروع ہوگا، انہوں نے نوٹس پیریڈ کا پی سی بی کو بتا دیا ہے، نوٹس پیریڈ کے بعد وہ پی سی بی سے الگ ہوجائیں گے۔ ذرائع کے مطابق مصباح الحق نے پی سی بی کی جانب سے ملنے والے نوٹس کے بعد مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا، ان سے حالیہ ٹیم سلیکشن سے متعلق وضاحت مانگی گئی تھی، مصباح الحق سے کچھ کھلاڑیوں کی سلیکشن کے حوالے سے پوچھا گیا تھا، انہوں نے پی سی بی کے پوچھے جانے کے بعد بورڈ سے اپنی ذمے داریوں سے الگ ہونے کا فیصلہ کیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے دورہ انگلینڈ کے دوران پاکستان ٹیسٹ ٹیم سے 7 کھلاڑیوں کو ریلیز کردیا تھا، ہیڈ کوچ سرفراز احمد اور بولنگ کوچ عمر گل کو بھی ریلیز کردیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ دورہ انگلینڈ کے دوران قومی ٹیم کو پہلے ابتدائی 2 ٹیسٹ میچز میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا ہے جبکہ سیریز کا ایک ٹیسٹ ابھی باقی ہے۔

پی سی بی نے فیلڈنگ کوچ کے لیے تلاش شروع کردی

فیلڈنگ کوچ سے متعلق اشتہار سوشل میڈیا پلیٹ فارم لنکڈ ان پر بھی جاری کیا گیا

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے قومی مردوں کی کرکٹ ٹیم کے لیے نئے فیلڈنگ کوچ کی تلاش شروع کرتے ہوئے اس عہدے کے لیے درخواستیں طلب کرلیں۔ پی سی بی کی جانب سے متعلقہ اشتہار سوشل میڈیا پلیٹ فارم لنکڈ ان پر بھی جاری کیا گیا جس کے بعد یہ معاملہ کرکٹ شائقین کی توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ فیلڈنگ کوچ کی ذمہ داری قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کی فیلڈنگ صلاحیتوں کو بہتر بنانا اور مختلف فارمیٹس میں ان کی کارکردگی کو مزید مضبوط کرنا ہوگی۔ پی سی بی کی جانب سے یہ اقدام قومی ٹیم کے کوچنگ سیٹ اپ کو مزید مستحکم کرنے کی کوششوں کا حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔

لندن، محسن نقوی سے کرکٹ پر سوالات کی بوچھاڑ، جواب دینے سے انکار کردیا

لندن (آئی این پی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کو لندن میں کرکٹ ٹیم کے حوالے سے صحافیوں کے سوالات کی بوچھاڑ کا سامنا کرنا پڑا تاہم انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرنے سے انکار کردیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے چند صحافیوں سے مصافحہ کیا اور ان کے ساتھ تصاویر بھی بنوائیں، تاہم کسی سوال کا تفصیلی جواب دیے بغیر روانہ ہوگئے۔

بنگلہ دیش، ساؤتھ افریقہ [illegible]

نومیڈ گیمز میں پاکستانی کھلاڑیوں کے دستے کی شرکت

وزیراعظم نے کھڑے ہوکر خراج تحسین پیش کیا

بشکیک (آئی این پی) نومیڈ گیمز میں پاکستانی کھلاڑیوں کا دستہ بھی شریک ہے، وزیراعظم نے کھڑے ہوکر خراج تحسین پیش کیا، پاکستانی دستے کی آمد پر اسٹیڈیم میں شائقین نے بھی داد دی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی چھٹے ورلڈ نومیڈ گیمز کی افتتاحی تقریب میں آمد پر کرغزستان کے صدر نے ان کا استقبال کیا۔ تقریب میں شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس میں شرکت کے لیے آئے سربراہان بھی شریک ہیں۔ پاکستانی کھلاڑی مختلف کھیلوں میں حصہ لیں گے۔ عالمی نومیڈ گیمز وسطی ایشیا کے روایتی کھیلوں کے لیے منعقد بین الاقوامی کھیلوں کا مقابلہ ہے۔ اطلاعات کے مطابق چھٹے ورلڈ نومیڈ گیمز 6 ستمبر 2026 تک کرغزستان میں منعقد ہورہے ہیں۔

این ایل ڈی کو کیکس فٹبال لیگ کے ایک میچ میں کھلاڑی بال کے حصول کیلئے کوشاں ہیں

قومی ٹیم کی ناقص کارکردگی کے ذمہ دار مائیک ہیسن نہیں سب ہیں، ثقلین مشتاق

ورلڈ کپ میں اوپر آنے کیلئے 3 سے 4 سال کا فریم ورک بنانا ہوگا، فاسٹ بولر، اسپن، بیٹنگ اور فیلڈ کا ایک ذمہ دار بنایا جائے، انٹرویو

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق اسپنر ثقلین مشتاق کا کہنا ہے کہ قومی ٹیم کی ناقص کارکردگی کے ذمہ دار مائیک ہیسن نہیں سب ہیں۔ ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر ثقلین مشتاق نے کہا کہ قومی ٹیم میں کسی ایک شعبے یا شخص کو ذمہ دار نہیں کہہ سکتے ناقص کارکردگی کے سب ذمہ دار ہیں جب کسی کو دل کا عارضہ ہوتو وہ دل کے ماہر کے پاس جاتے ہیں، ٹیم کے لیے فاسٹ بولر، اسپن، بیٹنگ اور فیلڈ کا ایک ذمہ دار بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ کے ہر شعبے کے لیے الگ پروفیشن ہوتا ہے، ہر فارمیٹ میں قومی ٹیم کی کارکردگی سب کو نظر آرہی ہے اس لیے ہمیں ذمہ داری قبول کرنا چاہیے اور بہتری کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔ ثقلین مشتاق نے کہا کہ ورلڈ کپ میں اوپر آنے کے لیے ٹیم کو 3 سے 4 سال کا فریم ورک بنانا ہوگا، سابق اسپن بولنگ کوچ نے کہا کہ ٹیکنیک محدود ہوتی ہے مائنڈ سیٹ اور صورتحال کے مطابق چلنا ہوتا ہے، سعود شکیل 97 رنز بنائے کیونکہ اس کو پتا تھا کہ کس طرح بولرز کو کھیلنا ہے، سعود نے اپنی اہمیت کے مطابق ذہنی طور پر توجہ مرکوز کی ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنیکل چیزوں کو لے کر بیٹھیں گے تو آگے نہیں بڑھ سکتے، بڑا اسکا مطلب یہ ہے کہ سسٹم میں کرپشن ہے اور اچھے لڑکوں کو سلیکٹ نہیں کیا جاتا۔ واضح رہے کہ انگلینڈ نے پاکستان کو 2 ٹیسٹ میچوں میں شکست دے کر تین میچوں کی سیریز میں 0-2 کی واضح برتری حاصل کرلی ہے اور پاکستان کو وائٹ واش سے بچنے کے لیے آخری ٹیسٹ میں لازمی فتح درکار ہے۔

سرفراز احمد کو کوچ بنایا گیا تو میں اس کے خلاف تھا، ہٹانے کا طریقہ بھی غلط ہے، محمد وسیم

جن کھلاڑیوں کو واپس بھیجا جارہا ہے ان کو کس نے انگلینڈ بھیجا تھا، پاکستان کی کرکٹ کے اصل مسائل پر توجہ نہیں دی جارہی، انٹرویو

کراچی (این این آئی) سابق چیف سلیکٹر محمد وسیم نے کہا ہے کہ سرفراز احمد کو ٹیسٹ ٹیم کا کوچ بنایا گیا تو میں اس کے خلاف تھا، اب جس طرح سے ہٹایا گیا ہے یہ طریقہ بھی غلط ہے۔ ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر محمد وسیم نے کہا کہ پاکستان ٹیم میں ایسی کوئی بات نہیں کہ کسی کو نکالا پڑے، یہ ایسے بے فیصلہ سازی میں تمام کرکٹرز وہ ہیں جو ہمارے ساتھ کھیل چکے ہیں، کوچنگ، کپتان اور کھلاڑیوں کی سلیکشن کے فیصلوں کا مثبت نتیجہ نظر نہیں آرہا۔ انہوں نے کہا کہ جن کھلاڑیوں کو واپس بھیجا جارہا ہے ان کو کس نے انگلینڈ بھیجا تھا، پاکستان کی کرکٹ کے اصل مسائل پر توجہ نہیں دی جارہی، بابر اعظم کو پہلے باہر نکالا اور پھر پی ایس ایل کی کارکردگی پر واپس لایا گیا ہے شارٹ ٹرم فیصلے کریں گے تو ٹیم مشکلات کا شکار رہے گی۔ محمد وسیم نے مزید کہا کہ انجری کے معاملے پر کھلاڑی میں اعتماد کا فقدان نظر آتا ہے، ملتان ٹیسٹ کے وقت امام الحق انجری کا شکار ہوئے جس کا پتہ آخری وقت میں چلا تھا، چھوٹی موٹی تکلیف کے برعکس امام کو ذہنی طور پر مزید مضبوط ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیم میں ایسی کوئی بات نہیں کہ کسی کو نکالا پڑے جب انگلینڈ میں پہنچا کر کارکردگی اچھی نہیں ہوگی تو انگلینڈ میں بھی سیریز نہ جیت سکے۔

چیئرمین پی سی بی سینئر کھلاڑیوں کی کارکردگی سے مایوس، جونیئر کھلاڑیوں کو موقع دینے کی ہدایت

وکٹ کیپر محمد رضوان اور اوپنر امام الحق کو ہنگامی بنیادوں پر پاکستان واپس بلایا گیا

لندن (آئی این پی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی قومی ٹیم کے سینئر اور تجربہ کار کھلاڑیوں کی پرفارمنس سے انتہائی مایوس ہوگئے اور انہوں نے متعلقہ حکام کو جونیئر کھلاڑیوں پر فوکس کرنے کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پی سی بی قومی کرکٹ ٹیم کے سینئر اور تجربہ کار کرکٹرز کی پرفارمنس سے انتہائی مایوس دکھائی دے رہے ہیں۔ 2024 آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں شکست کے بعد سرجری کی بات کرکے انہوں نے ایک بار پھر انہی کھلاڑیوں کو موقع دیا، چیمپئنز ٹرافی 2025 میں 5 دن میں نیوزی لینڈ اور بھارت سے شکست کے بعد پہلے ہی راؤنڈ سے باہر ہوگئی۔ 2025 ایشیا کپ میں ٹیم دبئی میں بھارت سے 3 مسلسل میچ ہار گئی، پھر 2026 آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں بھی ٹیم سیمی فائنل میں نہ پہنچ سکی۔ اب دورہ انگلینڈ میں پہلے لیڈز ٹیسٹ میں اننگز اور 103 رنز سے شکست اور لارڈز میں 194 رنز سے ہارنے کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ انتہائی فیصلوں کے ساتھ اس وقت سب کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ وکٹ کیپر محمد رضوان اور اوپنر امام الحق کو ہنگامی بنیادوں پر پاکستان واپس بلایا گیا، ٹیم کے ہیڈ کوچ سرفراز احمد بولنگ کوچ عمر گل کی بھی چھٹی کی گئی ہے۔ 5 اور کھلاڑیوں کو ٹیم سے باہر کردیا گیا، البتہ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی اسکواڈ میں مزید سخت فیصلے کرنے سے متعلق مشاورت کر رہے ہیں۔ فروری 2024 میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے سربراہ کا عہدہ سنبھالنے والے محسن نقوی قومی ٹیم کے سینئر اور تجربہ کار کھلاڑیوں کی کارکردگی سے انتہائی مایوس ہیں اور مستقبل میں نوجوان اور جونیئر کھلاڑیوں کو آگے لانے کے خواہش مند ہیں۔ [illegible]

"میانداد سے زیادہ سرفراز قابل رہا ہے"، پاکستانی کرکٹ ٹیم مڈل آرڈر بیٹر کی کوچ کو بھیجنے پر افسوس کا اظہار

(عنوان کی دوسری سطر [illegible])

لندن (آئی این پی) انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں مسلسل ناکامیوں اور ناقص کارکردگی کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ [illegible] ہی لینی نا قابل یقین باتوں کی توقع کی جاسکتی ہے، جہاں سلمان آغا پہلے ٹیسٹ میں کپتان تھے، دوسرے ٹیسٹ سے ڈراپ ہوئے اور تیسرے سے پہلے گھر بھیج دیے گئے، جبکہ کوچ اور بولنگ کوچ کو سیریز کے درمیان ہی فارغ کردیا گیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بہترین کرکٹ کیپر کو واپس بھیج دیا گیا۔

تبریز شمسی کو آسٹریلیا بگ بیش لیگ کرکٹ میں واپسی کا راستہ دینے پر جنوبی افریقی کرکٹرز برہم

[illegible]

[illegible]

ایشیا کپ: چوٹی سر کرنے والی خاتون کوہ پیما اسماء مشتاق کی لاش مل گئی

[illegible]

تھائی لینڈ کے خلاف ایونٹ کا پہلا میچ، جیتنے کی کوشش کریں گے، سعدیہ اقبال

کیمپ میں لڑکوں کے ساتھ کھیلنے کا موقع ملا، میچز میں جن شعبوں میں کمی ہو، انہیں بہتر کرنے کا موقع ملتا ہے، گفتگو

دبئی (این این آئی) قومی ویمن کرکٹر سعدیہ اقبال نے کہا ہے کہ ویمنز ایشیا کپ کے لیے تیاری بہت اچھی ہے، دبئی آنے کے بعد تین ٹریننگ سیشن کیے ہیں اور کنڈیشنز سے ہم آہنگ ہوگئے ہیں۔ ایک انٹرویو میں سعدیہ اقبال نے کہا کہ جہاں ہمیں کمی محسوس ہوئی اسی چیز پر بھرپور کام ہوا ہے، ہر کوئی کھیل سے لطف اندوز ہورہا ہے اور اچھی کارکردگی کیلئے پرامید ہیں، انہوں نے کہا کہ تھائی لینڈ کے خلاف ایونٹ کا پہلا میچ ہے، جیت سکیں گے، بہترین کھیل پیش کرکے جیتنے کی کوشش کریں گے۔ سعدیہ اقبال نے کہا کہ لڑکوں کے ساتھ کھیل کر اعتماد آتا ہے، کیمپ میں لڑکوں کے ساتھ کھیلنے کا موقع ملا، میچز میں جن شعبوں میں کمی ہو انہیں بہتر کرنے کا موقع ملتا ہے، انہوں نے کہا کہ دبئی کی پچز اسپنرز کیلئے مددگار ہوتی ہیں، اسی طرح پلان اور تیاری بھی کی ہے، ہمارا اسپن کا شعبہ اچھا ہے اور اچھا رزلٹ سامنے آئے گا۔ سعدیہ اقبال نے کہا کہ دبئی کرکٹ بہت مختلف ہوگی ہے، اٹیک کھیلنا پڑتا ہے، اسی طرح ٹیم کھیلنے کی کوشش کر رہی ہیں۔

ویمنز ایشیا کپ: نرشا ملکشن لے بابھارت کے خلاف میچ میں نصف سنچری بنانے پر تماشائیوں کی داد کا جواب دے رہی ہیں

شوبز

عروہ حسین اپنے لباس کی وجہ سے سوشل میڈیا پر خصوصی توجہ کا مرکز بن گئیں

اداکارہ سفید رنگ کی شرٹ کے ساتھ سیاہ رنگ کا باڈی کون اور ٹائی پہنے نظر آئیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ عروہ حسین ایک بار پھر اپنے لباس کی وجہ سے سوشل میڈیا پر خصوصی توجہ کا مرکز بن گئیں۔ عروہ حسین نے حال ہی میں ساتھی اداکار احسن خان کے ساتھ ایک تقریب میں شرکت کی۔ انہوں نے اس تقریب میں شرکت کے لیے مغربی طرز کے لباس کا انتخاب کیا۔ اداکارہ سفید رنگ کی شرٹ کے ساتھ سیاہ رنگ کا باڈی کون اور ٹائی پہنے نظر آئیں اور وہ اس لباس میں خوبصورت لگ رہی تھیں۔ انہوں نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اس تقریب کی اپنی کچھ تصاویر اور ویڈیو شیئر کی ہیں۔ عروہ حسین کی جانب سے شیئر کی گئی یہ تصاویر اور ویڈیوز جلد ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ان تصاویر کو بہت پسند کیا جا رہا ہے اور دلچسپ تبصرے بھی کیے جا رہے ہیں۔ کچھ صارفین اداکارہ کی خوبصورتی کی تعریفیں کرتے نظر آرہے ہیں جبکہ کچھ ان کے اس ماڈرن لک کا موازنہ حال ہی میں نشر ہونے والے ڈرامے میں ان کے کردار سے کرتے نظر آرہے ہیں۔ واضح رہے کہ عروہ حسین طویل عرصے بعد ٹی وی اسکرین پر واپس آئی ہیں اور وہ آج کل نجی ٹی وی پر نشر ہونے والے ڈرامہ سیریل آپ کی عزت میں اپنی شاندار اداکاری کے جوہر دکھاتی نظر آرہی ہیں۔

میں گزشتہ سال ارب پتی بن گیا تھا، رجب بٹ کا انکشاف

میری مجموعی دولت 100 کروڑ پاکستانی روپے سے تجاوز کرچکی ہے اور میں اس کامیابی پر اللہ کا شکرگزار ہوں، یوٹیوبر

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف یوٹیوبر رجب بٹ نے پہلی بار اپنی مجموعی دولت سے متعلق کھل کر بات کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ وہ گزشتہ سال ارب پتی بن گئے۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کے دوران میزبان نے رجب بٹ سے پوچھا کہ آپ کروڑ پتی ہیں یا ارب پتی؟ اس پر رجب بٹ نے پہلے میزبان سے جانتے ہوئے سوال کیا کہ کیا آپ کو ارب پتی اور کروڑ پتی میں فرق معلوم ہے، جس پر مثبت جواب ملنے کے بعد رجب بٹ نے بتایا کہ الحمد اللہ میں گزشتہ سال ارب پتی بن گیا تھا۔ رجب بٹ نے کہا کہ میری مجموعی دولت 100 کروڑ پاکستانی روپے سے تجاوز کرچکی ہے اور میں اس کامیابی پر اللہ کا شکرگزار ہوں۔ انہوں پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ مقام راتوں رات نہیں ملا بلکہ اس کے پیچھے 12 سال کی مسلسل محنت، لگن اور جدوجہد ہے۔ واضح رہے کہ رجب بٹ پاکستان کے مقبول ترین یوٹیوبرز میں شمار ہوتے ہیں۔ انہوں نے کم عرصے میں سوشل میڈیا پر زیادہ مقبولیت حاصل کی جبکہ اپنی شاہانہ طرز زندگی، مہنگی گاڑیوں، قیمتی گھڑیوں، غیر ملکی دوروں اور پرتعیش شادی کے باعث بھی اکثر خبروں میں رہتے ہیں۔ ان کی آمدن کا بڑا حصہ یوٹیوب، برانڈ پروموشنز اور دیگر تجارتی سرگرمیوں سے حاصل ہوتا ہے۔

اداکارہ ماہین صدیقی نے گلوکاری کی دنیا میں قدم رکھ دیا

کراچی (این این آئی) اداکارہ ماہین صدیقی نے ڈرامہ رجات کے او ایس ٹی میں تیرے سے کے ذریعے گلوکاری کی دنیا میں قدم رکھ دیا۔ اداکارہ ماہین صدیقی نے سوشل میڈیا پر اپنے نئے سفر پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے گلوکاری کے دوران ساتھ دینے والے تمام افراد کا شکریہ ادا کیا۔ اداکارہ نے اپنے شوہر شہریار منور کو خصوصی کریڈٹ دیتے ہوئے کہا کہ انہی کے اعتماد اور حوصلہ افزائی نے انہیں گلوکاری میں قدم رکھنے کا حوصلہ دیا۔ ماہین صدیقی کے گلوکاری میں ڈیبیو کو مداحوں کی جانب سے بھی بھرپور پذیرائی مل رہی ہے، ساتھی فنکاروں نے جوڑے کو ایک دوسرے کے کیریئر کو سپورٹ کرنے کو بھی سراہا۔

شدید ٹرولنگ سے دلبرداشتہ جاپانی انفلوئنسر کی ٹک ٹاک لائیو کے دوران خودکشی

سیول (آئی این پی) جنوبی کوریا میں مقیم مشہور جاپانی ٹک ٹاکر اور کے پاپ ڈانسر میناجن نے ٹک ٹاک لائیو اسٹریم کے دوران خودکشی کرلی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 3 گھنٹے لائیو اسٹریم کے دوران ناظرین کی جانب سے اطلاع ملنے پر سیول کی پولیس نے ان کے گھر پہنچ کر لاش برآمد کی۔ وہ جنوبی کوریا میں رہائش پذیر تھیں جبکہ ٹک ٹاک پر ان کے 38 ہزار فالوورز تھے۔ میناجن کی چھوٹی بہن نے انسٹاگرام پر ایک پیغام کے ذریعے ان کی موت کی تصدیق کی۔ رپورٹس کے مطابق گزشتہ ماہ ان کے ایک ویڈیو کے بعد میناجن نے جنوبی کوریا کے ساتھ [illegible] کو بعد ازاں جاپانی ممبر تک پہنچایا۔

اداکارہ کے سینہ زیادتی کے الزام پر 73 سالہ ہدایتکار گرفتار

ملزم ہدایت کار کو 12 اگست تک پولیس کی حراست میں دے دیا گیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم انڈسٹری کی 33 سالہ اداکارہ کے ساتھ مبینہ زیادتی کے الزام پر 73 سالہ ہدایت کار کو گرفتار کرلیا گیا۔ ممبئی میں اداکارہ سے مبینہ زیادتی کے الزام میں 73 سالہ فلم ڈائریکٹر کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اداکارہ نے الزام لگایا کہ فلم ڈائریکٹر نے فلم پر بات چیت کے بہانے اپنے گھر بلایا اور جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس کی درج شکایت میں بتایا گیا کہ مبینہ طور پر ملزم نے اداکارہ کو شراب آور دوا دی اور دھمکیاں بھی دی ہے۔ ملزم ہدایت کار کو عدالت میں پیش کیا گیا تو انہیں 12 اگست تک پولیس کی حراست میں دے دیا گیا۔ بھارتی ہدایت کار متعدد فلمیں تحریر کرنے کے ساتھ ان کی پروڈکشن کی ذمے داری بھی نبھا چکے ہیں۔

مادھوری ڈکشٹ کی 24 سال بعد ٹی وی پر بطور میزبان واپسی

انہیں مقبول کوئز شو کون بنے گا کروڑ پتی کی نئی میزبان مقرر کر دیا گیا ہے

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی معروف اداکارہ مادھوری ڈکشٹ 24 سال بعد ایک بار پھر ٹیلی ویژن پر بطور میزبان واپسی کر رہی ہیں۔ انہیں مقبول کوئز شو کون بنے گا کروڑ پتی کی نئی میزبان مقرر کر دیا گیا ہے۔ 59 سالہ مادھوری ڈکشٹ نے اپنے نئے کردار کے حوالے سے کہا کہ وہ ایسے پروگرام کا حصہ بننے پر بہت خوش ہیں جو علم اور عزم کی طاقت کے ذریعے لوگوں کو متاثر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے لیے یہ پروگرام محض ایک کوئز شو نہیں بلکہ تجسس، امنگ، امید اور خواب دیکھنے کی ہمت کا جشن ہے۔ مادھوری کا کہنا تھا کہ ایک فخر کرنے والی مداح اور ناظرین ہونے کے ناتے وہ پروگرام میں آنے والے امیدواروں سے ملاقات، ان کی غیر معمولی کہانیاں سننے اور سیٹ پر ان کے خوابوں کو حقیقت بنتے دیکھنے کے لیے پرجوش ہیں۔ یہ پروگرام کا نیا سیزن اب تک بدل جائے گا کے موضوع کے ساتھ پیش کیا جائے گا، جو اس مقبول کوئز فارمیٹ میں ایک نئے دور کی نشاندہی کرتا ہے۔ ٹیلی ویژن پر مادھوری کی واپسی اگرچہ 24 سال بعد ہو رہی ہے، تاہم وہ اس سے قبل بھی میزبانی کر چکی ہیں۔ 2002 میں انہوں نے سونی انٹرٹینمنٹ ٹیلی ویژن کے پروگرام کہیں نہ کہیں کوئی ہے کی میزبانی کی تھی۔ بعد میں مادھوری ڈانس ریئلٹی شوز کی جج کے طور پر بھی ٹیلی ویژن کی ایک مقبول شخصیت بن گئیں۔ وہ جھلک دکھلا جا اور ڈانس دیوانے جیسے معروف پروگراموں کا حصہ رہ چکی ہیں۔ خیال رہے کہ کون بنے گا کروڑ پتی اسی عالمی فارمیٹ پر مبنی ہے جس نے بھارت میں امیتابھ بچن کی میزبانی میں کون بنے گا کروڑ پتی کے ذریعے غیر معمولی مقبولیت حاصل کی، امیتابھ بچن نے 2000 میں پروگرام کے آغاز کے بعد تقریباً ہر سیزن کی میزبانی کی ہے، تاہم تیسرے سیزن میں شاہ رخ خان نے ان کی جگہ پروگرام کی میزبانی کی تھی۔ مادھوری اس شو کی میزبانی کرنے والی بھارت کی دوسری خاتون ہوں گی۔ ان سے قبل تامل ورژن کی میزبانی رادھیکا سرتھ کمار کر چکی ہیں۔

ہنی سنگھ کا بادشاہ کی وائرل ویڈیو پر طنز

ممبئی (آئی این پی) بھارتی ریپر یویو ہنی سنگھ اور ساتھی ریپر بادشاہ کے درمیان جاری پرانے تنازع نے ایک بار پھر توجہ حاصل کرلی۔ بادشاہ کی شو انڈیا گوٹ لیٹنٹ میں شرکت کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ بادشاہ نے انڈیا گوٹ لیٹنٹ سیزن 2 کی دوسری بونس قسط میں شرکت کی۔ پروگرام کے دوران سے رائنا نے بادشاہ سے سوال کیا کہ انہوں نے اپنا اسٹیج نام بادشاہ کیسے منتخب کیا، بادشاہ نے جواب دیا کہ یہ نام میں نے خود رکھا تھا۔ پرانی ویڈیو دوبارہ وائرل ہونے کے بعد ہنی سنگھ نے اسے اپنی انسٹاگرام اسٹوری پر شیئر کیا اور طنزیہ انداز میں بادشاہ کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا کہ میری بالا کی۔ واضح رہے کہ ہنی سنگھ اور بادشاہ ماضی میں ہپ ہاپ میوزک گروپ مافیا منڈیر کا حصہ رہ چکے ہیں، بعد ازاں دونوں کے درمیان پیشہ ورانہ تعلقات ختم ہوگئے اور وقت کے ساتھ موسیقی کے کریڈٹس اور مشترکہ گانوں میں کردار کے حوالے سے دونوں کے درمیان اختلافات سامنے آتے رہے ہیں۔

وہ چار سادہ اصول جو جاپان کو بہترین بناتے ہیں

گزشتہ سے پیوستہ

لینڈ ہی کیوں ہے

سنہ 2020 تک ملک کے معروف ترین ریلوے اسٹیشنوں میں سے 90 فیصد سے زیادہ ایسے بنائے جا چکے تھے، جہاں سیڑھیاں چڑھے بغیر آمد و رفت ممکن تھی، جبکہ ملک بھر کے ہزاروں اسٹیشنوں پر نصب کی جا چکی تھیں۔ تحریر کے مطابق ٹوکیو میں شہری انتظامیہ آج بھی شہریوں کی تجاویز اور شکایات پر توجہ دیتی ہے۔ وہ بتاتے ہیں کہ ان کے مقامی پارک میں پھولوں کے گملے اتنے قریب قریب رکھے گئے تھے کہ ان کی وہیل چیئر کے لیے گزرنا مشکل تھا۔ جب انھوں نے اس مسئلے کی نشاندہی پارکس کے محکمے کو کی تو چند ہی دنوں میں ایسے گملے ہٹا دیے گئے جن میں گملے کو ہٹانے کی کی تھی کہ وہیل چیئر استعمال کرنے والوں کے گزرنے کے لیے مناسب جگہ چھوڑی جا سکے۔

قابل رسائی شہری ڈیزائن کے حوالے سے جاپان کا اثر اس کی سرحدوں سے بہت آگے تک پہنچا ہے۔ دنیا بھر میں نابینا اور کم بینائی رکھنے والے افراد کی رہنمائی کے لیے فٹ پاتھوں اور ریلوے اسٹیشنوں پر استعمال ہونے والی ابھری ہوئی ٹائلیں 1967 میں جاپانی انجینیئر سیکی میاکے نے ایجاد کی تھیں۔ انھوں نے یہ ڈیزائن اپنے ایک ایسے دوست کی مدد کے لیے تیار کیا تھا، جس کی بینائی متاثر ہو رہی تھی۔ صرف ایک دہائی کے اندر یہ ٹائلیں جاپان کے قومی ریلوے اسٹیشنوں پر لازمی قرار دے دی گئیں۔ گریٹ برنسٹل کہتے ہیں، "جاپان نے یہ سہولت پوری دنیا کو دی ہے۔"

3۔ مقامی شناخت اور روایات کا تحفظ کریں

مائیکل تیز رفتار بلٹ ٹرینوں اور معروف شہری مراکز کے باوجود جاپان صبر، تسلسل اور روایات کے احترام کو بھی اہمیت دیتا ہے۔ پیٹرک لاکیزان بتاتے ہیں کہ جب انھوں نے اوساکا میں اپنی رہائش رجسٹر کروائی تو ضلعی دفتر کے ایک اہلکار نے ایک بڑا نقشہ نما رجسٹر نکالا، پچھلے رہائشی کا نام مٹایا اور قلم سے ان کا نام درج کر دیا۔ ان کے بقول "میں سلیکون ویلی کی ٹیکنالوجی کمپنیوں میں کام کرتے ہوئے بڑا ہوا ہوں، اس لیے یہ منظر میرے لیے حیران کن تھا۔" جاپان میں اکثر صرف اس وجہ سے کسی نظام کو تبدیل نہیں کیا جاتا کہ [illegible] تیک کر ریلوے اسٹیشنوں کے درمیان بھی محفوظ رکھے جاتے ہیں۔ اس کی ایک مثال اوساکا کے قریب واقع کایاشیما اسٹیشن ہے، جہاں تقریباً 700 سال پرانا کافور کا درخت اسٹیشن کی عمارت کی چھت کے بیچوں بیچ سے گزرتا ہے۔

لاکیزان کہتے ہیں "جاپان میں رہتے ہوئے میں نے محسوس کیا کہ پرانے درختوں کو کاٹنے کے بجائے ان کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ چاہے اس کی وجہ شنٹو مذہبی روایات ہوں یا فطرت سے لوگوں کی محبت، نتیجہ بہرحال قابل توجہ ہے۔ ان کے مطابق "کسی جگہ پر انفراسٹرکچر تعمیر کرنے اور کسی جگہ کے ساتھ مل کر انفراسٹرکچر تعمیر کرنے میں واضح فرق ہوتا ہے۔"

جاپان کے معروف ترین کاروباری علاقوں میں بھی روزمرہ زندگی اور مقامی شناخت شہری ماحول کا حصہ بنی رہتی ہے۔ ٹوکیو کے ون ہوٹل کے جنرل منیجر ماساتو کوبیاشی، جو اکثر آکاساکا کے علاقے میں پیدل چلتے ہیں، کہتے ہیں، "آپ لوگوں کو اجلاسوں کے لیے جلدی میں جاتے دیکھتے ہیں، لیکن اگلے ہی موڑ پر ایک چھوٹا سا مزار نظر آجاتا ہے جو نسلوں سے وہاں موجود ہے یا [illegible] ختم کرکے عوامی مقامات میں نظم و ضبط اور باہمی احترام کو فروغ دیں۔ انسانی ضروریات کو مدنظر رکھ کر بنایا گیا انفراسٹرکچر جاپان کے کامیاب شہروں کی صرف ایک وجہ ہے۔ ان شہروں کے رہائشی بھی ایسا ماحول پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، جو اجتماعی زندگی کو بہتر بناتا ہے۔ ماساتو کوبیاشی کہتے ہیں کہ ٹوکیو بے حد مصروف شہر ہے، لیکن لوگ فطری طور پر اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ ان کے عمل دوسروں پر کیسے اثر انداز ہوں گے۔ یہ کوئی ایسی چیز نہیں جس پر لوگ زیادہ بات کرتے ہوں، بلکہ یہ روزمرہ زندگی کا ایک معمولی حصہ ہے۔ جوش گریٹ برنسٹل کا کہنا ہے کہ وہ اس اجتماعی تعاون پر انحصار کرتے ہیں اور جاپان میں تقریباً دو دہائیوں تک رہنے کے بعد وہ اسے حکومت کی فراہم کردہ سہولتوں جتنا ہی اہم سمجھتے ہیں۔ ان کے بقول، لوگوں کے آداب و اطوار اتنی ہی اہمیت رکھتے ہیں جتنی بنیادی سہولتیں۔ لوگ پلیٹ فارم پر مقررہ نشانات کے مطابق قطار بناتے ہیں، ٹرینوں میں خاموشی برقرار رکھتے ہیں اور ترجیحی نشستیں یا جگہ بغیر کسی درخواست کے ضرورت مند افراد کے لیے خالی کر دیتے ہیں۔ اتنے بڑے شہر میں یہی رویے روزمرہ زندگی کو سب کے لیے پرسکون بناتے ہیں۔

اوساکا میں قیام کے دوران پیٹرک لاکیزان نے محسوس کیا کہ جاپانی معاشرے میں دوسروں کا خیال رکھنے کی روایت نے ان کی اپنی سوچ پر بھی اثر ڈالا۔ وہ کہتے ہیں کہ چاہے ٹرین کے لیے قطار بنانا ہو، عوامی مقامات پر آہستہ آواز میں بات کرنا ہو، گھر اندر پھیلا ہوا ری سائیکل ہونے والے اور دوسرے کچرے کو الگ الگ رکھنا یا کھانے سے قبل "اتادا کیماسو" کہنا، روزمرہ کی بہت سی عادات انسان کو یاد دلاتی ہیں کہ وہ صرف اپنی ذات تک محدود نہیں بلکہ ایک بڑے معاشرے کا حصہ ہے۔ ان کے مطابق، "شاید یہ دنیا کے تمام مسائل کا جادوئی حل نہ ہو، لیکن ذاتی طور پر اس نے مجھے زیادہ مہربان، خوبصورتی شناس اور متوازن طرزِ زندگی کی طرف مائل ضرور کیا ہے۔"

(ختم شد)

ہمت

حالات حاضرہ

دین اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، جو انسان کو صرف عبادات کا درس نہیں دیتا بلکہ اسے محبت، اخوت، بھائی چارے، خدمتِ انسانیت، حسنِ اخلاق اور معاشرے کی اصلاح کا پیغام بھی دیتا ہے۔ دین کی دعوت کو عام کرنا، لوگوں کو نیکی کی

تحریر۔ ذوالفقار علی طارق قادری

طرف راغب کرنا اور معاشرے میں اسلامی تعلیمات کو فروغ دینا ہر دور میں ایک عظیم ذمہ داری رہی ہے۔ اسی سلسلے میں دعوتِ اسلامی نے گزشتہ 45 برسوں کے دوران دینی، تبلیغی، تعلیمی، اشاعتی اور فلاحی میدان میں جو خدمات سرانجام دی ہیں، وہ قابلِ تحسین اور لائق خراجِ تحسین ہیں۔ 45ویں یومِ دعوتِ اسلامی کی تکمیل پر دعوتِ اسلامی کی دینی وفلاحی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں کہ آج دعوتِ اسلامی صرف پاکستان تک محدود نہیں بلکہ پوری دنیا میں تبلیغ وسنت کے ذریعے دینِ اسلام کا پیغام عام کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ مختلف ممالک میں دعوت و تبلیغ کا سلسلہ جاری ہے اور لوگوں کو قرآن و سنت کی تعلیمات، نماز، نیکی، حسنِ اخلاق اور اسلامی طرزِ زندگی کی طرف متوجہ کیا جا رہا ہے۔

دعوتِ اسلامی کا ایک عظیم مقصد، جو پوری دنیا میں مقبول اور معروف ہوا، وہ یہ ہے کہ مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ یہی فکر دعوتِ اسلامی کے دینی و اصلاحی سفر کی بنیاد اور اس کی نمایاں پہچان بن چکی ہے۔ اپنی اصلاح کے ساتھ دوسروں کی اصلاح کی فکر پیدا کرنا اور معاشرے کے ہر طبقے تک دین کا پیغام پہنچانا ایک ایسی سوچ ہے جس نے لاکھوں افراد کو دین سے وابستہ کیا۔ دعوتِ اسلامی نے صرف لوگوں کو دین کی باتیں سنانے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ ایک ایسی دینی و اصلاحی سوچ کو فروغ دیا جس میں ہر مسلمان اپنی اصلاح کی فکر کرنے کے ساتھ اپنے گھر، خاندان، دوستوں، محلے اور معاشرے کے دوسرے افراد کی خیر خواہی اور اصلاح کی کوشش کرے۔ یہی فکر آج دنیا کے مختلف حصوں میں دین کی دعوت پہنچانے کا ذریعہ بن رہی ہے۔

دنیا بھر میں دعوتِ اسلامی نے لاکھوں لوگوں کو عالمِ دین بنانے کے لیے علمی و دینی ماحول فراہم کیا اور لاکھوں افراد کو قرآنِ مجید حفظ کرانے کی سعادت حاصل کی۔ اسی طرح لاکھوں لوگوں کو مبلغ، دین دوست اور دین کی خدمت کے جذبے سے سرشار بنانے میں بھی دعوتِ اسلامی نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہ ایک ایسا کام ہے جس کے اثرات صرف ایک فرد تک محدود نہیں رہتے بلکہ ایک فرد جب علمِ دین حاصل کر کے معاشرے میں دین کی تعلیمات عام کرتا ہے تو اس کے ذریعے مزید لوگوں تک دین کا پیغام پہنچتا ہے۔ دعوتِ اسلامی کی خدمات کا ایک نہایت اہم پہلو نوجوان نسل کی دینی تربیت بھی ہے۔ معاشرے میں ایسے بہت سے نوجوان موجود تھے جو کسی نہ کسی وجہ سے دین سے دوری اختیار کر چکے تھے، لیکن دینی تربیت اور اصلاحی ماحول کے ذریعے ایسے نوجوان دوبارہ دین کی طرف متوجہ ہوئے۔
آج وہی نوجوان دینِ اسلام کی خدمت کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ آج ایسے نوجوان بھی نظر آتے ہیں جنہوں نے اپنی زندگی کے انداز کو تبدیل کیا، چہروں پر داڑھی اور سروں پر عمامہ سجایا اور دینِ اسلام کی خدمت کو اپنی زندگی کا مقصد بنایا۔ یہ تبدیلی صرف ظاہری تبدیلی نہیں بلکہ ایک ایسے سفر کی علامت ہے جس میں انسان اپنی زندگی کے مقصد کو سمجھتا ہے، اپنے کردار کو بہتر بنانے کی کوشش کرتا ہے اور دین کی تعلیمات کو اپنی زندگی کا حصہ بنانے کے ساتھ دوسروں تک بھی پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ کسی نوجوان کا دین کی طرف واپس آنا صرف اس کی اپنی زندگی کی اصلاح نہیں بلکہ پورے معاشرے کے لیے ایک مثبت تبدیلی ہے۔ ایک دین دوست نوجوان اپنے خاندان، دوستوں، محلے اور معاشرے میں خیر، اخلاق، محبت اور دینی شعور کو فروغ دینے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ دعوتِ اسلامی نے بچوں کی دینی تربیت کے میدان میں بھی ایسا کام کیا ہے جو خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ عام طور پر بچے کھیلنے کودنے اور اپنی عمر کی سرگرمیوں میں مصروف رہتے ہیں، لیکن دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول اور تربیتی کوششوں کے نتیجے میں ایسے بچوں کی ایک بڑی تعداد سامنے آئی جو کم عمری ہی میں دین کی باتیں سیکھنے، دوسروں تک پہنچانے اور اصلاحی گفتگو کرنے لگی ہے۔ آج ایسے بچے بھی دیکھنے کو ملتے ہیں جو کھیلنے کودنے کی عمر میں تقریریں کرتے ہیں، دینی و اصلاحی باتیں بیان کرتے ہیں اور اپنے ہم عمر بچوں کو بھی نیکی، اچھے اخلاق اور اسلامی تعلیمات کی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ یہ منظر اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ اگر بچوں کو محبت، حکمت اور مناسب دینی ماحول فراہم کیا جائے تو ان کے اندر چھپی صلاحیتوں کو مثبت اور تعمیری سمت دی جا سکتی ہے۔ بچوں کی یہ تربیت دراصل مستقبل کی نسل کی تربیت ہے۔ آج کا بچہ جب قرآن و سنت کی تعلیمات سے وابستہ ہوتا ہے، دین کی بات سمجھتا ہے اور اسے دوسروں تک پہنچانے کا جذبہ پیدا کرتا ہے تو وہ آنے والے کل کا ایک ذمہ دار، با اخلاق اور دین دوست فرد بن سکتا ہے۔ یوں اصلاح کا یہ سفر ایک فرد سے دوسرے فرد اور ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتا چلا جاتا ہے۔ دعوتِ اسلامی کی خدمات کا دائرہ صرف عام افراد تک محدود نہیں رہا بلکہ معاشرے کے ایسے طبقات تک بھی دینی تعلیمات پہنچانے کی کوشش کی گئی جنہیں عام طور پر تعلیم و تربیت کے مواقع کم میسر آتے ہیں۔ بہروں اور گونگوں کے لیے بھی دعوتِ اسلامی نے اہم کردار ادا کیا اور انہیں دینی تعلیمات سے روشناس کرانے اور دین کی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کی۔ ایسے افراد کو دینی تعلیم کے ذریعے دین سے جوڑنا ایک قابلِ قدر خدمت ہے، کیونکہ دین کا پیغام معاشرے کے ہر فرد تک پہنچنا چاہیے۔ بہروں اور گونگوں کے لیے دینی تعلیم کا انتظام اس اعتبار سے بھی اہم ہے کہ عام تعلیمی نظام میں ان افراد کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ دعوتِ اسلامی نے ان افراد کی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے انہیں دینی تعلیم اور تربیت سے جوڑنے کی کوشش کی اور انہیں بھی دینِ اسلام کی خدمت اور دینی زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کیے۔

دعوتِ اسلامی نے تبلیغِ دین کے ساتھ ساتھ نشر و اشاعت کے میدان میں بھی بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ دینی تعلیمات کو عام کرنے، اسلامی معلومات لوگوں تک پہنچانے اور دینی شعور اجاگر کرنے کے لیے مختلف ذرائع سے کام کیا جا رہا ہے۔ آج کے جدید دور میں جب ذرائع ابلاغ انسانی زندگی کا اہم حصہ بن چکے ہیں، دعوتِ اسلامی نے ان ذرائع کو دینی پیغام کی اشاعت کے لیے استعمال کرتے ہوئے ایک وسیع دائر؟ کار قائم کیا ہے۔ دعوتِ اسلامی کی خدمات صرف تبلیغ اور نشر و اشاعت تک محدود نہیں بلکہ مشکل اور آزمائش کی گھڑی میں بھی خدمتِ خلق کو اہمیت دی گئی ہے۔ ملک میں سیلابی صورتحال ہو، زلزلے کے باعث نقصانات ہوں یا کسی اور قدرتی آفت کے نتیجے میں لوگ مشکلات کا شکار ہوں، ایسے مواقع پر متاثرہ افراد کی مدد اور ان کے دکھ درد میں شریک ہونا ایک بڑی انسانی خدمت ہے۔ دعوتِ اسلامی نے بھی مشکل حالات میں خدمتِ خلق کے میدان میں اپنا کردار ادا کیا اور عوامی فلاح و بہبود کے کاموں میں حصہ لیا۔ عوامی تعمیر و ترقی کے مختلف کاموں میں بھی دعوتِ اسلامی کی فلاحی سرگرمیاں قابلِ ذکر رہی ہیں۔ معاشرے کی اصل خوبصورتی صرف بلند عمارتوں اور کشادہ سڑکوں سے نہیں بلکہ اس وقت سامنے آتی ہے جب وہاں انسان ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوں، ضرورت مندوں کا سہارا بنیں اور اجتماعی بھلائی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ ملک کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے شجرکاری مہم میں بھی دعوتِ اسلامی نے اپنا کردار ادا کیا۔ درخت صرف ماحول کو خوبصورت نہیں بناتے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے صاف اور صحت مند ماحول کی بنیاد بھی بنتے ہیں۔ شجرکاری کے ذریعے ماحول کے تحفظ اور ملک کو سرسبز بنانے کی کوشش ایک مثبت اور قابلِ قدر عمل ہے۔

دعوتِ اسلامی کی 45 سالہ تاریخ دراصل ایک ایسے سفر کی داستان ہے جس میں دعوتِ دین، اصلاحِ معاشرہ، تعلیم، تربیت، قرآن مجید کی تعلیم، حفظِ قرآن، نشر و اشاعت اور خدمتِ خلق کو ایک ساتھ آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی۔ اس سفر میں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں افراد نے مختلف انداز میں اپنا کردار ادا کیا اور دین کی خدمت کے اس سلسلے کا حصہ بنے۔

کوئی قرآن مجید کا حافظ بنا، کسی نے علمِ دین حاصل کیا، کسی نے تبلیغ کا راستہ اختیار کیا، کسی نے اپنی زندگی دین کے لیے وقف کی، کسی نوجوان نے اپنی زندگی کی سمت تبدیل کر کے دین دوست بننے کا راستہ اختیار کیا اور کسی بچے نے کم عمری میں دینی و اصلاحی باتیں سیکھ کر دوسروں تک پہنچانے کا جذبہ پیدا کیا۔ یہی وہ مرکزی پیغام ہے جو دعوتِ اسلامی کے 45 سالہ سفر کو سمجھنے کے لیے سب سے اہم ہے: اصلاح کا آغاز اپنی ذات سے ہو اور اس کی روشنی دوسروں تک پہنچائی جائے۔ ایک فرد اپنی اصلاح کرتا ہے، پھر اپنے گھر والوں کی فکر کرتا ہے، بچے دین سیکھ کر اپنے ہم عمر بچوں تک پیغام پہنچاتے ہیں، نوجوان اپنی زندگی بدل کر دین کی خدمت اختیار کرتے ہیں اور یوں اصلاح کا یہ سلسلہ معاشرے سے ہوتا ہوا دنیا کے مختلف حصوں تک پہنچتا ہے۔ دعوتِ اسلامی کے 45 سالہ سفر کو اسی زاویے سے دیکھا جائے تو یہ صرف ایک تنظیم کی سرگرمیوں کی داستان نہیں بلکہ ایک ایسی اصلاحی فکر کے پھیلاؤ کی کہانی ہے جس کا مقصد انسان کو اپنے رب سے جوڑنا، اپنی زندگی سنوارنا اور دوسروں کی بھلائی و اصلاح کی کوشش کرنا ہے۔

آج جب نوجوان نسل مختلف فکری اور معاشرتی چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے، دین سے وابستگی اور اخلاقی تربیت کی ضرورت پہلے سے زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ ایسے ماحول میں وہ نوجوان جو دین سے دوری اختیار کر چکے تھے اور آج دینِ اسلام کی خدمت کے لیے اپنی زندگیوں کو تبدیل کر چکے ہیں، ان کی مثال معاشرے کے لیے ایک مثبت پیغام ہے۔ دعوتِ اسلامی کی خدمات کا دائرہ اگر مجموعی طور پر دیکھا جائے تو اس میں تبلیغِ دین، قرآن مجید کی تعلیم، حفظِ قرآن، علمِ دین، دینی تربیت، نوجوانوں کی اصلاح، بچوں کی تربیت، مبلغین کی تیاری، نشر و اشاعت، بہروں اور گونگوں کی دینی تعلیم، خدمتِ خلق، قدرتی آفات میں امداد اور شجرکاری سمیت مختلف شعبے شامل ہیں۔

45ویں یومِ دعوتِ اسلامی کی تکمیل اس طویل سفر کا ایک اہم سنگِ میل ہے۔ یہ موقع صرف ماضی کی خدمات کو یاد کرنے کا نہیں بلکہ مستقبل کے سفر کا جائزہ لینے کا بھی ہے۔ دین کی دعوت، اصلاحِ معاشرہ، تعلیم و تربیت، نوجوانوں کی اصلاح، بچوں کی دینی تربیت، قرآنِ مجید سے وابستگی اور خدمتِ انسانیت کے اس سلسلے کو مزید آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ دعوتِ اسلامی کے 45 سالہ سفر کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے یہ کہنا مناسب ہوگا کہ اس نے تبلیغِ دین کو صرف ایک محدود سرگرمی کے طور پر نہیں بلکہ تعلیم، تربیت، اصلاح، نشر و اشاعت اور خدمتِ انسانیت کے وسیع میدان کے طور پر آگے بڑھایا ہے۔ لاکھوں افراد کا قرآنِ مجید سے جڑنا، علمِ دین حاصل کرنا، حافظِ قرآن بننا، مبلغ بننا، دین دوست زندگی اختیار کرنا اور دوسروں کی اصلاح کی کوشش کرنا ایک بڑی دینی خدمت ہے۔

"مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے" — یہی وہ پیغام ہے جسے دعوتِ اسلامی نے اپنی دعوت، تعلیم، تربیت اور خدمت کے ذریعے عام کرنے کی کوشش کی، اور یہی پیغام اس کے 45 سالہ سفر کا مرکزی عنوان بھی ہے اور مستقبل کے سفر کے لیے سب سے بڑی بنیاد بھی۔

ہم دعوتِ اسلامی کے 45ویں یومِ تکمیل پر اس کی دینی، تبلیغی، تعلیمی، اشاعتی اور فلاحی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ دعوتِ اسلامی نے گزشتہ 45 برسوں میں دینِ اسلام کا پیغام دنیا بھر میں عام کرنے، لوگوں کو قرآن و سنت سے جوڑنے، نوجوانوں اور بچوں کی دینی تربیت کرنے، خصوصی افراد تک دینی تعلیم پہنچانے، خدمتِ خلق کرنے اور ملک کو سرسبز بنانے کے لیے شجرکاری مہم میں کردار ادا کیا ہے۔

یہ سفر ایک فرد سے شروع ہونے والی اصلاحی سوچ کو معاشرے اور پھر دنیا بھر تک پہنچانے کی کوشش کی عکاسی کرتا ہے۔ دعا ہے کہ دعوتِ اسلامی کی دینی، تعلیمی، اصلاحی اور فلاحی خدمات کا یہ سلسلہ مزید وسعت اختیار کرے اور زیادہ سے زیادہ لوگ اپنی اصلاح کے ساتھ ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش میں اپنا کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆

☆☆

ہمت

"اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مال دار ہونے میں کوئی خطر نہیں ہے اور تندرستی اللہ سے ڈرنے والے لوگوں کیلئے مال داری سے بہتر چیز ہے اور قلب کی خوشی اور انبساط اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔"

سندھ طاس معاہدہ نافذ العمل بھارت پاسداری کرے: عالمی ثالثی عدالت

پاکستان کو اہم سفارتی و قانونی کامیابی حاصل ہوگئی۔ دی نیدرلینڈز کے شہر دی ہیگ میں قائم مستقل ثالثی عدالت نے بھارت کی جانب سے 1960 کے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے کی کوشش مسترد کرتے ہوئے حتمی طور پر قرار دیا ہے کہ معاہدہ مکمل طور پر نافذ العمل ہے۔ عدالت نے معاہدے کی حیثیت پر حتمی فیصلہ اوارڈ آن ٹریٹی سٹیٹس جاری کرنے کے ساتھ ساتھ رتلے ہائیڈرو الیکٹرک پلانٹ (آر ایچ ای پی) سے متعلق پابند عبوری اقدامات کا حکم بھی جاری کردیا۔ عدالت نے اہم فیصلہ سناتے ہوئے بھارت کے اس یکطرفہ موقف کو مسترد کردیا کہ 1960 کا معاہدہ معطل ہو چکا ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ بھارت اپنے بین الاقوامی وعدوں کا پابند ہے اور وہ یکطرفہ طور پر معاہدے سے دستبردار یا اس کی ذمہ داریوں سے فرار اختیار نہیں کرسکتا۔ عدالت نے قرار دیا کہ بھارت کو سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی پابندی کرنا ہوگی، جن میں مغربی دریاؤں پر اس کے پن بجلی منصوبوں کے ڈیزائن اور آپریشن سے متعلق شرائط بھی شامل ہیں۔ رتلے منصوبے سے متعلق یہ پابندی اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک معاہدے کے تحت مقرر غیر جانبدار ماہر منصوبے کے ڈیزائن کے معاہدے سے مطابقت رکھنے یا نہ رکھنے کے بارے میں حتمی فیصلہ نہیں کرتا۔ اس فیصلے کے بعد مزید 90 روز تک بھی عبوری پابندی برقرار رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ثالثی عدالت نے بھارت کو منصوبے پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں کے شیڈول سے متعلق باقاعدہ رپورٹس جمع کرانے کی بھی ہدایت کی ہے تاکہ شفافیت اور عدالتی حکم پر عمل درآمد یقینی بنایا جاسکے۔ فیصلے کے بعد سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے بھارت کی جانب سے اختیار کیے گئے یکطرفہ اقدامات کو قانونی چیلنج کا سامنا ہے جبکہ عدالت نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ دونوں ممالک کو معاہدے کے طے شدہ قانونی طریقہ کار کے مطابق اپنے تنازعات حل کرنا ہوں گے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان نے ثالثی عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے جس میں بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر التوا میں رکھنے کی غیر قانونی کوشش کو دوٹوک انداز میں مسترد کرتے ہوئے اس بات کی توثیق کی گئی ہے کہ معاہدہ بدستور مکمل طور پر نافذ العمل ہے اور فریقین اس کے پابند ہیں۔ سماجی رابطے کے ذریعے ایکس پر اپنے بیان میں اسحاق ڈار نے کہا کہ یہ فیصلہ پاکستان کے اس مستقل موقف کی تائید کرتا ہے کہ کسی بھی پابند بین الاقوامی معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں کیا جاسکتا۔ اب اگر عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے کا بھی وہی حشر ہونے دیا گیا جو اقوام متحدہ کی قراردادوں کا ہوا تو یہ نہ صرف پاکستان اور خطے کے امن کے لیے خطرناک ہوگا بلکہ عالمی قانونی نظام کی ساکھ کے لیے بھی ایک مہلک ضرب ثابت ہوگا۔ کسی بھی بین الاقوامی معاہدے یا عدالتی فیصلے کی افادیت اسی وقت تک برقرار رہتی ہے جب تک اس پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں بین الاقوامی برادری اور بالخصوص اقوام متحدہ، عالمی بینک اور دیگر اداروں کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ محض بیانات جاری کرنے پر اکتفا نہ کریں بلکہ بھارت پر عملی اقدامات کے ذریعے دباؤ ڈالیں کہ وہ اس فیصلے کی مکمل پاسداری کرے۔ اگر عالمی بینک اور بین الاقوامی برادری نے اس موقع پر خاموشی اختیار کی یا محض رسمی بیانات پر اکتفا کیا تو یہ خطرہ حقیقت کا روپ دھار سکتا ہے کہ بھارت جنوبی ایشیا میں پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے کی ایک خطرناک روایت قائم کر رہا ہے جس کے اثرات نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کی آبی سلامتی پر مرتب ہوں گے۔

پانی کو ہتھیار بنانے کی کوشش اور بھارت کو دی ہیگ سے ملنے والا جواب

محمد اکرم چوہدری

کبھی کبھی تاریخ کا فیصلہ میدان جنگ میں نہیں، عدالت کے ایک کمرے میں ہوتا ہے۔ 31 اگست 2026 کو دی ہیگ سے آنے والا فیصلہ بھی ایسا ہی ایک لمحہ ہے۔ بھارت نے اپریل 2025 میں سندھ طاس معاہدے کو یک طرفہ طور پر التوا یا abeyance میں رکھنے کا اعلان کیا تھا۔ اب Court of Arbitration نے متفقہ طور پر قرار دیا ہے کہ بھارت جن بنیادوں پر اس معاہدے کو معطل یا ختم کرنا چاہتا ہے، ان میں سے کوئی بنیاد بین الاقوامی قانون کے تحت ایسا کرنے کے لیے کافی نہیں۔ یعنی سیدھی سی بات یہ ہے: سندھ طاس معاہدہ ختم نہیں ہوا، معطل نہیں ہوا، بلکہ بدستور پوری طرح نافذ ہے۔ یہ فیصلہ پاکستان کے لیے محض قانونی کامیابی نہیں بلکہ اس سوچ کی شکست بھی ہے جس کے تحت دو ملکوں کے درمیان سیاسی یا عسکری کشیدگی کو کروڑوں انسانوں کے پانی سے جوڑا جا سکتا ہے۔

پہلگام سے پانی تک 22 اپریل 2025 کو بھارت کے زیر انتظام جموں و کشمیر کے علاقے پہلگام میں ایک ہولناک حملہ ہوا۔ بھارت نے اس کے بعد پاکستان پر سرحد پار دہشت گردی کی پشت پناہی کے الزامات عائد کیے۔ پاکستان نے ان الزامات کی تردید کی، مگر اگلے ہی روز بھارت نے اعلان کر دیا کہ 1960 کا سندھ طاس معاہدہ فوری طور پر abeyance میں رکھا جا رہا ہے، یہاں تک کہ پاکستان، بھارتی الفاظ میں، سرحد پار دہشت گردی کی حمایت سے credibly and irrevocably دستبردار ہو۔ یہاں سے معاملہ صرف سفارت کاری تک محدود نہیں رہا۔

مئی 2025 میں بھارت نے Operation Sindoor کے نام سے پاکستان کے اندر فوجی کارروائیاں کیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان میزائلوں، ڈرونز، فضائی کارروائیوں اور سرحد پار گولہ باری کا خطرناک تبادلہ ہوا۔ دونوں ممالک نے ایک دوسرے پر جارحیت شروع کرنے اور شہری و فوجی اہداف کو نشانہ بنانے کے الزامات لگائے۔ چند دنوں کی یہ کشیدگی دو ایٹمی طاقتوں کو ایک انتہائی خطرناک مقام تک لے گئی۔ پاکستانی نقطہ نظر سے بھارت کا پاکستان کے اندر طاقت کا استعمال اس کی خودمختاری کے خلاف جارحانہ اقدام تھا۔ بھارت نے اپنی کارروائی کو دہشت گردی کے خلاف جواب اور دفاعی اقدام قرار دیا۔ ان متضاد بیانیوں کے باوجود ایک حقیقت غیر متنازع ہے: بھارت نے پاکستان کی حدود میں فوجی حملے کیے اور ساتھ ہی پانی کے ایک چھ دہائیوں پرانے معاہدے کو بھی یک طرفہ طور پر معطل قرار دیا۔ یہی وہ مقام تھا جہاں سوال پیدا ہوا کہ کیا سیاسی اور عسکری کشیدگی کو پانی تک لے جانا قانونی طور پر ممکن بھی ہے؟

دی ہیگ سے جواب آیا: نہیں، دریاؤں پر غصے کی حکومت نہیں چل سکتی۔ سندھ طاس معاہدہ کوئی عام سفارتی اعلامیہ نہیں۔ 1960 میں طے پانے والے اس معاہدے نے دریائے سندھ کے نظام کو بنیادی طور پر مشرقی اور مغربی دریاؤں میں تقسیم کیا۔ راوی، بیاس اور ستلج بھارت کے لیے مختص ہوئے، جبکہ سندھ، جہلم اور چناب کے مغربی دریاؤں کے پانیوں پر پاکستان کو بنیادی حقوق دیے گئے، اگرچہ بھارت کو معاہدے کی مقررہ حدود کے اندر بعض زرعی، گھریلو، غیر صرفی اور پن بجلی کے استعمال کی اجازت حاصل ہے۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ معاہدے میں کسی ایک ملک کو یہ اختیار نہیں دیا گیا کہ وہ غصے، جنگ، سیاسی تنازع یا اپنی مرضی سے اسے ختم کردے۔ معاہدہ تب تک نافذ رہتا ہے جب تک پاکستان اور بھارت دونوں ایک نئے، باقاعدہ طور پر منظور شدہ معاہدے کے ذریعے اسے تبدیل یا ختم نہ کریں۔

بھارت نے abeyance کی اصطلاح استعمال کی، مگر عدالت نے ایک بنیادی سوال پوچھا: بین الاقوامی قانون میں اس کا مطلب کیا ہے؟ عدالت کے مطابق سندھ طاس معاہدے میں abeyance نام کی کوئی قانونی کیفیت موجود ہی نہیں۔ اصل قانونی سوال یہ تھا کہ آیا بھارت معاہدے کو suspend یا terminate کر سکتا ہے۔ عدالت نے دونوں امکانات کا جائزہ لیا اور دونوں کا جواب نفی میں آیا۔ خودمختاری کا مطلب وعدے توڑنے کی آزادی نہیں۔ بھارت کی جانب سے sovereignty یعنی ریاستی خودمختاری کا حوالہ بھی دیا گیا تھا، لیکن عدالت نے ایک نہایت بنیادی اصول یاد دلایا: کوئی ریاست صرف اپنی خودمختاری کا حوالہ دے کر کسی بین الاقوامی معاہدے سے یک طرفہ طور پر آزاد نہیں ہو سکتی۔ بین الاقوامی تعلقات کا پورا نظام ایک سادہ اصول پر کھڑا ہے: معاہدے کیے جاتے ہیں تو انہیں نبھایا جاتا ہے۔ اگر ہر ریاست یہ طے کرنے لگے کہ آج اس کے قومی مفاد میں کون سا معاہدہ ہے اور کل کون سا نہیں، تو دنیا میں کسی بین الاقوامی معاہدے کی کوئی وقعت باقی نہیں رہے گی۔ یہی وجہ ہے کہ دی ہیگ کا فیصلہ صرف پاکستان اور بھارت کے پانیوں کا فیصلہ نہیں، یہ بین الاقوامی قانون کی ساکھ کا سوال بھی تھا۔ دہشت گردی کا الزام بھی معاہدہ ختم کرنے کے لیے کافی نہیں۔ اس فیصلے کا شاید سب سے اہم اور حساس حصہ دہشت گردی سے متعلق ہے۔ بھارت کا موقف رہا کہ پاکستان کی مبینہ سرحد پار دہشت گردی سندھ طاس معاہدے کو abeyance میں رکھنے کے فیصلے کا جواز فراہم کرتی ہے۔ عدالت نے اس الزام کو معمولی قرار نہیں دیا۔ اس نے واضح کیا کہ دہشت گردی سے متعلق الزام انتہائی سنگین معاملہ ہے۔ مگر عدالت نے ایک اور اہم فرق قائم کیا۔ اس نے بحث کی خاطر یہ فرض کر کے بھی معاملہ دیکھا کہ اگر بھارتی الزام درست ہو، تب بھی اس سے سندھ طاس معاہدے کی material breach ثابت نہیں ہوتی۔

کیوں؟ کیونکہ سندھ طاس معاہدہ دہشت گردی، جنگ یا طاقت کے استعمال کا معاہدہ نہیں۔ اس کا موضوع دریائے سندھ کے نظام کے پانی اور دونوں ریاستوں کے آبی حقوق و فرائض ہیں۔ یعنی ایک شعبے کے الزام کو اٹھا کر دوسرے شعبے کے بین الاقوامی معاہدے کو یک طرفہ طور پر ختم نہیں کیا جا سکتا۔ یہ پاکستان کے موقف کی بہت بڑی قانونی تقویت ہے۔ بھارت کے دوسرے دلائل بھی نہ چل سکے۔ بھارت کی طرف سے برسوں سے یہ شکایت سامنے آتی رہی ہے کہ 1960 کے حالات بدل چکے ہیں۔ آبادی بڑھ چکی ہے، توانائی کی ضروریات بدل چکی ہیں۔

وزیراعظم کی شنگھائی اجلاس میں شرکت

اسد اللہ غالب

وزیراعظم محمد شہباز شریف کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک روانہ ہو چکے ہیں، جہاں وہ شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کی کونسل کے اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ یہ محض ایک اور بیرونی دورہ نہیں بلکہ خطے کی سفارتی اور اقتصادی تاریخ میں ایک اہم موڑ ہے کیونکہ اس اجلاس کے بعد پاکستان باضابطہ طور پر شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالنے جا رہا ہے جو اگلے ایک سال تک ہمارے ذمے رہے گی۔ یہ ایک بڑا اعزاز ہے، اور اس بات کا واضح اعتراف ہے کہ عالمی برادری پاکستان کی سفارتی صلاحیت اور علاقائی اہمیت پر اعتماد رکھتی ہے۔ اکتیس اگست سے یکم ستمبر تک جاری رہنے والا یہ اجلاس اس ناطے سے بھی اہمیت رکھتا ہے کہ اس میں خطے کے کئی اہم رہنما شریک ہوئے ہیں جن میں بھارتی وزیراعظم نریندر مودی بھی شامل ہیں۔ یہ بات قابل فخر ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم کا پلیٹ فارم ایسا ہے جہاں خطے کے تمام اہم ممالک ایک میز پر بیٹھ کر مکالمے کو ترجیح دیتے ہیں۔ یہی اس تنظیم کی اصل قوت ہے: یہ محض ایک اقتصادی یا سلامتی بلاک نہیں بلکہ ایک ایسا فورم ہے جو وسطی و جنوبی ایشیا کے متنوع مفادات رکھنے والے ممالک کو باہمی افہام و تفہیم کی میز پر لے آتا ہے، اور پاکستان اس مکالمے میں ایک مرکزی اور معتبر کردار ادا کر رہا ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف کا یہ دورہ ایسے وقت ہو رہا ہے جب پاکستان بین الاقوامی سطح پر اپنی سفارتی سرگرمی کو مسلسل بڑھا رہا ہے اور دنیا بھر میں اس کی پذیرائی ہو رہی ہے۔ گزشتہ برس تیانجن میں منعقدہ شنگھائی تعاون تنظیم کے پچیسویں اجلاس میں وزیراعظم عالمی رہنماؤں کی توجہ کا مرکز بنے تھے، جہاں چینی صدر شی جن پنگ نے ذاتی طور پر ان کا پرتپاک استقبال کیا تھا۔ اسی طرح رواں سال چین کے ساتھ سات ارب ڈالر سے زائد کے معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر پیش رفت ہوئی جو پاک چین دوستی کو ہر موسم کی مثالی شراکت داری سے آگے بڑھا کر ایک ٹھوس اقتصادی حقیقت میں بدل رہی ہے۔ اب صدارت سنبھالنے کے بعد پاکستان کو یہ نادر موقع ملے گا کہ وہ ان تعلقات کو ادارہ جاتی سطح پر مزید مستحکم اور دیرپا بنائے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت پاکستان کے لیے کئی حوالوں سے ایک زریں موقع ہے۔ سب سے پہلے تو یہ ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں پاکستان خود کو ایک فعال، ذمہ دار اور تعمیری کردار ادا کرنے والے ملک کے طور پر پیش کرے گا جو علاقائی امن، رابطہ کاری اور اقتصادی انضمام میں پیش پیش ہے۔ دوسرا، یہ فورم پاکستان کو چین، روس، وسطی ایشیائی ریاستوں اور دیگر رکن ممالک کے ساتھ تجارتی و سرمایہ کاری کے نئے اور وسیع راستے کھولنے کا ذریعہ بنے گا۔ تیسرا، دہشت گردی، منشیات کی اسمگلنگ اور سرحد پار جرائم جیسے مشترکہ خطرات کے خلاف علاقائی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا یہ ایک موثر اور بروقت ذریعہ ہوگا۔

یہ ذمہ داری اس بات کا بھی مظہر ہے کہ پاکستان کی سفارت کاری اب ایک نئے اور پختہ مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ اگلے ایک سال کے دوران پاکستان تنظیم کے مختلف اجلاسوں، ورکنگ گروپس اور اقدامات کی میزبانی اور رہنمائی کرے گا جو دنیا کے سامنے پاکستان کی انتظامی مہارت، سفارتی تدبر اور غیر جانبدارانہ قیادت کو نمایاں کرنے کا بہترین موقع ثابت ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف اور ان کی ٹیم، جس میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار جیسے تجربہ کار سفارت کار شامل ہیں، اس اہم ذمہ داری کو نہایت خوش اسلوبی سے نبھانے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ بات بھی خوش آئند ہے کہ پاکستان کی سفارتی مصروفیات محض شنگھائی تعاون تنظیم تک محدود نہیں۔ گزشتہ عرصے میں ملائیشیا، ایران اور دیگر برادر ممالک کے ساتھ بھی وزیراعظم کی سطح پر رابطے اور دورے جاری رہے ہیں جن کا مقصد تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور تعلیم جیسے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینا ہے۔ یہ مسلسل اور فعال سفارتی تسلسل اس بات کی واضح دلیل ہے کہ حکومت خارجہ پالیسی کو اقتصادی سفارت کاری کے ساتھ جوڑ کر ملکی مفادات کے تحفظ کے لیے موثر انداز میں کام کر رہی ہے۔

شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت پاکستان کے لیے ایک ایسا سنہری موقع ہے جس کے ذریعے ملک اپنی جغرافیائی اہمیت، تاریخی روابط اور سفارتی تجربے کو بروئے کار لا کر خطے میں امن، ترقی اور تعاون کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔ یہ پاکستان کی اس دیرینہ خواہش کی بھی تکمیل ہے کہ وہ محض بین الاقوامی فورمز کا حصہ نہیں بلکہ ان کی قیادت کرنے والا ملک بنے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی سفارتی بصیرت اور مسلسل عالمی رابطوں نے پاکستان کو اس مقام تک پہنچایا ہے کہ آج دنیا کے بڑے رہنما پاکستان کی میزبانی اور قیادت پر اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں۔ بحیثیت قوم ہمیں اس موقع پر فخر محسوس کرنا چاہیے کہ پاکستان ایک ایسے وقت میں شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھال رہا ہے جب خطہ نئے اقتصادی اور سفارتی امکانات کی طرف بڑھ رہا ہے۔ یہ صدارت پاکستان کے لیے اپنی سفارتی حیثیت کو مستحکم کرنے، عالمی برادری میں اپنا کردار نمایاں کرنے، اور خطے کے ممالک کے ساتھ دوستی اور تعاون کے نئے ابواب رقم کرنے کا ذریعہ بنے گی۔ وزیراعظم کا یہ دورہ اور اس کے بعد ملنے والی یہ اہم ذمہ داری پاکستان کی سفارتی تاریخ میں ایک روشن باب کے طور پر یاد رکھی جائے گی۔

وزیراعظم شہباز شریف کی یہ کامیابی محض ایک انفرادی سفارتی کامیابی نہیں بلکہ پوری قوم کی اجتماعی کامیابی ہے۔ جب کوئی ملک عالمی فورم کی قیادت سنبھالتا ہے تو اس کا اثر صرف حکومتی سطح تک محدود نہیں رہتا بلکہ اس سے پورے ملک کی ساکھ، اس کے تاجروں، سرمایہ کاروں اور نوجوان نسل کے مستقبل پر بھی مثبت اثر پڑتا ہے۔

نواز شریف... وزیراعظم آزاد کشمیر

سرفراز راجا

مظفرآباد کے ایک انتخابی جلسے میں تین بار پاکستان کے وزیراعظم رہنے والے نواز شریف نے کھڑے ہو کر ازراہ تفنن کشمیر کا وزیراعظم بننے کی خواہش کا اظہار کیا تو یہ میڈیا کی ہیڈلائن بن گئی اور ٹاک شوز میں اس پر بحث بحرار کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ جس حلقے میں یہ جلسہ ہو رہا تھا، وہاں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کو انتخابات میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ دلچسپ بات یہ ہوئی کہ اس حلقے سے جیتنے اور ہارنے والے دونوں امیدوار وزارت عظمیٰ کیلئے مدمقابل آ گئے۔ مسلم لیگ (ن) نے حسب توقع اپنے امیدوار کو وزیراعظم منتخب کروا لیا۔ یہ ایک منفرد اور حیران کن صورتحال تھی، جو خود مسلم لیگ (ن) کی آزاد کشمیر قیادت کے لیے بھی ایک بڑا سرپرائز ثابت ہوئی۔ اتنا بڑا سرپرائز کہ پارٹی کے آزاد کشمیر چیپٹر کے سربراہ شاہ غلام قادر وزارت عظمیٰ کے انتخاب میں ووٹ ڈالنے ہی نہیں آئے۔

اس بار مقامی حالات کے پیش نظر آزاد کشمیر کے انتخابات تین مراحل میں کرائے گئے۔ مسلم لیگ (ن) نے پہلے دو مراحل میں ہی سادہ اکثریت حاصل کر لی تھی اور وہ کسی دوسری جماعت کی حمایت کے بغیر اپنا وزیراعظم منتخب کروانے کی پوزیشن میں آ چکی تھی۔ ایسے میں پارٹی کے اندر وزیراعظم کے لیے سب سے پہلا نام جو ذہنوں میں آیا وہ پارٹی صدر شاہ غلام قادر کا تھا۔ انہیں مضبوط ترین امیدوار تصور کیا جا رہا تھا۔ پارٹی سیکرٹری جنرل طارق فاروق کا نام بھی مضبوط امیدوار کے طور پر سامنے آیا، مگر آخری وقت میں جب افتخار گیلانی کا نام سامنے آیا تو اس نے سب کو حیران کر دیا اور بہت سے لوگوں کو پریشان بھی۔

افتخار گیلانی آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفرآباد کے شہری حلقے سے لگاتار دوسرا انتخابات ہار چکے ہیں اور اس بار انہیں انتخابات میں شکست کے بعد ٹیکنوکریٹ کی نشست پر ممبر اسمبلی منتخب کرایا گیا۔ مخصوص نشست پر وزیراعظم بننے میں کوئی قانونی رکاوٹ تو نہیں، لیکن بہت سے حلقے اسے اخلاقی طور پر مناسب نہیں سمجھتے۔ اب سوال یہ ہے کہ افتخار گیلانی کا انتخاب کیوں اور کس نے کیا؟ یہ سوال اب تک زیر بحث ہے۔ بہت سے لوگ اس انتخاب کو اسٹیبلشمنٹ پر ڈال رہے ہیں، بالکل اسی طرح جیسے کئی مبہم معاملات کو اسٹیبلشمنٹ کے کھاتے میں ڈال دیا جاتا ہے۔

لیکن مسلم لیگ (ن) کے ذرائع اس بارے میں ایک الگ موقف رکھتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق، مرکزی قیادت یعنی نواز شریف، جنہوں نے خود وزیراعظم بننے کی خواہش کا اظہار کیا تھا، ان کا اصل مقصد یہ تھا کہ کشمیر کا وزیراعظم ایسا ہو جو ان کی طرز پر اور ان کے مطابق کام کر سکے۔ پارٹی قیادت کو بخوبی احساس ہے کہ آزاد کشمیر میں عوام میں احساس محرومی بڑھ رہا ہے، یہی وجہ ہے کہ گزشتہ سالوں میں ایکشن کمیٹی جیسے فورم کو عوام کی بھرپور تائید حاصل ہوئی۔ اس احساس محرومی کا خاتمہ علاقے کو ترقی دے کر ہی ممکن ہے۔ اس لیے پارٹی قیادت کا خیال تھا کہ ایک ایسا وزیراعظم ہونا چاہیے جو سیاسی الجھنوں کے بجائے صرف ترقیاتی امور پر فوکس کرے۔ ایسا وزیراعظم جو نوجوانوں کو اپنی جانب راغب کر سکے اور ان کے مسائل کو سمجھ سکے۔ اس لئے ضروری ہے کہ یہ نوجوانوں میں سے ہی ہو۔ شاید پرانے سیاست دان یہ کام نہ کر سکیں۔ اسی لیے ایک نوجوان اور پڑھے لکھے شخص کو وزیراعظم کے لیے منتخب کیا گیا۔ ان لیگی ذرائع یہ بھی بتاتے ہیں کہ اس بار ایجنڈا صرف ترقی ہے۔ تعلیم، صحت، روزگار اور انفراسٹرکچر بنیادی ترجیحات ہوں گی۔ پنجاب طرز کے ترقیاتی منصوبے آزاد کشمیر میں شروع کرنے کا اعلان نواز شریف اور مریم نواز انتخابی جلسوں میں کر چکے ہیں۔ اب اس پر عمل درآمد کتنا اور کتنی جلدی ممکن ہو پائے گا، آنے والے چند مہینے اس کی سمت کا تعین کریں گے۔

آزاد کشمیر میں انتخابات کروانا موجودہ حالات میں ایک بڑا چیلنج تھا، لیکن نئی حکومت کے سامنے سب سے بڑا چیلنج راولاکوٹ اور پونچھ کے علاقوں میں حالات کو گفت و شنید کے ذریعے معمول پر لانا ہے، تاکہ وہاں بھی انتخابات ہو سکیں۔ یہ کشمیری عوام کی سب سے بڑی تشویش ہے۔ اس کے بعد سیاسی نظام پر عوام کا اعتماد بحال کرنا ہے۔ لوگوں کو اس سے غرض نہیں کہ ان کا وزیراعظم کون ہے، انہیں اس بات سے غرض ہے کہ ان کے مسائل کون اور کیسے حل کرتا ہے۔ افتخار گیلانی کا انتخاب حیران کن ضرور ہے، مگر اگر وہ ترقی کا وعدہ پورا کر سکے تو یہ فیصلہ دانشمندانہ ثابت ہوگا۔ پھر وہ کوئی بھی ہو نواز شریف کو پس پردہ کشمیر کا وزیراعظم بن کر دکھانا ہوگا۔ عوام نے ان پر اعتماد کیا ہے تو وعدے پورے کرنا ہوں گے کیونکہ کشمیر کے اس خطے کو جتنی توجہ کی ضرورت آج ہے پہلے کبھی نہ تھی۔

پاکستان میں جنسی تشدد کا بڑھتا ہوا بحران

صائمہ صدیق

پاکستان کو ایک گہری پریشان کن حقیقت کا سامنا ہے۔ ملک کے مختلف حصوں سے جنسی حملوں، خواتین کے خلاف تشدد، گھریلو زیادتی اور بچوں کے خلاف جرائم کی رپورٹس سامنے آتی رہتی ہیں۔ ہر رپورٹ شدہ کیس کے پیچھے محض ایک مجرمانہ واقعہ نہیں ہوتا بلکہ انسانی جان کو نقصان پہنچایا جاتا ہے، ایک خاندان کو صدمے کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ایک معاشرہ ایک غیر آرام دہ سوال کا سامنا کرنے پر مجبور ہوتا ہے: ہم اپنے معاشرے کے سب سے زیادہ کمزور افراد کے خلاف اتنے تشدد اور ظلم کیوں ہو رہے ہیں۔ بچوں کے حقوق کے لیے کام کرنے والے اداروں کے مطابق ہزاروں بچے ہر سال مختلف اقسام کے تشدد، جنسی استحصال، اغوا اور دیگر جرائم کا شکار ہوتے ہیں۔ مختلف اعداد و شمار کے مطابق 3,630 بچوں سے متعلق زیادتی کے واقعات رپورٹ ہوئے، جن میں تقریباً 2,003 کیسز بچوں کے جنسی استحصال، ریپ یا لواطت سے متعلق تھے۔ انسانی حقوق کی تنظیم ساحل کی طرف سے مرتب کی گئی چھ ماہ کی رپورٹ کے مطابق 2026 کی پہلی ششماہی کے دوران پاکستان بھر میں صنفی بنیاد پر تشدد کے کل 3,172 کیسز جن میں ریپ کے 280 کیسز بھی شامل ہیں۔ نور مقدم کے قتل، والا ہور موٹر وے ریپ، زینب انصاری کیس، ثنا راس مائی کیس، کے بعد خواتین اور بچوں سے متعلق مزید حالیہ کیسز نے بڑے پیمانے پر عوامی غم و غصے کو جنم دیا ہے۔ پاکستان میں حالیہ مہینوں میں جنسی زیادتی، گھریلو زیادتی، اور خواتین اور بچوں کے قتل سے متعلق اعلیٰ درجے کے کیسز میں پریشان کن اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

سیدہ ثانیہ زہرہ، مناظر ریف، کراچی کے علاقے قیوم آباد میں 18 ماہ کی بچی عزال علی المناک طور پر جاں بحق ہوگئی۔ اس طرح کے معاملات کا مسلسل ظہور یہ ظاہر کرتا ہے کہ انفرادی واقعات کے پیش آنے کے بعد ان پر ردعمل ظاہر کر کے مسئلے کو حل نہیں کیا جا سکتا۔ جنسی تشدد کے سب سے خطرناک پہلوؤں میں سے ایک یہ ہے کہ مجرم اکثر مکمل اجنبی نہیں ہوتا ہے۔ بہت سے معاملات میں، ملزم کوئی ایسا شخص ہوتا ہے جو متاثرہ شخص کا جاننے والا ہو۔ ایک رشتہ دار، جاننے والا، پڑوسی، ساتھی، خاندانی دوست یا کوئی دوسرا شخص جس نے متاثرہ کا اعتماد حاصل کیا ہو۔ یہ جرم کو خاص طور پر تباہ کن بنا دیتا ہے کیونکہ متاثرہ کو ابتدائی طور پر یقین ہو سکتا ہے کہ وہ یا بچہ محفوظ ماحول میں ہے۔ جب جنسی زیادتی کے بعد قتل ہوتا ہے تو یہ جرم اور بھی خوفناک ہو جاتا ہے۔ مبینہ مجرم شناخت، تفتیش یا قانونی نتائج کے خوف سے شکار کو ختم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ پہلے سے ہی تباہ کن جرم کو دوسرے جرم میں بدل دیتا ہے جس کا مقصد پہلے کو چھپانا ہے۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ ابتدائی رپورٹنگ، موثر تفتیش، فرانزک ثبوت اور متاثرین کا تحفظ اتنا اہم کیوں ہے۔ سوال صرف یہ نہیں کہ مجرم یہ جرائم کیوں کرتے ہیں۔ معاشرے کو ایک وسیع تر سوال پوچھنا چاہیے ہماری کمیونٹیز کے اندر ایسا کیا ہو رہا ہے جو خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد کو ممکن بناتا ہے؟ یہ کہنا غلط ہوگا کہ ہر پاکستانی انسان دشمن ہو رہا ہے یا تعلیم خود بخود مجرمانہ رویے کو روکتی ہے۔ مختلف سماجی، اقتصادی اور تعلیمی پس منظر سے تعلق رکھنے والے افراد جنسی تشدد کا ارتکاب کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ مسئلہ صرف خواندگی سے زیادہ پیچیدہ ہے۔ کردار، ہمدردی، احترام اور احتساب کے بغیر تعلیم پرامن معاشرے کی ضمانت نہیں دے سکتی۔ اسی طرح صرف غربت جنسی تشدد کی وضاحت نہیں کر سکتی۔ دولت، سماجی حیثیت اور پیشہ ورانہ پوزیشن خود بخود مجرمانہ رویے کو نہیں روکتی۔ ہمارے بچوں کو اوائل عمری سے ہی یہ سکھایا جانا چاہیے کہ ان کے جسم ان کے ہیں اور کسی کو حق نہیں ہے کہ وہ انہیں نامناسب طریقے سے چھوئے، چاہے وہ شخص رشتہ دار ہو یا خاندان کا کوئی بھروسے والا ہو۔ اس کا مطلب بچوں میں خوف پیدا کرنا نہیں ہے۔ یعنی انہیں علم دینا۔ والدین کو بچوں کو یہ سکھانا چاہیے کہ نامناسب رویے کی شناخت کیسے کی جائے، کیسے نہ کہی جائے، مدد کیسے لی جائے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ جب وہ کسی خوفناک یا غیر آرام دہ چیز کی اطلاع دیں تو ان پر یقین کیا جائے گا۔ بدقسمتی سے، سماجی دباؤ بعض اوقات خاندانوں کو خاموش رہنے کی ترغیب دیتا ہے کیونکہ وہ شرمندگی، بدنامی یا تنقید سے ڈرتے ہیں۔ یہ خاموشی مجرموں کو دوسروں کو نقصان پہنچانے کی اجازت دے سکتی ہے۔ گھریلو تشدد کو نجی خاندانی معاملہ نہیں سمجھا جا سکتا۔ ایک ایسا معاشرہ جو گھر کے اندر جسمانی تشدد کو معمول بناتا ہے وہ ایک ایسا ماحول پیدا کرتا ہے جس میں کمزور لوگ بدسلوکی کا شکار ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا گھریلو تشدد کو محض ایک "خاندانی تنازعہ" کے بجائے ایک سنگین سماجی اور مجرمانہ مسئلے کے طور پر تسلیم کیا جانا چاہیے۔ عورت سے خاموش رہنے کی توقع نہیں کی جانی چاہیے کیونکہ مجرم اس کا شوہر، رشتہ دار یا کوئی ایسا شخص ہے جس کے ساتھ اس کا خاندانی تعلق ہے۔ اسی طرح بچوں سے بھی بدسلوکی برداشت کرنے کی توقع نہیں رکھنی چاہیے کیونکہ ملزم خاندان کا فرد ہے۔ انصاف کے نظام کو عوام کے غم و غصے کے بعد محض سزا نہیں بلکہ یقینی رہائی کرانے والا ہونا چاہیے۔ پاکستان اکثر ایک ہائی پروفائل جرم کے بعد بہت زیادہ عوامی غصے کا مشاہدہ کرتا ہے۔ سوشل میڈیا ایکو ہو جاتا ہے۔ سیاستدان بیانات جاری کرتے ہیں۔ پولیس گرفتاریوں کا اعلان کرتی ہے۔ عوام سخت سزا کا مطالبہ کرتے ہیں۔ لیکن انصاف کا انحصار اس بات پر نہیں ہو سکتا کہ کسی کیس کو میڈیا کی کتنی توجہ حاصل ہوتی ہے۔ انصاف کے نظام کا اصل امتحان یہ ہوتا ہے کہ ان ہزاروں متاثرین کے ساتھ کیا ہوتا ہے جن کے مقدمات کبھی قومی سرخیاں نہیں بنتے۔ ایک مضبوط نظام کے لیے پیشہ ورانہ تفتیش، فرانزک شواہد کے تحفظ، گواہوں کی حفاظت، متاثرین کی مدد، استغاثہ کی صلاحیت اور بروقت عدالتی کارروائی کی ضرورت ہوتی ہے۔

پاکستانی معیشت کا پہیہ رواں

محمد صباح الدین

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا لندن میں پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کے موقع پر کہنا تھا کہ پاکستان ایک ایسے مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں قومی زندگی کے مختلف شعبوں میں استحکام، بہتری اور آگے بڑھنے کی امید نمایاں ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ معاشی مشکلات، سیاسی بے یقینی اور علاقائی چیلنجز کے باوجود پاکستان نے اپنے سفر کو رکنے نہیں دیا۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک کی مثبت پیش رفت کو تسلیم کرتے ہوئے قومی اتحاد، معاشی نظم و ضبط اور مستقل مزاجی کے ساتھ ترقی کے سفر کو مزید آگے بڑھایا جائے۔ اسحاق ڈار کا یہ بھی کہنا کہ معیشت کا پہیہ چل پڑا ہے، فی کس آمدنی اور معیار زندگی میں بہتری آئے گی، پاکستان عالمی سطح پر اہم مقام حاصل کر چکا ہے اور ملک کو ایک کلیم رول پرووائیڈر کے طور پر بھی تسلیم کیا جا رہا ہے۔ جو در اصل پاکستان کے مستقبل کے حوالے سے ایک مثبت اور پرامید سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ اسحاق ڈار کے خیالات کی عکاسی کی جائے تو ہمارا یہ کہنا درست تصور ہوتا ہے کہ پاکستانی قوم نے گزشتہ کئی برسوں کے دوران معاشی دباؤ، مہنگائی، توانائی کے مسائل اور مالی مشکلات کا سامنا کیا ہے۔ عام آدمی کی زندگی پر ان مشکلات کے اثرات بھی مرتب ہوئے۔ ایسے حالات میں معیشت کی بحالی اور استحکام صرف حکومتی کامیابی نہیں بلکہ پوری قوم کے لیے ایک اہم ضرورت ہے۔ جب معیشت کا پہیہ چلتا ہے تو اس کے اثرات صنعت، تجارت، زراعت، روزگار اور عام شہری کی زندگی تک پہنچتے ہیں۔ ایک مضبوط معیشت کا اصل مقصد صرف بڑے معاشی اعداد و شمار میں بہتری نہیں بلکہ عام شہری کی زندگی میں آسانی پیدا کرنا ہوتا ہے۔ فی کس آمدنی میں اضافہ، روزگار کے نئے مواقع، کاروباری سرگرمیوں میں وسعت، مہنگائی پر قابو اور بنیادی سہولتوں کی بہتر فراہمی وہ عوامل ہیں جو معیار زندگی کو بلند کرتے ہیں۔ اگر معاشی استحکام کے فوائد عام آدمی تک پہنچتے ہیں تو یہی حقیقی ترقی تصور کی جاتی ہے۔

اسحاق ڈار کے خطاب کا ایک اہم پہلو بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے کردار سے متعلق بھی ہے۔ دنیا بھر میں پھیلی ہوئی پاکستانی کمیونٹی پاکستان کا ایک قیمتی اثاثہ ہے۔ برطانیہ، یورپ، مشرق وسطیٰ، امریکہ اور دنیا کے دیگر ممالک میں پاکستانی اپنی محنت، قابلیت اور کاروباری صلاحیتوں کے ذریعے نہ صرف اپنی پہچان بنا رہے ہیں بلکہ پاکستان کی معیشت میں بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ترسیلات زر پاکستان کے لیے معاشی سہارا رہی ہیں۔ تاہم اب وقت آ گیا ہے کہ سمندر پار پاکستانیوں کے کردار کو صرف ترسیلات تک محدود نہ سمجھا جائے۔ ان کے پاس جدید کاروباری تجربہ، عالمی مارکیٹوں تک رسائی، سرمایہ کاری کی صلاحیت اور جدید ٹیکنالوجی کا علم موجود ہے۔ اگر حکومت ایک عزم اور قابل اعتماد پالیسی کے ذریعے اوورسیز پاکستانیوں کو سرمایہ کاری کے بہتر مواقع فراہم کرے تو وہ پاکستان کی معاشی ترقی میں ایک نئے باب کا آغاز کر سکتے ہیں۔

پاکستان کی عالمی اہمیت بھی تیزی سے نمایاں ہو رہی ہے۔ پاکستان جغرافیائی اعتبار سے دنیا کے ایک انتہائی اہم خطے میں واقع ہے۔ چین، وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا کے درمیان پاکستان کا محل وقوع اسے تجارت، توانائی اور علاقائی روابط کے لیے خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ یہی جغرافیائی حیثیت پاکستان کو عالمی سیاست اور معیشت میں ایک منفرد مقام فراہم کرتی ہے۔

پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن اور استحکام کے لیے ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیاں پوری دنیا کے سامنے ہیں۔ پاکستانی افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام نے ملکی سلامتی کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ اسی پس منظر میں پاکستان کا ایک سیکیورٹی پرووائیڈر کے طور پر سامنے آنا ایک اہم پیش رفت ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج نہ صرف ملکی سرحدوں کے دفاع کی ذمہ داری احسن طریقے سے انجام دے رہی ہیں بلکہ اقوام متحدہ کے امن مشنز میں بھی پاکستانی امن دستوں کی خدمات کو عالمی سطح پر سراہا جاتا رہا ہے۔ قدرتی آفات، انسانی بحرانوں اور علاقائی سلامتی کے معاملات میں پاکستان کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور ذمہ دارانہ کردار ملک کی بین الاقوامی ساکھ کو مضبوط بناتا ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں بھی معاشی سفارت کاری کو مرکزی اہمیت دینا وقت کی ضرورت ہے۔ آج کی دنیا میں سفارت کاری صرف سیاسی تعلقات کا نام نہیں رہی بلکہ تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، توانائی اور مارکیٹوں تک رسائی بھی جدید خارجہ پالیسی کا اہم حصہ ہیں۔ زراعت بھی پاکستان کی معیشت کی بنیاد ہے۔ جدید ٹیکنالوجی، بہتر بیج، پانی کے موثر استعمال اور زرعی مصنوعات کی ویلیو ایڈیشن کے ذریعے پاکستان اپنی زرعی پیداوار اور برآمدات میں نمایاں اضافہ کر سکتا ہے۔ اسی طرح آئی ٹی، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور فری لانسنگ کے شعبے پاکستان کے نوجوانوں کے لیے غیر معمولی امکانات رکھتے ہیں۔

پاکستان کے پاس قدرتی وسائل، نوجوان افرادی قوت، مضبوط دفاعی صلاحیت، اسٹریٹجک محل وقوع اور بیرون ملک ایک وسیع پاکستانی کمیونٹی موجود ہے۔ اگر ان تمام صلاحیتوں کو ایک مربوط قومی حکمت عملی کے تحت استعمال کیا جائے تو پاکستان کے لیے ترقی کے نئے دروازے کھل سکتے ہیں۔ اسحاق ڈار کا لندن میں پاکستانی کمیونٹی سے خطاب دراصل امید، اعتماد اور قومی صلاحیتوں پر یقین کا پیغام ہے۔ معیشت کی بحالی کا سفر یقیناً محنت، صبر اور مستقل مزاجی کا تقاضا کرتا ہے، لیکن اگر قومی سمت درست رہے تو پاکستان کے لیے بہتر معاشی مستقبل کوئی دور کا خواب نہیں۔ آج پاکستان کو مایوسی نہیں بلکہ اعتماد کی ضرورت ہے۔ ہمیں اختلاف رائے کے باوجود قومی مفاد پر متحد ہونا ہوگا۔ حکومت، سیاسی قیادت، اداروں، تاجروں، صنعت کاروں، نوجوانوں اور اوورسیز پاکستانیوں کو اپنی اپنی ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔ معیشت کا پہیہ چل پڑنے کا اصل فائدہ تب ہوگا جب اس کی رفتار عام پاکستانی کی زندگی میں بہتری، نوجوانوں کے لیے روزگار، مزدور کے لیے بہتر اجرت، کسان کے لیے مناسب معاوضے اور متوسط طبقے کے لیے آسانیوں کی صورت میں نظر آئے۔

سسٹم کو مروڑنے کے جتن

سعید آسی

میں تو آج بھی اس دل خوش کن مقولے کو پلے باندھ کر بیٹھا ہوں کہ بری سے بری جمہوریت بھی اچھی سے اچھی آمریت سے بہتر ہے مگر محسوس یہی ہو رہا ہے کہ جمہوریت کا بھولا بھولا اس کے ثمرات سے جھولیاں بھرنے والے ارباب بست و کشاد ہی اس کا مردہ خراب کرنے پر تلے بیٹھے ہیں اور اسی سسٹم میں موجود وزیر داخلہ محسن نقوی کی سسٹم کے ناکارہ ہونے کی بات سچ ثابت کر کے دکھانا چاہتے ہیں۔ سو ادارہ جاتی زبوں حالی اور کورنس کی بے ڈھنگی چال سلطانی جمہور کی عملداری کے سپنے دیکھنے والے مجھ جیسے خوش فہموں کی سوچ کو بھی ڈگمگا رہی ہے۔ ادارہ جاتی سطح پر ایک کیچڑ ایک جھٹکا۔ غضب خدا کا، کوئی کل بھی سیدھی نظر نہیں آ رہی۔ آخر اس ملک میں چل کیا رہا ہے۔ ماشاء اللہ ہمارا تشخص باہر کی دنیا میں تو روشن سے روشن اور مضبوط سے مضبوط تر ہو رہا ہے۔ چار دانگ عالم میں ہماری ڈپلومیسی کے ڈنکے بج رہے ہیں، دشمن پر گذشتہ سال مئی میں حاصل ہونے والی ہماری فتح مبین نے ہمیں اقوام عالم میں سرخرو کر دیا ہے، ہمارے خلاف دشمن کی ہر سازش اور ہر چال ناکامی و نامرادی کے گڑھے میں گر رہی ہے اور گذشتہ روز عالمی ثالثی عدالت نے بھی سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کی صورت میں ہمیں سیلاب کے پانی میں ڈبونے اور بھوکا پیاسا مارنے کی اس کی چال اس کے منہ پر دے ماری ہے اور اسے سندھ طاس معاہدے پر من و عن عملدرآمد کرنے کا ہدایت نامہ جاری کر دیا ہے جو بلاشبہ اقوام عالم میں بھارت کے توسیع پسندانہ عزائم کے خلاف ہمارے اصولی موقف کی فتح کا جھنڈا لہرا رہا ہے۔

ہمیں اقوام عالم میں اپنی دفاعی صلاحیتیں گذشتہ سال بھارت کے تسلیم شدہ چھ جنگی جہاز گرانے اور اس کے سائبر سسٹم کو مکمل جام کرنے کی صورت میں منوانے کا جو موقع ملا وہ ہمارے لئے مزید سرخروئی کے دروازے کھول رہا ہے اور "پاکستان، سعودیہ اسٹریٹجک ڈیفنس معاہدہ" مشترکہ دفاعی حصار میں ہمارا قدم مزید بڑھا رہا ہے جبکہ ہمیں اس سے ٹرمپ کی ستائش اور ایران امریکہ تنازعہ میں اسلام آباد مذاکرات کی یادداشت کی گونج آج بھی سنائی دے رہی ہے۔ ہماری انہی کامرانیوں کے ساتھ تو دنیا میں ہمارا تشخص ایک مضبوط معیشت اور وسائل سے مالا مال ملک کی حیثیت سے ابھرنا چاہئے مگر والے ناکامیوں کا کارواں جاتا رہا کاروں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا۔ ہم تو خود ہی اپنے سسٹم کو بربادیوں کی جانب دھکیل رہے ہیں اور ادارہ جاتی سطح پر یوں محسوس ہوتا ہے جیسے احتساب اور سزا کے خوف کا کہیں کوئی شائبہ تک نہیں رہا۔ آئی ایم ایف نے تو ہمیں نچوڑا سو نچوڑا، ہمارے اپنے حکمران اشرافیہ طبقات کی آئی پی پیز نے بھی ہمیں کنگال کرنے میں بھلا کوئی کسر چھوڑی ہے جنہیں بجلی پیدا کر کے دو چار یونٹ نیشنل گرڈ میں شامل کرنے سے بھی چھوٹ حاصل رہی تو کیپسٹی چارجز کی مد میں اربوں روپے وصول کرنے کی سہولت بیٹھے بٹھائے مل گئی اور قومی خزانے میں ہونے والی اس لوٹ مار کا سارا بوجھ بے وسیلہ و بے بس عوام کے کھاتے میں ڈال دیا گیا۔ کبھی انہی بے دردی سے لوٹ مار کے راستے کھولنے والوں کو بھی احتساب کی جھلک دکھائی جانی چاہئے یا نہیں؟ آج اقوام عالم میں بہترین تشخص کے ساتھ ابھرنے والی اس ارض وطن کے راندہ درگاہ عوام کی حالت یہ ہے کہ وہ گذشتہ دو ماہ سے جاری حبس کے موسم میں 24 گھنٹے کے چند لمحات بھی بجلی کی سہولت کے ساتھ سکون و اطمینان سے نہیں گزار سکتے۔

کہنے کی بات تو یہ کہ جب محکمہ توانائی کے ذمہ داران بشمول متعلقہ وزرا تک یہ نوید سنا رہے ہیں کہ بجلی کے صارفین نے سولر انرجی حاصل کر کے نیشنل گرڈ کو بھی انرجی سے لبالب بھر دیا ہے تو اس دل خوش کن صورت حال میں تو بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا تصور ہی ختم ہو جانا چاہئے۔ اس کے باوجود اگر عوام کو بلا شیڈول دن رات کی ہر گھنٹے بعد دو دو گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کی اذیت دی جا رہی ہے اور لیسکو سمیت بجلی کی ترسیل کے ذمہ دار اداروں میں بیٹھے اہلکاروں نے عوام کی شکایات کا بروقت ازالہ کرنا تو کجا، شکایت سننا بھی اپنی توہین سمجھ لیا ہے تو حضور زچ ہوئے بیٹھے عوام اس حکومتی گورننس کی تالیاں بجا کر اور ڈھول پیٹ کر داد دیں گے؟ بھئی حد تو یہ ہے بجلی کی سہولت سے محرومی کے باوجود عوام کے لئے بجلی کے بل ہیں کہ شیطان کی آنت کی طرح بڑھتے ہی چلے جا رہے ہیں۔ اور یہ حالی کی یہ داستان صرف بجلی فراہم کرنے والے اداروں تک محدود نہیں رہی بلکہ سوئی گیس اور پانی کی فراہمی کے ذمہ دار ادارے بھی عوام کو زچ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے۔ گیس پانی کی سہولت معدوم ہوتی چلی جا رہی ہے اور ان کے بل بھی بجلیوں سے نکل کر ہزاروں کی حدود میں داخل ہو چکے ہیں۔ اور شہریوں کو صحت، تعلیم، روزگار فراہم کرنے کی آئینی ریاستی ذمہ داری انہیں صحت اور تعلیم کی اچھی سہولتوں اور روزگار سے یکسر محروم کر کے نبھائی جا رہی ہے۔ راندہ درگاہ عوام کو طعنہ دیا جاتا ہے کہ وہ ٹیکس ادا نہیں کرتے اور اصل حقیقت یہ ہے کہ انہی عوام کو روزمرہ استعمال کی ہر چیز پر جی ایس ٹی اور دوسرے ان گنت ٹیکس لگا کر نچوڑا جا رہا ہے۔ تنخواہ دار طبقات تو اپنی تنخواہوں سے کٹوتی کرا کے جبراً ٹیکس ادا کرتے ہیں اور اس کے برعکس جو طبقات اقتدار کے ایوانوں اور مختلف اداروں میں با اختیار مناصب میں بیٹھ کر اعلانیہ ٹیکس چوری کرتے ہیں انہیں کوئی پوچھنے والا بھی نہ ہو تو محدود روزگار و وسائل کے حامل عام آدمی کے دل پر انہی امتیازی پالیسیوں کا جائزہ لیتے ہوئے کیا گزرتی ہوگی۔ آپ حکومتی اور ادارہ جاتی ٹیکسوں کے ذریعے عوام کو نچوڑنے کا اس سے اندازہ لگا لیں کہ گذشتہ سال میں نے اپنے دس مرلے کے گھر کا چار ہزار روپے پراپرٹی ٹیکس ادا کیا جو اس سال کے لئے یک لخت ساڑھے 9 ہزار روپے کر دیا گیا ہے۔

کینیڈین سوسائٹی

میاں حبیب

کینیڈا کو اللہ تعالیٰ نے بے بہا نعمتوں سے نوازا رکھا ہے، کینیڈا بے شمار قدرتی وسائل سے مالا مال ملک ہے۔ رقبے کے لحاظ سے دوسرا بڑا ملک ہے، میٹھے پانی کے سب سے بڑے ذخائر ہیں، آلودگی سے پاک دنیا کی بہترین آکسیجن کینیڈا میں بسنے والوں کی قسمت میں ہے، ہوا اتنی خوشگوار ہے کہ خود بخود بکھرنے کو دل کرتا ہے۔ صاف شفاف بادل، صاف ستھری سڑکیں، ہر طرف ہریالی ہی ہریالی ہے۔ جابجا قدرتی نظارے، سمندر، پہاڑ، آبشاریں، جزیرے، ہر طرف قدرت کے جلوے دکھائی دیتے ہیں۔ جتنا خوبصورت ملک ہے اتنے ہی انسانیت سے پیار کرنے والے لوگ ہیں۔ اتنا بڑا ملک کہ پاکستان جیسے کئی ملک سما جائیں۔ لیکن آبادی صرف ساڑھے چار کروڑ اور اس میں بھی دنیا کے مختلف ملکوں کے امیگرینٹس شامل ہیں۔ 135 سے زائد زبانوں کے حامل لوگ یہاں آباد ہیں لیکن یہ کینیڈین سوسائٹی کا حسن ہے کہ سب ایک لڑی میں پروئے ہوئے ہیں۔ سسٹم ایسا ہے جو ریاست کے ساتھ وفاداری سکھاتا ہے۔ اکثر گھروں کے باہر کینیڈین پرچم کے سائن بورڈ دکھائی دیتے ہیں۔ گھروں پر کینیڈین پرچم لہرا رہے ہوتے ہیں۔ کینیڈا بچوں اور بزرگوں کے حوالے سے بہترین فلاحی ریاست کہلانے پر پورا اترتا ہے۔ کینیڈا کی ریاست والدین سے بڑھ کر بچوں سے پیار کرتی ہے اور اس کا ایجوکیشن سسٹم اتنا زبردست ہے کہ وہ بچے والدین کے نہیں رہتے، ریاست کے بچے بن جاتے ہیں۔ تربیت ایسی کہ اگر والدین بھی غلط کام کریں تو بچے انہیں بھی کہہ دیتے ہیں، آپ درست نہیں ہیں۔ بڑھاپے میں ریاست اپنے شہریوں کا اتنا خیال رکھتی ہے کہ کوئی اولاد بھی اتنا خیال نہیں رکھ سکتی۔ اگر کوئی بیمار ہو جائے تو ریاستی ادارے لواحقین سے زیادہ ہمدرد بن جاتے ہیں۔ مریض اپنے علاج بارے کوئی بات ہی کر سکتا ہے لیکن ڈاکٹر اور متعلقہ سٹاف مکمل پیچھا کرتا ہے، بیماری کی تہہ تک پہنچنے کے لیے ہر قسم کے ٹیسٹ کیے جاتے ہیں، ادویات مریض کے گھر پہنچائی جاتی ہیں اور میڈیسن کی روزانہ کی خوراک علیحدہ علیحدہ پیک کر کے دی جاتی ہے تاکہ ادویات کا مکمل استعمال ممکن ہو سکے۔ کینیڈا میں بسنے والوں میں کینیڈا کی محبت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ آزادی اتنی زیادہ ہے کہ ہر کسی کو ہر قسم کی بات کہنے کا حق حاصل ہے۔ لوگ وزیراعظم کے منہ پر اس کی لے دے کر رہے ہوتے ہیں لیکن وہ خندہ پیشانی سے تنقید بھی برداشت کر لیتے ہیں۔ کسی کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں ہوتی، برداشت اتنی زیادہ ہے کہ میں نے کسی کے ماتھے پر بل نہیں دیکھا، ہر کوئی ہر کسی کو خوش ہو کر ملتا ہے۔ برداشت اس قدر ہے کہ راستہ ہر شخص درجنوں بار سوری اور تھینک یو کہتا ہے۔ مجھے کینیڈا کے اندر طویل سفر کرنے کا اتفاق ہوا ہے، پورے ملک میں پلاسٹک کا ایک بھی شاپر نظر نہیں آیا، کہیں پانی کی خالی بوتل نظر نہیں آئی، دور دراز علاقوں میں بھی صفائی قابل رشک ہے۔ میں نے چالیس سال بعد نل کھول کر پانی پیا ہے۔

کینیڈا کی ریاست اور عوام درختوں کو بچوں کی طرح پالتے ہیں۔ جو نئے درخت لگائے جاتے ہیں ان کے تنوں کے ساتھ ایک قسم کی پانی کی مشک باندھی ہوتی ہے جو حسب ضرورت قطرہ قطرہ پانی فراہم کرتی رہتی ہے۔ پارکوں میں جنگلوں میں جو درخت گر جاتے ہیں ان کی لکڑی نہیں اٹھائی جاتی۔ وہ وقت کے ساتھ ساتھ زمین کے اندر ہی جذب ہو جاتی ہے۔ کینیڈا میں نہری پانی کا انتظام نہیں لیکن کمال کی پیورا ایس ہو رہی ہیں۔ کینیڈا دنیا کو والٹس اور سویابین فراہم کر رہا ہے۔ کینیڈا کا ریلوے کا نظام بہت زبردست ہے، خاص کر گڈز ٹرینیں کمال کی ہیں۔ میلوں لمبی ٹرینیں وقت مقررہ پر منزل مقصود پر سامان پہنچا دیتی ہیں۔ مسافر ٹرین لیٹ ہو سکتی ہے لیکن گڈز ٹرینیں لیٹ نہیں ہوتیں۔

ایجوکیشن سسٹم اتنا زبردست ہے کہ ہر کوئی سٹوڈنٹ ہے۔ جس کا دل کرے وہ بڑھاپے میں بھی تعلیم حاصل کر سکتا ہے۔ کوئی بھی کاروبار کرنے یا پروفیشن تبدیل کرنے کے لیے اس سے متعلقہ کورس کرنا پڑتا ہے۔ ریاست کاروبار کے لیے آسانی کے ساتھ قرض فراہم کرتی ہے، بنیادی ایجوکیشن فری ہے، اعلیٰ تعلیم کے لیے بچوں کو بلا سود قرض دیا جاتا ہے جو طلبا کو عملی زندگی میں آسان قسطوں کے ذریعے ادا کرنا ہوتا ہے۔ سکول لیول سے ہی طلبا سے سوشل ویلفیئر کے کام کروائے جاتے ہیں۔ ہر عمر کے لوگوں کے لیے فزیکل فٹنس کے لیے ان ڈور اور آؤٹ ڈور گیمز کے ادارے موجود ہیں۔ شہریوں کو ہر قسم کی سہولیات یا آسانی دستیاب ہیں لیکن کرنسی کے تبادلہ میں پاکستانیوں کے لیے بہت مہنگا ملک ہے۔ یہاں سے کما کر نہیں خرچ کیا جا سکتا ہے۔ عام سے رہائشی کمرے کا کرایہ بھی پاکستانی لاکھوں میں پڑتا ہے۔ اسی طرح ذرائع نقل و حمل بھی کافی مہنگے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ کمانے کے لیے امریکہ اور رہنے کے لیے کینیڈا بہتر ملک ہے۔

TENDER NOTICE

The Balochistan Rural Support Program (BRSP) invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627091186201**

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. **Tender Fee** **Not required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Clothinig & Liveries (Total Item(s) Count: 1)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 3,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 3,000,000 PKR in 5 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Samples of Make-Up kit and all other Items are to be shown to the Procurement Committee for ensuring the quality. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 21 September, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 21 September, 2026till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM Address: H.No A-5 Gulshan-e-Janan Street Sariab Road Quetta Phone no: 0812470610

Email: procurement@brsp.org.pk

DAB/AB No.294/03-9-2026

Balochistan Rural Support Program (BRSP)

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note:- In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Project Director Livelihood Promotion Programme invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates.

EARNEST MONEY 2% In shape of CDR/ Bank Guarantee

S.#	TSE- NO	NAME OF WORK.	TENDER FEE	DATE OF COMPLETION
1.	2627091185603	Construction of Road From Farm to market in Sham Area.	Rs.2500/-	Up to 30th June 2027 from the date of start.
2.	2627091185593	Rehabilitation of Matkund FLood Irrigation Channel	Rs.2000/-	-- do --
3.	2627091185943	Lining of Dilgwash Flood Irrigation Channel	-- do --	-- do --

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. Completed Assignment of similar nature of work will be seen in Eligibility given Criteria. Turn over Amount in subsequent previous years showing financial capacity of the firm is mentioned in the bidding documents. Registration with Pakistan Engineering council in Relevant Category and Specialized Code is mentioned in the bidding documents / Eligibility given Criteria. Green Challan as shown against each work will be deposited in National Bank of Pakistan (for each work). Call Deposit / Bank Guarantee @ 2%. **Procedure of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 18th September, 2026 till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** Tenders will be opened on 18th September 2026 at 11.00 AM. Address: Office of The PD LPP

Phone No:03368249672 Email: junaidpaki90@gmail.com

DAB/AB No.296/03-09-2026

Project Director Livelihood Promotion Programme.

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس کی اراضی کے معاملے، علامہ اقبال یادگار، اور اقبال لائبریری کے معاملات [illegible] 35 کلومیٹر سڑک منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کا بھی جائزہ لیا [illegible] 2020 [illegible] 2017 [illegible] روپے سی ڈی اے کے پاس جمع کرائے گئے، تاہم چھ سال گزرنے کے باوجود ادارے کو اراضی فراہم نہیں کی گئی۔

بقیہ 2

شہباز شریف کی زیر صدارت دانش یونیورسٹی پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ دانش یونیورسٹی میں معاشی طور پر کمزور طبقے کے ذہین طلباء وطالبات کو بین الاقوامی معیار کی تعلیم یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ دانش یونیورسٹی کے قیام میں اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ اسکا نظام روایتی یونیورسٹیوں سے ہٹ کر اور بہترین رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کی تعمیر کی معینہ مدت کے ساتھ منصوبے کی تفصیلات آئندہ دو ہفتوں میں مرتب کر کے پیش کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ دانش یونیورسٹی کے قیام کے پیچھے مرکزی محرکات میں سے اولین، غریب و متوسط طبقے کے طلباء وطالبات کو بین الاقوامی معیار کی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی فراہمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کے آؤٹ ریچ پروگرام میں اس عنصر کو کلیدی اہمیت دی جائے کہ معاشی طور پر کمزور اور متوسط طبقے کے بچوں کی اس کی آگہی اور رسائی یقینی بنائی جائے۔ اجلاس کو دانش یونیورسٹی کے بورڈ کی جانب سے بین الاقوامی معیار کی فیکلٹی اور تعمیر کے پلان اور مراحل پر بریفنگ دی گئی۔

بقیہ 3

کوشش ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کو پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے 15 بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کو سراہتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کی سرحدوں کے دفاع اور امن و استحکام کے تحفظ کے لیے سکیورٹی فورسز کا عزم قابل تحسین ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کو پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے قریب پاک افغان سرحد پر فتنہ الہندستان سے تعلق رکھنے والے خوارج کی دراندازی کی کوشش کو ناکام بنانے اور 15 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کو شاندار خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ 4

خوارجیوں کو جہنم واصل کرتے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم اپنے جری سپوتوں کی جرأت و بہادری کو سلام پیش کرتی ہے۔ جمعرات کو ایک پیغام میں انہوں نے سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کا غیر متزلزل عزم لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 5

ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر نے وزیراعظم کو آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان سے متعلق امور، بالخصوص جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر نے آزاد کشمیر میں حالیہ انتخابات کے حوالے سے بھی وزیراعظم کو بریفنگ دی۔ وزیراعظم نے آزاد کشمیر کے انتخابات کے انعقاد اور انتخابی عمل کے حوالے سے انجینئر امیر مقام کی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کے وژن اور رہنمائی کے تحت آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس حوالے سے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 6

ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔۔ وزارت داخلہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے فورسز کی مستعدی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جوانوں نے بروقت اور دلیرانہ کارروائی کرتے ہوئے سرحد پار سے داخل ہونے والے 15 دہشت گردوں کو جہنم رسید کیا اور دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ محسن نقوی نے وطن عزیز کے دفاع میں پیش پیش سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنے بہادر جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، عسکری حکمت عملی اور بے مثال جرأت پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر ملکی امن کو سبوتاژ کرنے کے درپے ہیں لیکن افواج پاکستان اور سکیورٹی ادارے سرحدوں پر سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر دشمن کے ناپاک منصوبے ناکام بنا رہے ہیں، پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 7

دے دی، بورڈ تجارت کے مکمل سپلائی چین میں بہتری لانے اور سرحد پار تجارت سے متعلق تمام نان ٹیرف امور پر فیصلے کرے گا اور تجارت کے فروغ کے حوالے سے روڈ میپ، ٹریڈ فسیلی ٹیشن انڈیکس اور مانیٹرنگ کے حوالے سے حکمت عملی ترتیب دے گا۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت تجارت میں سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ٹریڈ فسیلی ٹیشن بورڈ کے قیام کی منظوری دے دی، وزیراعظم محمد شہباز شریف خود ٹریڈ فسیلی ٹیشن بورڈ کی صدارت کریں گے، مجوزہ بورڈ تجارت کے مکمل سپلائی چین میں بہتری لانے اور سرحد پار تجارت سے متعلق تمام نان ٹیرف امور پر فیصلے کرے گا اور تجارت کے فروغ کے حوالے سے روڈ میپ، ٹریڈ فسیلی ٹیشن انڈیکس اور مانیٹرنگ کے حوالے سے حکمت عملی ترتیب دے گا۔ وزیراعظم نے [illegible] ورکنگ گروپس بنانے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ 8

آر) نے [illegible] دہشت گردوں [illegible] خوارج [illegible] افغان [illegible] سرزمین [illegible] پاک افغان [illegible] طالبان حکومت [illegible] اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ سکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کے لیے پرعزم ہیں، غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی ختم کرنے کیلئے انسداد دہشت گردی مہم جاری رہے گی۔

بقیہ 9

بلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ صلاحیت پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ 36 گھنٹے تک جاری رہنے والی کارروائی میں سکیورٹی فورسز نے جس صبر، پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین ہے۔ دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش بروقت ناکام بنانا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کے لیے پوری طرح چوکس اور پرعزم ہیں انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر پاکستان کے امن، استحکام اور ترقی کو نقصان پہنچانے کے مذموم عزائم رکھتے ہیں، تاہم ریاستی ادارے اور پاکستانی قوم ان کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے متحد ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک ادارے یا صوبے کی جنگ نہیں بلکہ پوری قوم کی جنگ ہے۔

بقیہ 10

3 ارب ڈالر حاصل کرلیے۔ وزارت خزانہ کے مطابق ریکارڈ یورو بانڈ سے پاکستان کی عالمی مالیاتی منڈیوں میں واپسی مضبوط ہوگئی ہے، ساڑھے 5 سالہ یورو بانڈ سے پاکستان نے 1.75 ارب ڈالر حاصل کیے اور اس پر 7.50 فیصد کوپن ریٹ مقرر کیا، اسی طرح 10 سالہ یورو بانڈ سے 1.25 ارب ڈالر حاصل کیے، جس پر 7.90 فیصد کوپن ریٹ مقرر کیا گیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق عالمی سرمایہ کاروں کی بھرپور شرکت پاکستان پر اعتماد کی بحالی کا اشارہ ہے، پاکستان کی عالمی کیپٹل مارکیٹس تک رسائی میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ پہلی بار نئے گلوبل میڈیم ٹرم نوٹ پروگرام کے تحت بانڈ جاری کیا گیا۔ وزارت خزانہ نے کہا کہ پاکستان کی حکمت عملی قرض کے بجائے خودمختار قرض مینجمنٹ پر مرکوز ہے۔ حکومت نے طویل مدتی فنانسنگ کے ذریعے ری فنانسنگ اور رول اوور رسک کم کرنے پر زور دیا ہے۔ دریں اثناء وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ایشیائی ترقیاتی بینک کے زیر اہتمام پاکستان میں مالیاتی پائیداری کے لیے ٹیکسیشن پر اعلیٰ سطحی بین الاقوامی مکالمے سے کلیدی خطاب کیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان نے یورو بانڈ کے ذریعے 3 ارب ڈالر حاصل کیے ہیں، 3 ارب ڈالر کا یورو بانڈ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا بانڈ ٹرانزیکشن ہے جبکہ اس کا اجرا عالمی ریٹنگ ایجنسیوں کے پاکستان پر اعتماد کا مظہر ہے۔

بقیہ 11

نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر میر صادق عمرانی کی جانب سے بلوچستان عوامی پارٹی کی خاتون رکن اسمبلی فرح عظیم شاہ کے خلاف مبینہ طور پر نازیبا الفاظ کے استعمال کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے واقعے کا نوٹس لینے اور کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں نکتہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ وہ صوبائی وزیر میر صادق عمرانی کی جانب سے خاتون رکن اسمبلی فرح عظیم شاہ کے خلاف استعمال کیے گئے نازیبا الفاظ کی مذمت کرتے ہیں۔

بقیہ 12

ڈیلی ادارے یو ایس منٹ نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تصویر والے ایک ڈالر کے یادگاری سکے جاری کر دیے ہیں، جس کے بعد ٹرمپ گزشتہ ایک صدی کے دوران امریکی کرنسی پر نظر آنے والے پہلے زندہ صدر بن گئے ہیں۔ امریکا کی 250 ویں سالگرہ کی تقریبات کے سلسلے میں جاری کیے گئے سکے پر ٹرمپ کی تصویر کے ساتھ 'ہم خدا پر یقین رکھتے ہیں' (In God We Trust) کی عبارت بھی درج ہے۔ یو ایس منٹ نے 25 سکوں کے ایک رول کی قیمت 61 ڈالر جبکہ 100 سکوں کے تھیلے کی قیمت 154.50 ڈالر مقرر کی تھی، تاہم فروخت شروع ہونے کے چند گھنٹوں بعد ہی ویب سائٹ پر سکے 'فی الحال دستیاب نہیں' دکھائی دینے لگے۔ امریکی قانون کے تحت کسی زندہ شخص کی تصویر امریکی کرنسی پر چھاپنے کی اجازت نہیں۔ تاہم ٹرمپ کے اتحادیوں نے کانگریس میں اس حوالے سے قانون سازی کی تجویز پیش کی ہے۔

بقیہ 13

گیا ہے کہ توانائی اور درآمدی لاگت سے ہماری مصنوعات عالمی مارکیٹ میں مہنگی ہیں، بھارت کاٹن ایکسپورٹ کر رہا ہے ہم امپورٹ کر رہے ہیں، زائد لاگت کے سبب پاکستانی مصنوعات عالمی مارکیٹ میں مقابلہ نہیں کر پا رہیں۔ جمعرات کو جاوید حنیف کی زیر صدارت سٹینڈنگ کمیٹی تجارت کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان نے ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ پر بریفنگ دی اور بتایا کہ توانائی اور درآمدی لاگت سے ہماری مصنوعات عالمی مارکیٹ میں مہنگی ہیں، بھارت کاٹن ایکسپورٹ کر رہا ہے ہم امپورٹ کر رہے ہیں۔ قائمہ کمیٹی تجارت کے اجلاس میں گدھوں کی ایکسپورٹ کا بھی تذکرہ ہوا۔ رکن قومی اسمبلی اسد عالم نیازی نے کہا کہ ماہانہ تین سے چار سو گدھے گوادر بھیجے جا رہے ہیں، سی فوڈ میں بھی ایکسپورٹ کے وسیع مواقع ہیں۔ چیئرمین کمیٹی جاوید حنیف نے کہا کہ آپ نے گدھوں کا ذکر کیا اس ملک میں بہت ہیں۔ وزیر تجارت جام کمال نے کہا کہ گدھوں کا گوشت گوادر سے ایکسپورٹ ہو رہا ہے۔ وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان فارما انڈسٹری نے اس سال ایتھوپیا میں پراگرس دکھائی ہے، ملک میں تجارت اور تجارتی مواقع بڑھانے پر بات جاری ہے، چین سے بھی فری ٹریڈ معاہدے پر نظرثانی پر بات چیت ہوتی رہتی ہے۔ اجلاس میں ٹریڈ آرگنائزیشنز ترمیمی بل 2026 میں تیسری ترمیم پر غور کیا گیا۔

بقیہ 14

سماجی اقدار کی مضبوط بنیاد ہیں، جنہوں نے نئی نسل کی تعلیم و تربیت، روایات کے تحفظ اور معاشرے میں وقار، عزت اور مثبت اقدار کے فروغ میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان عوامی پارٹی کے خواتین ونگ کے رہنماں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ خواتین نہ صرف اپنے خاندان کی طاقت ہیں بلکہ بلوچستان کے روشن اور خوشحال مستقبل کی امید بھی ہیں خواتین کی تعلیم، ترقی اور بااختیاری کے بغیر معاشرے کی حقیقی ترقی ممکن نہیں بلوچستان کی خواتین نے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اور صوبے کی ترقی میں ان کا کردار قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں معاشرے میں مزید فعال کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ خواتین کی تعلیم، ہنرمندی اور معاشی خودمختاری کے لیے اقدامات کو مزید موثر بنایا جا رہا ہے۔

بقیہ 15

عدالت نے عمران خان کا جیل ٹرائل شروع ہونے کا عندیہ دیدیا۔ بانی پی ٹی آئی کے خلاف تھانہ بارہ کہو میں درج مقدمے کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت میں ہوئی، جہاں عدالت نے بانی پی ٹی آئی کے جیل ٹرائل کا عندیہ دیا۔ مقدمے میں ملوث دیگر 4 ملزمان بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ جج طاہر عباس سپرا نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا ایک کیس میں جیل ٹرائل شروع ہونے والا ہے۔ کیا پتا اس کیس میں شروع ہو جائے جو میرے پاس زیر سماعت ہے۔ دوران سماعت وکلا نے عدالت سے استفسار کیا کہ آپ نے جیل ٹرائل کے لیے وزارت قانون کو جو خط لکھا تھا، اس کا جواب آ گیا ہے کیا؟ جس پر عدالت کی جانب سے وزارت قانون کو لکھے گئے خط کا جواب نہ آنے کا بتایا گیا۔ جج طاہر عباس سپرا نے مسکراتے ہوئے اگلا کیس کال کروا دیا۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی عدم دستیابی کے باعث سماعت بغیر کارروائی 29 اکتوبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 16

ضلع ٹانک میں کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق تحصیل جنڈولہ میں بھی کرفیو لگا دیا، ضلع بھر کے تمام داخلی خارجی راستے سیل کر دیے، دیگر اضلاع اور صوبوں سے ضلع ٹانک کا رابطہ منقطع ہوگیا، جنوبی وزیرستان، وانا جنڈولہ بنوں اور ڈیرہ شاہراہیں بند کر دی گئیں۔ شہریوں کو اپنی نقل وحرکت محدود رکھنے کی ہدایت کر دی گئی۔

بقیہ 17

ہیں قیامت آئے گی، اس دن میرے سامنے قیامت آ گئی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کے دوران نرس رضیہ جاں بحق بچوں کا ذکر کرتے ہوئے آبدیدہ ہو گئیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سانحے کے ذہنی اثر سے نکلنے میں مجھے برسوں لگیں گے، میں روز دو گولیاں کھا کر سوتی ہوں، مجھے نیند نہیں آتی۔ نرس رضیہ نورین نے کہا کہ میری خوش قسمتی ہے کہ میں آٹھ سیکنڈ میں بچی کو وارڈ سے نکال سکی، میں نے کوئی ڈرل نہیں کی ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ بچی کے والدین میرے اتنے شکرگزار تھے کہ میں رو پڑی، میں نے کوئی احسان نہیں کیا یہ میری ذمہ داری تھی۔ نرس رضیہ نورین نے کہا کہ سب سے تکلیف دہ عمل ان بچوں کی نشاندہی کرنا تھا۔ مجھے یاد آتا ہے میں نے کس بچے کو کس وقت کینولا لگایا۔

بقیہ 18

دوران موسلا دھار بارشوں کے باعث اسلام آباد/راولپنڈی، مردان، صوابی، پشاور، گوجرانوالہ، گجرات، لاہور اور سیالکوٹ کے نشیبی علاقوں میں اربن فلڈنگ کا اندیشہ ہے۔ اس دوران کشمیر، مری، گلیات، اسلام آباد/راولپنڈی اور خطہ پوٹھوہار کے مقامی/برساتی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے، خیبرپختونخوا کے پہاڑی علاقوں، گلگت بلتستان، مری، گلیات اور کشمیر میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق موجودہ صورتحال کے پیش نظر ملک کے بالائی علاقوں میں درمیانی شدت کیمرطوب ہوائیں داخل ہو رہی ہیں جورات سے اس کی شدت میں اضافے کا امکان ہے شمال مغربی ہواؤں کا سلسلہ ملک کے شمالی علاقوں کو متاثر کر رہا ہے، آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بالائی خیبر پختونخوا، شمال مشرقی پنجاب، خطہ پوٹھوہار، اسلام آباد، گلگت بلتستان اور کشمیر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان اس دوران چند مقامات پر موسلا دھار بارش بھی متوقع ہے۔ ملک کے دیگر میدانی علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے (آج) جمعہ کو خیبر پختونخوا، بالائی پنجاب، خطہ پوٹھوہار، اسلام آباد، گلگت بلتستان اور کشمیر میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، اس دوران چند مقامات پر موسلا دھار/ شدید موسلا دھار بارش بھی متوقع ہے۔ ملک کے جنوبی علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ 19

اینڈ اینٹی نارکوٹکس ساتھ زون بلوچستان نے گڈانی میں تاریخی کارروائی کرتے ہوئے ایک ٹن 13 کلو گرام آئس برآمد کرلی، برآمد کی گئی آئس کی عالمی مارکیٹ میں مالیت 74 ارب 19 کروڑ روپے بتائی گئی ہے۔ ڈی جی ایکسائز ساتھ زون محمد زمان کے مطابق گڈانی آپریشن میں 1,013 کلوگرام خالص آئس یعنی کرسٹل میتھ برآمد کی گئی، منشیات بیرون ملک منتقل کی جانی تھی۔ محمد زمان نے بتایا کہ ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس بلوچستان نے عالمی ڈرگ مافیا کو اربوں روپے کا بڑا مالی دھچکا دے دیا ہے، کارروائی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کے ویژن کے مطابق کی گئی۔ ڈی جی ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس محمد زمان کی زیر نگرانی ساتھ زون کی جانب سے بڑی کارروائی کی گئی۔ محمد زمان کے مطابق گزشتہ دو سال کے دوران ساحلی پٹی پر ایکسائز کی کارروائیوں میں 1,638 کلوگرام آئس برآمد ہوئی، جبکہ دو سال میں 620 کلوگرام چرس اور 27 ہزار 543 بوتلیں وکین غیر ملکی شراب و بیئر بھی برآمد کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ دو سال کے دوران منشیات مافیا کو 133 ارب 56 کروڑ روپے کا مالی نقصان پہنچایا گیا۔ ڈی جی ایکسائز ساتھ زون محمد زمان نے کہا کہ منشیات کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، نوجوان نسل کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ محمد زمان نے کہا کہ پاکستان کی ساحلی حدود کو منشیات اسمگلنگ سے محفوظ بنانے کے لیے کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی۔

بقیہ 20

گیٹ پر آتے دیکھ کر ائیرپورٹ سیکیورٹی فورس کے اہلکار نے کار کو رکنے کا اشارہ کیا لیکن کار سواروں نے گاڑی نہ روکی تو اہلکاروں نے سیکیورٹی یقینی بنانے کے لیے گاڑی کو رکوانے کے لیے فائرنگ کی۔ فائرنگ کے نتیجے میں گاڑی میں سوار 2 افراد جن کے نام رحمت اللہ اور عبدل جبار معلوم ہوئے شدید زخمی ہوگئے، زخمیوں کو پمز منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق زخمی ہونے والے ایک ملزم کا تعلق ڈیرہ غازی خان سے نکلا، دوسرا ملزم بلوچستان کے ضلع کوہلو کے تھانہ کوہلو کو مطلوب اشتہاری ہے۔ گولیاں لگنے سے دونوں زخمی ہو گئے جبکہ گاڑی کی فرنٹ اسکرین ٹوٹ گئی، دونوں زخمیوں کو پمز منتقل کیا گیا ہے جنکی حالت نازک بتائی گئی ہے۔

بقیہ 21

رہی تھیں ادھر بھارتی وزیراعظم لال بہادر شاستری اپنی قوم پر طاری پاک فضائیہ کے حملوں کا خوف دور کرنے کی ناکام کوششیں کرتے رہے جبکہ پاک فوج نے چھمب سیکٹر میں بھارت کے 500 جوانوں کو جنگی قیدی بنایا اور دشمن کے 15 ٹینکوں اور دیگر اسلحے پر قبضہ کیا۔ پاک فوج کے کمانڈر ان چیف جنرل محمد موسیٰ نے بھارتی زخمی سپاہی کی ایک فیلڈ ہسپتال میں عیادت کی۔ لیفٹیننٹ کرنل نصیر اللہ بابر نے بغیر دانستہ طور پر کشمیر کے چھمب سیکٹر میں ایک بھارتی پوزیشن پر اپنا ہیلی کاپٹر اتارا۔ انہوں نے حاضر دماغی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صرف ایک پستول سے 30 بھارتی سپاہیوں کو جھانسا دے کر جنگی قیدی بنا لیا۔ پاک فضائیہ نے بھارت کے 3 طیارے مار گرائے، ایک طیارہ پسرور ایئرفیلڈ پر فلائٹ لیفٹیننٹ حکیم اللہ نے مار گرایا۔ دوسرے طیارے Gnat E1083 کو فلائٹ آفیسر عباس مرزا پسرور کے ایئرفیلڈ پر اتارنے میں کامیاب ہوگئے جب کہ تیسرا Gnat E1083 طیارہ بھارت کا اسکواڈرن لیڈر برج پال سنگھ اڑا رہا تھا، جسے جنگی قیدی بنا لیا گیا۔ اس بے مثال معرکے میں افواج پاکستان نے بھارتی جنگی طیاروں کو بھاری نقصان اٹھانے پر مجبور کر دیا تھا۔

بقیہ 22

حنیف عباسی نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد پر خارجی عناصر کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم یکسو اور متحد ہے اور دشمن کے ہر وار کو ناکام بنانے کے لیے سکیورٹی اداروں کی پشت پر کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ بروقت کارروائی کے دوران بیرونی اور بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 15 دہشت گردوں کو انجام تک پہنچانا ہماری بہادر فورسز کی غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیت، فرض شناسی اور چوکسی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع کے لیے سکیورٹی فورسز کی بے مثال جرأت اور بروقت جوابی وار پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے دوٹوک موقف اپناتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے امن اور استحکام کو نقصان پہنچانے والے بیرونی سرپرستی یافتہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ہر محاذ پر اسی طرح ناکام بنایا جاتا رہے گا۔ انہوں نے اس عزم کو دہرایا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم یکسو اور متحد ہے اور دشمن کے ہر وار کو ناکام بنانے کے لیے سکیورٹی اداروں کی پشت پر کھڑی ہے۔

بقیہ 23

کی جائے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ملک میں گندم کے ذخائر کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے جمعرات کو یہاں ایک اجلاس کی صدارت کی۔ نائب وزیراعظم کے آفس سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے گندم کی درآمد سے متعلق امور کے حل، قیمتوں میں استحکام اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کے لیے تمام صوبوں، وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق اور وزارت تجارت کی جانب سے تعاون اور باہمی رابطہ کو سراہا۔ انہوں نے پاسکو کو ہدایت کی کہ ای سی سی اور سٹیئرنگ کمیٹی کے منظور کردہ کوٹے کے مطابق صوبوں کو فوری طور پر گندم فراہم کی جائے۔ انہوں نے صوبوں کو بھی ہدایت کی کہ گندم کی بروقت ادائیگی کریں اور اپنا حصہ وقت پر اٹھائیں۔

بقیہ 24

چوہدری کی زیر صدارت گڈانی شپ ری سائیکلنگ سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدید کاری پر باقاعدہ کام شروع کرنے کا اعلان کیا گیا۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ گڈانی شپ ری سائیکلنگ کو ہانگ کانگ کنونشن سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے۔ گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدید کاری 12 ارب روپے کا منصوبہ ہے، جس کے تحت اسے جدید اور ماحول دوست شپ ری سائیکلنگ مرکز بنایا جائے گا۔ وزیر بحری امور نے کہا کہ مزدوروں کی صحت اور فلاح کے لیے ہرممکن اقدام کیے جائیں گے۔ گڈانی میں 30 بستروں کا اسپتال، اسکول اور مزدور کالونی بھی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ گڈانی میں صنعتی اور خطرناک فضلے کے انتظام کی سہولیات قائم کی جائیں گی۔ گڈانی کی اپ گریڈیشن سے سرکلر اکانومی اور روزگار کو فروغ ملے گا۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ گڈانی میں معاشی سرگرمی اور ماحولیاتی پائیداری ساتھ آگے بڑھیں گی۔

بقیہ 25

ہے۔ آئینی عدالت نے کہا کہ ملکیتی تنازع سول عدالت میں زیر سماعت ہو تو فوجداری عدالت کو فیصلے کا انتظار کرنا چاہیے، متنازع دستاویزات کی اصلیت کا فیصلہ سول عدالت کرے گی، متنازع سرٹیفکیٹس کی تصدیق سے پہلے درخواست گزاروں کے خلاف کارروائی نہیں ہوسکتی۔ عدالت کے مطابق سول عدالت کے فیصلے کے بعد ہی درخواست گزاروں کے خلاف فوجداری یا انتظامی کارروائی شروع کی جا سکے گی، سول مقدمہ اور فوجداری مقدمہ ایک ہی معاملے سے گہرا تعلق رکھتے ہوں تو فوجداری کارروائی روکنے کی گنجائش ہے، بدنیتی سے دائر سول مقدمے کو فوجداری کارروائی روکنے کی بنیاد نہیں بنایا جاسکے گا۔

بقیہ 26

عبدالعلیم خان سے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ملاقات کی جس میں بلوچستان میں مواصلاتی شعبے کی بہتری، نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے جاری و مجوزہ منصوبوں اور صوبے کی اہم شاہراہوں کی تعمیر و ترقی سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں این-25 کراچی، کوئٹہ، چمن پاکستان ایکسپریس وے 415 ارب روپے کی لاگت کا اہم منصوبہ ہے جو بلوچستان میں این ایچ اے کے مختلف منصوبوں، بالخصوص ژوب بائی پاس اور دیگر اہم شاہراہوں پر پیش رفت پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان ایکسپریس وے منصوبہ کراچی اور کوئٹہ کے درمیان سفر کو مزید آسان اور تیز بنانے کے ساتھ دونوں شہروں کے درمیان فاصلہ بھی کم کرے گا، این-25 کراچی، کوئٹہ، چمن پاکستان ایکسپریس وے بلوچستان سمیت ملک کے اہم تجارتی روٹس میں شامل ہوگا اور اس کی تکمیل سے خطے میں تجارت، آمدورفت اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 27

تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری تعاون کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں چین کے شہر گوانگ ژو میں منعقدہ پانچویں پاکستان انویسٹمنٹ اینڈ بزنس انوائرمنٹ ایکسچینج فورم 2026 کے دوران مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے 5 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے۔ فورم میں پاکستان اور چین کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے نئے مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ پالیسی مذاکرات، سرمایہ کاری منصوبوں کی پیشکش، تعمیراتی معاہدوں، بی ٹو بی ملاقاتوں اور پاکستانی مصنوعات کی نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا۔

بقیہ 28

زیر صدارت وزارت صحت کے امور اور پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) میں پیش آنے والے آتشزدگی کے واقعے سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسپتال میں پیش آنے والے واقعے کی تحقیقات، عبوری تحقیقاتی رپورٹ کی روشنی میں کیے جانے والے اقدامات اور شعبہ صحت میں جاری اصلاحات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم آفس اسلام آباد سے جاری اعلامیے کے مطابق اجلاس میں وفاقی وزیر صحت سید مصطفی کمال، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، سیکرٹری صحت اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز اسپتال سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران وزیراعظم کو وزارت صحت کے مختلف امور کے ساتھ ساتھ پمز اسپتال میں پیش آنے والے آتشزدگی کے واقعے کی تحقیقات میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 29

(ر) عبدالخالق اچکزئی نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 5 ستمبر بروز ہفتہ سہ پہر 3 بجے تک ملتوی کر دیا۔ اسپیکر کی جانب سے اجلاس ملتوی کیے جانے کے بعد بلوچستان اسمبلی کا آئندہ اجلاس مقررہ تاریخ اور وقت پر منعقد ہوگا

بقیہ 30

ہزار میگاواٹ سے تجاوز کر گیا، جس کے نتیجے میں شہری اور دیہی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بڑھ گیا ہے۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق بجلی کی مجموعی طلب 25 ہزار 500 میگاواٹ تک پہنچ گئی ہے جبکہ ہائیڈل سمیت مختلف ذرائع سے بجلی کی پیداوار تقریباً 19 ہزار 500 میگاواٹ ہے۔ ذرائع کے مطابق ملک بھر میں بجلی کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر تقسیم کار کمپنیاں لوڈ مینجمنٹ کر رہی ہیں، جبکہ ڈسکوز کو دستیاب کوٹے کے مطابق بجلی فراہم کی جا رہی ہے۔ پاور ڈویژن ذرائع کا کہنا ہے کہ شارٹ فال کے باعث شہری علاقوں میں 6 سے 9 گھنٹے جبکہ دیہی علاقوں میں 10 سے 13 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ جاری ہے، جس سے صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کی پیداوار میں کمی کی ایک بڑی وجہ آر ایل این جی کی عدم دستیابی بھی ہے، جبکہ منگلا ڈیم سے بجلی کی کم پیداوار بھی شارٹ فال میں اضافے کا سبب بن رہی ہے۔ پاور ڈویژن ذرائع کے مطابق بجلی کی طلب اور رسد میں نمایاں فرق کے باعث تقسیم کار کمپنیوں کو دستیاب بجلی کے کوٹے کے مطابق لوڈ مینجمنٹ کرنا پڑ رہی ہے۔

بقیہ 31

معاہدے سے کسی کو خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ طاہر محمود اشرفی نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ وقائی معاہدے کے اثرات ہیں کہ اب نتن یاہو گریٹر اسرائیل کا نعرہ نہیں لگا رہا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب نے ایران کو یقین دہانی کروادی تھی کہ اس کی سرزمین ایران کے خلاف استعمال نہیں ہو گی۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ شاہ سلمان کی سوچ تھی کہ امت کو معاشی طور پر مضبوط کرنا ہے، اس لیے مکہ معاہدے کو بڑے کینوس پر دیکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر ممالک بھی اس معاہدے میں شامل ہونے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 32

ہے کہ لیپ کانفرنس 24 کروڑ پاکستانیوں اور تیزی سے بڑھتے ہوئے ٹیک ایکو سسٹم کی عکاسی کرتی ہے، ٹیکنالوجی میں آگے بڑھنے کے لئے شعبہ جاتی رکاوٹیں ختم کرنا ہوں گی۔ جمعرات کو وزارت آئی ٹی و ٹیلی کام سے جاری بیان کے مطابق لیپ کانفرنس 2026 کے موقع پر پاکستان کی قومی آئی ٹی حکمت عملی کو سعودی 'وژن 2030' سے ہم آہنگ کرنے کے لئے مشترکہ ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا۔ ریاض کی 'لیپ' کانفرنس میں پاکستان کی 50 سے زائد ٹیک کمپنیاں اور 25 سٹارٹ اپس شریک ہیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ کوئی بھی ملک تنہا یا الگ تھلگ رہ کر ترقی نہیں کرسکتا، تکنیکی ترقی کے لئے عالمی تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیپ کانفرنس 24 کروڑ پاکستانیوں اور تیزی سے بڑھتے ہوئے ٹیک ایکو سسٹم کی عکاسی کرتی ہے، ٹیکنالوجی میں آگے بڑھنے کے لئے شعبہ جاتی رکاوٹیں ختم کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات صرف تجارت تک محدود نہیں ہیں، ہمارے نوجوان تخلیقی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ 33

ساتھ مشاورت کے عمل کو ادارہ جاتی بنایا جا رہا ہے، ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالہ سے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جتنی توجہ دی ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ جمعرات کو یہاں ایشیائی ترقیاتی بینک کے زیر اہتمام ٹیکس نظام کے ذریعہ مالیاتی استحکام پر مکالمہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان کیلئے اندرونی سطح پر وسائل کو متحرک کرنا وقت کی ضرورت ہے، ٹیکس کے نظام میں اصلاحات کے ذریعہ محصولات میں اضافہ کیا جاسکتا ہے، ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالہ سے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جتنی توجہ دی ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی، وزیراعظم ہر ہفتہ ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالہ سے جائزہ اجلاس میں شریک ہوتے ہیں، جائزہ اجلاس میں فیس لیس کسٹمز، ٹریک اینڈ ٹریس، ڈیجیٹل انوائسنگ سمیت ادارے میں اصلاحات کے حوالہ سے تمام امور کا احاطہ کیا جاتا ہے۔

بقیہ 34

بھی شامل ہیں، جبکہ جاں بحق افراد میں ایک بچہ اور دو خواتین شامل ہیں۔ ایرانی وزارت صحت کے مطابق امریکی حملوں کے نتیجے میں متعدد افراد متاثر ہوئے ہیں اور زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ تازہ اعداد و شمار ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب ایران اور امریکا کے درمیان جاری جنگ اور فوجی کشیدگی کے باعث خطے میں جانی نقصان میں اضافے کا خدشہ برقرار ہے۔ ایرانی حکام کی جانب سے جاری کیے گئے ان اعداد و شمار کی آزاد ذرائع سے فوری طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔

بقیہ 35

مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر گرینڈ کومبنگ اور سرچ آپریشنز جاری ہیں۔ کارروائیوں کے دوران مشکوک افراد، گھروں، دکانوں اور گاڑیوں کی تفصیلی چیکنگ کی گئی۔ پولیس کے مطابق تھانہ رمنا، کورال، نیلور، ترنول اور بنی گالہ کے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشنز کیے گئے۔ اس دوران 101 افراد اور 67 گھرانوں کو چیک کیا گیا، جبکہ 7 دکانوں کی بھی جانچ پڑتال کی گئی۔ سرچ آپریشنز کے دوران 75 موٹر سائیکلوں اور 17 گاڑیوں کی چیکنگ بھی کی گئی۔ پولیس کے مطابق 12 موٹر سائیکلوں کو مزید جانچ پڑتال کے لیے متعلقہ تھانوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ سرچ آپریشنز کا مقصد مشکوک عناصر اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی کے ساتھ ساتھ شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ دوران چیکنگ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے اردگرد کسی بھی مشکوک سرگرمی یا مشتبہ شخص کی موجودگی کی صورت میں فوری طور پر پولیس کو اطلاع دیں۔ پولیس کے مطابق شہر میں امن وامان کے قیام اور جرائم کی روک تھام کے لیے سرچ اور کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 36

کہا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کو وطن عزیز کے امن، استحکام اور عوام کی خوشحالی کے سفر میں رکاوٹ ڈالنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق قائم مقام صدر نے دوران کارروائی فتنہ الخوارج کے 15 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور دلیری کو سراہا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کو وطن عزیز کے امن، استحکام اور عوام کی خوشحالی کے سفر میں رکاوٹ ڈالنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاوشیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 37

ہوئے قومی یکجہتی اور اتحاد کا پیغام دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شوبز انڈسٹری کے معروف اداکاروں اور ہدایت کاروں نے یوم دفاع و شہدا پر سرحدوں کے محافظوں، غازیوں اور مادر وطن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کی لازوال قربانیوں اور شجاعت کو خراج عقیدت پیش کیا۔ شوبز شخصیات نے کہا کہ پاکستانی قوم نے ہمیشہ مشکلات کا حوصلے اور ثابت قدمی سے مقابلہ کیا اور ملک روشن مستقبل کی جانب گامزن ہے۔ ہر پاکستانی کا غیر متزلزل عزم ہے کہ وہ پاکستان کو اپنی منزل اور ملک کی ترقی کو اپنی ترقی تصور کرتا ہے۔ شوبز شخصیات نے قومی اتحاد پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کی سالمیت کے خلاف کسی بھی بیرونی سازش کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند متحد ہے۔ فنکاروں نے یوم دفاع و شہدا کو قومی یکجہتی کے عزم کی تجدید اور مادر وطن پر اپنی جانیں نثار کرنے والے عظیم سپوتوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا تاریخ ساز دن قرار دیا۔

بقیہ 38

سے متعلق فاروق عبداللہ نے بھارتی دعوؤں کا پول کھول دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہندو انتہا پسند مودی حکومت کے زیر اہتمام مقبوضہ کشمیر میں تحریک آزادی کو کچلنے کیلئے نام نہاد شدت پسندی کا ڈرامہ رچایا جا رہا ہے، سابق وزیراعلیٰ فاروق عبداللہ نے مقبوضہ کشمیر میں نام نہاد شدت پسندی کے بھارتی دعوؤں کو مودی سرکار کا ڈرامہ قرار دے دیا، سابق وزیراعلیٰ مقبوضہ کشمیر فاروق عبداللہ نے اپنے بیان میں کہا کہ اگر کشمیری پنڈتوں کو دھمکیاں مل رہی ہیں تو باہر سے آئے ہندو افسران کو کیوں نہیں؟ کشمیری پنڈتوں کو نام نہاد دھمکیوں کا معاملہ جموں و کشمیر کی ریاستی حیثیت کو متاثر کرنے کی سازش ہے، مودی سرکار شدت پسندی کے خاتمے کا دعویٰ کرتی ہے تو پھر یہ دھمکیاں کہاں سے آ رہی ہیں؟ فاروق عبداللہ نے کہا کہ لیفٹیننٹ گورنر کے پاس پولیس اور انتظامیہ کے تمام اختیارات ہیں، سکیورٹی پروہ جواب دیں، یہ دھمکیاں کہاں سے آ رہی ہیں؟ میں تو یہ کہتا ہوں کہ یہی لوگ دھمکیاں دے رہے ہیں۔

بقیہ 39

سے بتایا کہ 10 میگا واٹ تک کی بیٹریاں ڈسکوز کے گرڈ اسٹیشن پر انسٹال کرنے کا پلان ہے، ان بیٹریز میں سٹور ہونے والی بجلی کو رات کے وقت میں استعمال میں لایا جائے گا۔ بیٹری انسٹالیشن کیلئے آئندہ دو ہفتوں میں باقاعدہ بڈنگ کی جائے گی، جنوب میں بڑی سستی اضافی بجلی کو بھی بیٹری سٹوریج سے نیشنل گرڈ میں لانے کی تیاری ہے، ڈسٹری بیوشن کے ساتھ ٹرانسمیشن سائیڈ پر بھی بیٹری سٹوریج کا سہارا لیا جائے گا، اس وقت بجلی کی طلب اور رسد میں 4 ہزار میگا واٹ سے زائد کا فرق آ گیا، ایل این جی پر چلنے والے اور پلانٹس بندش سے 7 سے 8 گھنٹوں کی لوڈ شیڈنگ جاری ہے۔ مقامی گیس کے پریشر اور دستیابی بھی ایل این جی پاور پلانٹس کے لیے چیلنج بن گیا، بلز ادائیگی کے باوجود صارفین پہلے ہی ڈسکوز کی نااہلی سیاضافی لوڈ شیڈنگ برداشت کرتے رہے۔ اس وقت پاور سیکٹر کا گردشی قرض 1675 ارب روپے ہے، ریکوری نہ ہونے سے گردشی قرض میں 64 ارب کا اضافہ ہوا ہے۔ کراچی الیکٹرک کیذمے 194 ارب بھی گردشی قرض کا حصہ ہیں۔

بقیہ 40

پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بہادری کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سکیورٹی فورسز کی چوکس نگاہیں اور قربانیاں پاکستان کے لیے ایک مضبوط ڈھال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کو امن اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف ہمسایہ سرزمین کے استعمال کو روکنے کے لیے موثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 41

نے مبینہ طور پر اپنے دو ماہ کے معصوم بچے کو برساتی نالے میں پھینک دیا، جس کے نتیجے میں بچہ جاں بحق ہوگیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچی اور نالے سے بچے کی لاش برآمد کر کے اسے تحصیل ہیڈ کوارٹر (ٹی ایچ کیو) ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بچے کے والدین کو حراست میں لے لیا ہے۔ ابتدائی پوچھ گچھ کے دوران والدین کا موقف سامنے آیا ہے کہ ان کے پہلے سے چھ بچے موجود تھے اور غربت کی وجہ سے مزید بچوں کو پالنا ان کے لیے مشکل ہو چکا تھا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی اور تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 42

قوم سے دعا کی اپیل کی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں بچی کی والدہ آصفہ بی بی نے بتایا کہ آئی سی یو میں بچی زیر علاج ہے، اسے دھویں نے متاثر کیا ہے، بچی پری میچور پیدا ہوئی جس کی وجہ سے کمزور ہے، بچی 6 ماہ 10 دن کی 12 اگست کو پیدا ہوئی، ہماری پہلی اولاد ہے۔ والد وقاص نے کہا کہ بچی کی طبیعت ایک دن بہتر ہوتی ہے دوسرے دن بگڑ جاتی ہے، خون لگوا رہے ہیں لیکن حالت بگڑ رہی ہے۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وارڈ کے تمام بچوں کو گزشتہ شب دیکھ کر آیا ہوں بچے انتہائی نگہداشت والے تھے، جو ابھی زیر علاج ہیں۔ دوسری جانب غیر ملکی خبر رساں ایجنسی سے گفتگو میں بچی کو بچانے والی نرس رضیہ نورین نے کہا انہوں نے دیگر بچوں کو بچانے کی بھی کوشش کی مگر شدید دھوئیں اور آگ کے باعث وہ نرسری میں دوبارہ داخل نہ ہوسکیں، دیگر بچوں کی موت نے انہیں شدید صدمے سے دوچار کیا ہے۔

بقیہ 43

نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف بروقت اور موثر کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی بہادری اور قربانیاں قابل فخر ہیں۔ نائب صدر پیپلز پارٹی نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں امن واستحکام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی خدمات کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 44

خیل نے ملاقات کی ملاقات میں صوبے کی مجموعی سیاسی و سماجی صورتحال، موسیٰ خیل سمیت مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی اقدامات اور عوام کو درپیش مسائل سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے۔ پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ دور دراز علاقوں کو بھی ترقی کے عمل میں شامل کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے سردار بابر خان موسیٰ خیل اور سردار محمد حنیف خان موسیٰ خیل نے وزیر اعلیٰ کو اپنے علاقے کے مختلف عوامی مسائل اور ضروریات سے آگاہ کیا، جن کے حل کے لیے وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کی ہدایت کی ملاقات میں صوبے میں امن و استحکام، عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی عمل کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 45

صادق عمرانی سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران چیئرمین شمس حمزہ زئی نے مزہ نگی ڈیم کے تعمیراتی کام کی سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی وزیر سے مطالبہ کیا کہ منصوبے کو فاسٹ ٹریک بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو اس اہم منصوبے کے ثمرات جلد از جلد حاصل ہو سکیں۔ صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی نے معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اسی وقت مطلوبہ فنڈز جاری کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے محکمے کے متعلقہ کو ہدایت کی کہ منصوبے کے تعمیراتی کام کی مکمل نگرانی کی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ جاری شدہ فنڈز کے موثر اور بروقت استعمال کو یقینی بنایا جائے تاکہ کام کی رفتار میں مزید تیزی لائی جا سکے، انہوں نے کہا کہ فنڈز کے استعمال کے بعد اگلی ریلیز بھی بروقت جاری کی جائے۔

بقیہ 46

کو بہتر بنانے، علاقائی ترقی میں توازن پیدا کرنے اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی موثر بنانے کے لیے نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کی بحث بلوچستان تک بھی پہنچ گئی ہے، جہاں گوادر سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے مکران اور لسبیلہ پر مشتمل الگ صوبے کے قیام کی حمایت کرتے ہوئے اسے علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اہم قرار دیا ہے۔ گوادر کے عوام کا کہنا ہے کہ مکران اور لسبیلہ پر مشتمل الگ صوبہ قائم ہونے سے علاقے میں روزگار کے مواقع بڑھیں گے، گوادر بندرگاہ کی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور خطے میں معاشی و تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔ عوام کے مطابق نئے صوبے یا انتظامی یونٹ کے قیام سے گوادر کے شہریوں کو تعلیم، صحت، کاروبار اور دیگر انتظامی امور کے حوالے سے سہولیات ان کی دہلیز کے قریب میسر آسکیں گی، جبکہ دور دراز علاقوں کے عوام کو سرکاری امور کے لیے طویل سفر کی مشکلات سے بھی نجات مل سکتی ہے۔

بقیہ 47

مالکان کی تفصیلات فراہم نہ کرنے پر 28 ہزار 761 کمپنیوں کو اظہار وجوہ کے نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق ہر رجسٹرڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے الٹی میٹ بینیفیشل اونر یعنی حقیقی یا حتمی مالک کی تفصیلات سالانہ ریٹرن کے وقت فارم 19 کے ذریعے فراہم کرے، حتمی مالک سے مراد وہ فرد ہے جو براہ راست یا کسی دوسری کمپنی یا ادارے کے ذریعے متعلقہ کمپنی کا مالک ہو یا اس پر کنٹرول رکھتا ہو۔ اس میں کمپنی کے کم از کم 25 فیصد حصص یا ووٹنگ حقوق رکھنے والا، یا کسی دوسرے ذریعے سے کمپنی پر موثر کنٹرول رکھنے والا شخص بھی شامل ہے۔

بقیہ 48

کر دیا، 3 ایس ایم جیز، پستول اور دھماکا خیز مواد برآمد ہوا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشت گرد کی جیب سے افغان شناختی کارڈ ملا ہے۔ ہلاک دہشت گردوں کے فرار ہونے والے ساتھیوں کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا۔ علاوہ ازیں داوڑ زئی چوکی وزیر قلعہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو پولیس اہلکار زخمی ہو گئے۔

بقیہ 49

شہروں میں کی گئی کارروائیوں کے دوران اشتہاری ملزمان اور اسمگلروں کو گرفتار کر لیا گیا، تمام ملزمان سے مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔ ایف آئی اے نے ڈی آئی خان میں کارروائی کرتے ہوئے محمد تنویر، شاہد حسین اور عبدالشکور کو گرفتار کیا۔ فیصل آباد سے 13 اشتہاری ملزمان اور اسمگلروں کو گرفتار کیا گیا۔ ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان لوگوں کو بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر بھاری رقوم بٹور کر فرار ہوگئے تھے۔

بقیہ 50

کے فروغ کے لیے سالانہ ایکشن پلان مرتب کیا جائے، آگاہی مہم کو سال بھر جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔ ایکٹ فار نیوٹریشن کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ غذائیت سے متعلق آگاہی مہم کو ایک وقتی سرگرمی نہیں ہونا چاہیے، غذائیت کے فروغ کے لیے سالانہ ایکشن پلان مرتب کیا جائے اور آگاہی مہم کو سال بھر جاری رکھنے کی ضرورت ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ سول سوسائٹی، رائے عامہ بنانے والوں اور صحافتی تنظیموں سے تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی بہتر غذائیت کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ والدین اپنے بچوں کے لیے بہترین فیصلہ کرنا چاہتے ہیں، مگر بعض اوقات غلط معلومات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ والدین کو نقصان دہ گھریلو علاج اور گمراہ کن تجارتی دعوں سے بچانا ضروری ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ والدین کو اس بارے میں آگاہی ہونی چاہیے کہ بچوں کیلئے کب پیشہ ورانہ طبی نگہداشت ضروری ہے، درست معلومات غذائیت سے متعلق فیصلوں کا بنیادی حصہ ہیں۔

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Kachhi Irrigation Division at Dhadar invites sealed tenders on percentage rates based on composite Schedule of Rates, 2026 Government of Balochistan amended up to date for Schedule items from interested eligible contractors/Firms for the work mentioned below.

S #	Name of Work	Estimated Cost (Rs in Million)	Bid Security 3% (Rs in Million)	Tender Fee in Rs.
1	CONSTRUCTION OF WATER CHANNELS DISTRICT KACHHI PSDP# 2785 (2026-27) TSE-2627091186163	50.00	1.50	1500/-
2	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION BUND DISTRICT KACHHI PSDP# 2786 (2026-27) TSE-2627091183573	50.00	1.50	1500/-
3	CONSTRUCTION OF WATER RESERVOIRS TEHSILE BALANARI BHAG DISTRICT KACHHI PSDP# 2787 (2026-27) TSE-2627091186053	45.00	1.35	1500/-
4	CONSTRUCTION OF FLOOD CHANNEL FOR GOTH SHAH BAZO DISTRICT KACHHI PSDP# 2861 (2026-27) TSE-2627091183653	30.00	0.90	1500/-

The Bidding shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority (BPPRA) rules 2014 and in accordance with PEC by Laws. **Basic Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority and FBR Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 30,000,000 PKR Amount for the works at S#1 to 3 and 20,000,000 PKR Amount for work at S#04, in 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm The bidder must submit tender fee of Rs. 1500/- in head of account C-03434 The bidder must Submit Bid Security @ 3% of Estimated Cost PEC Category Code is C-5 and above (Upto 65 million) and Specialized Code is Ce04 Bidder must provide an undertaking on stamp paper attested by 1st class magistrate certifying that all quoted rates, submitted data, and supporting documents are true, correct, complete, and accurate. Any discrepancies may render the bid ineligible Bidder shall provide an undertaking on stamp paper attested by 1st class magistrate that work will be started and executed initially using its own financial resources and the work shall not be suspended or stopped up to at least 50% completion, even in the event that no payment is released during period. Bidder shall provide an undertaking on stamp paper attested by 1st class magistrate the he will be fully responsible for protection and safety of work during the execution In case of damage, loss, from any cause whatsoever, the bidder shall make good and restore the same at its own cost without any claim for extra payment compensation The bidder should provide a bank certificate or statement and undertaking on stamp paper attested by 1st class magistrate that he possesses at least a bank balance of 50% of the estimated cost and will be utilized for the same project. **Method of Procurement:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee or Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank **Tender Documents**: The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents**: Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 23rd September, 2026 till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System **Address:** - Office of the Executive Engineer Kachhi Irrigation Division at Dhadar. **Contact#:**

Phone No. 083-2415200 **Fax No.** 083-2415200 **Email:** sikandarnotani@gmail.com

Executive Engineer, Kachhi Irrigation Division, At Dhadar.

DPRQ/PRQ No.1189/03-09-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan